(۲) وإذا أصبح أى بمنى صلى الفجر بها أى لوقتها المختار ، وهو زمان الإسفار وفي فتاوىٰ =

☆ عرفات جاتے وقت کوئی خاص چیز لے جانے کی ضرورت نہیں، صرف ایک زائد کپڑا کمر میں باندھ لیں تاکہ مزدلفہ میں نماز پڑھنے میں اور بچھا کر بیٹھنے میں سہولت ہو، اور ایک تھیلی لے لیں تاکہ واپسی میں مزدلفہ سے کنکریاں چن کر محفوظ کرنے میں سہولت ہو اور کچھ ضروری رقم ساتھ رکھیں تاکہ ضرورت کے وقت کام آئے۔

☆ عرفہ کا وقوف ۹/ذی الحجہ کو زوال کے بعد سے شروع ہوتا ہے، اس لئے زوال سے پہلے ہی سے پوری تیاری کرلیں تاکہ بعد میں وقت ضائع نہ ہو۔(۱)

☆ وقوف عرفات کے لئے نیت شرط نہیں لیکن مستحب ہے، اس لئے وقوف

= قاضي خان بغلس، فكأنّه قاسه على فجر مزدلفة ، والأكثر على الأوّل فهو الأفضل ، يمكث أى هنيهة و سويعة إلى أن تطلع الشمس أى تشرق على ثبير بفتح مثلثة وكسر موحدة : جبل بمنى محاذاة مسجد الخيف ، على يسار السائر إلى عرفات ، فإذا طلعت أى الشمس توجّه إلى عرفات أى ليكون على وقف السنة مع السكينة ...... والوقار ...... ملبّيًا ...... مهلّلاً مكبرًا ...... داعيًا ذاكرًا...... مصلّيًا على النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم ...... ، ولبّى ساعة فساعة ...... وإن راح قبل طلوع الفجر ...... أو قبل طلوع الشمس أو قبل أداء الفجر جاز أى حجه لا فعله لقوله وأساء .... (إرشاد السارى : (ص: ۲٦۸) ، باب الخطبة ، فصل : في الرواح من منى إلى عرفات ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۴٦ ، ۱۴۷) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل في التوجه من منى إلى عرفات ، ط: إدارة القرآن .

🗁 البحر الرائق : (۳۳۵/۲ ، ۳۳٦) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

(۱) الرابع : الوقت ، أى الزمان وأوّله زوال الشمس يوم عرفة أى حقيقةً وحكمًا ...... وآخره طلوع الفجر الثانى ...... من يوم النحر . (إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : في شرائط صحة الوقور ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۷) باب مناسک عرفات ، فصل : في شرائط صحة الوقوف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 بدائع الصنائع: (۱۲۵/۲ ، ۱۲٦) كتاب الحج، فصل: وأمّا ركن الحج، فشيئان ، ط: سعيد.

Baitul-Ammar

کی نیت کر کے وقوف کرنا بہتر ہے۔(۱)

☆ وقوف کے لئے حیض ونفاس اور جنابت سے پاک ہونا شرط نہیں ہے، ناپاکی کی حالت میں بھی عرفات کا وقوف ہو جاتا ہے۔(۲)

☆ آج کے دن جو لوگ مسجد نمرہ میں جا کر حکومت کی طرف سے مقرر کردہ امام کے پیچھے نمازیں پڑھیں گے وہ تو ظہر اور عصر دونوں نمازیں ظہر کے وقت میں ادا کریں گے۔مگر جو حضرات اپنے اپنے خیموں میں اپنے اپنے اماموں کے پیچھے جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں گے (یا خواتین انفرادی طور پر پڑھیں گی) ان کے لئے دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت میں (اذان اور اقامت کے ساتھ) پڑھنی ضروری ہیں، اگر ظہر کے وقت میں عصر کی نماز پڑھ لیں گے تو ان کی عصر کی نماز نہیں ہوگی۔

اس مسئلہ کا خاص خیال رکھیں، کیونکہ بہت سارے سلفی اور دوسرے مسلک کے لوگ منظّم طریقے سے سب ہی لوگوں کو ایک ہی وقت میں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ جمع کر کے پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں، حنفی حضرات کو ان کی تلقین پر عمل کرنے کی

---

(۱) والقيام والنية فيه أى الوقوف ليست بشرط ولا واجب ، وفى الرد تحته:...... فكل من القيام والنية مستحب. (الدر مع الرد: (۵۰۶/۲) كتاب الحج، مطلب فى الرواح إلى عرفات، ط: سعيد)

🗁 لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰ ، ۲۹۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف ، ط: إدارة القرآن.

(۲) الخامس: كينونته بعرفة فى وقته ...... سواء كان ناويًا ...... أولا ...... محدثًا أو جنبًا ، حائضًا أو نفساء .... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل : فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات، فصل: فى ركن الوقوف، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (۵۰۶/۲ ، ۵۰۷) كتاب الحج ، مطلب فى الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد.

ہرگز اجازت نہیں ہے۔(۱)

☆ آج کل عرفات کی مسجد نمرہ میں ظہر اور عصر کی نماز پڑھانے والے امام مسافر ہوتے ہیں اور ظہر اور عصر کی نمازیں قصر پڑھاتے ہیں، لہٰذا جو حجاج آج کے دن مسافر ہیں وہ تو امام صاحب کے ساتھ ہی سلام پھیر دیں (جن حجاج کے ۷/ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں ۱۵/دن ہوگئے وہ مقیم ہیں اور جن حجاج کے ۷/ذی الحجہ تک پندرہ دن نہیں ہوئے وہ مسافر ہیں) اور جو حجاج مقیم ہیں وہ دونوں نمازوں میں امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی دو رکعتیں پوری کرلیں، اور بقیہ دو رکعتوں میں تھوڑی دیر کھڑے ہو کر رکوع کریں اور قیام کی حالت میں سورۂ فاتحہ یا کوئی سورت نہ پڑھیں۔(۲)

---

(۱) الخامس: الجماعة فيهما وهذا عند أبى حنيفة خلافًا لهما ، فلو صلى الظهر وحده والعصر مع الجماعة، أو بالعكس أو صلاهما وحده أى منفردًا فيهما لايجوز العصر قبل وقته أى عند أبى حنيفة...... ثم حكم الجماعة مع غير الإمام الأكبر أو نائبه كحكم المنفرد لقوله: السادس: الإمام الأعظم أو نائبه، فلو صلى بهم رجل بغير إذن الإمام أى وجمع بينهما لم يجز العصر. (إرشاد السارى: (ص: ۲۸۰، ۲۸۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى شرائط أداء الجمع، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۱، ۱۵۲) باب مناسک عرفات، فصل: فى شرائط جواز الجمع، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (۵۰۵/۲) كتاب الحج، مطلب: فى شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: سعيد.

(۲) وإذا صلى المسافر بالمقيمين ركعتين سلّم وأتم المقيمون صلاتهم كذا فى الهداية ، وصاروا منفردين كالمسبوقين إلّا أنّهم لايقرؤن فى الأصحّ هكذا فى التبيين ، ويستحب للإمام أن يقولوا أتمّوا صلاتكم فإنّا قوم سفر كذا فى الهداية . (الهندية : (۱۴۲/۱) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر : فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

🗁 وصحّ اقتداء المقيم بالمسافر فى الوقت و بعده فإذا أقام المقيم إلى الإتمام لايقرأ ولايسجد للسهو فى الأصحّ ؛ لأنّه كاللاحق .... (الدر مع الرد : (۱۲۹/۲) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق : (۱۳۵/۲) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

☆ جولوگ عرفات میں زوال کے بعد آئیں ان کے لئے سورج غروب ہونے تک عرفات میں رہنا واجب ہے، اگر غروب سے پہلے عرفات کی حدود سے نکلیں گے تو دوبارہ عرفات میں واپس آنا لازم ہوگا ورنہ دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

اور جولوگ ۹/ذی الحجہ کو عرفات میں دن کے وقت حاضر نہ ہوسکیں اور دسویں کی رات میں آکر وقوف کریں تو تھوڑے سے وقت کے رہنے سے بھی یہ واجب ادا ہو جائے گا اور حج بھی ہو جائے گا لیکن زوال کے بعد سے غروب تک وقوف کا جو وقت ہوگا اس سے محروم رہیں گے۔(۲)

☆ وقوف عرفات کا پورا وقت، ذکر، تلبیہ، اور دیگر عبادات میں گزاریں۔(۳)

---

(۱) وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغيب الشمس و وقوف جزء من الليل ...... ، وإن جاوز قبل الغروب فعليه دم إمامًا كان أو غيره ...... ، وإن عاد قبله فدفع بعد الغروب فالصحيح أنّه يسقط . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۰) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف وقدر الواجب فيه ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 شامی : (۵۰۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات، ط: سعيد .

(۲) (قوله: إن وقف نهارًا) أمّا إذا وقف ليلاً فلا واجب فی حقه حتى لو وقف ساعةً لايلزمه شيئ كما فی شرح اللباب ، نعم يكون تاركا واجب الوقوف نهارًا إلى الغروب . (شامی : (۴۶۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف و قدر الواجب فيه ، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) فيقف راكبا وهو الأفضل...... مستقبل القبلة رافعًا يديه بسطًا...... مكبّرًا مهلّلاً ملبيًا حامدًا مصليًا على النّبی صلى اللّٰه عليه وسلم داعيًا أی بالدعوات المأثورة وغيرها ...... مستغفرًا لوالديه وأقاربه وأحبائه أی عمومًا وخصوصًا ، ولجميع المؤمنين والمؤمنات ...... ويجتهد فی الدعاء أی بالتضرع والإلحاح والإكثار والإستغفار ويقوّی الرجاء...... (إرشاد الساری: (ص: ۲۸۲، ۲۸۳) باب الوقوف بعرفة وأحكامه، فصل: فی صفة الوقوف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)=

البتہ جن لوگوں نے مسجد نمرہ کے امام کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی ہیں وہ اب کوئی نماز نہ پڑھیں، اور خیموں میں رہنے والے حضرات ظہر سے عصر کے درمیان جتنی چاہیں نمازیں پڑھ سکتے ہیں۔(۱)

آج کے قیمتی لمحات زندگی کے سب سے قیمتی لمحات ہیں، سستی اور غفلت میں ہرگز ضائع نہ کریں۔(۲)

بعض اوقات غروب سے کافی پہلے ہی ''مکتب'' کے آدمی حاجیوں کو بسوں میں بٹھانا شروع کردیتے ہیں، اس وقت آپ یہ دیکھیں کہ آپ کی بس عرفات کی حدود کے اندر ہے یا نہیں، اگر عرفات کے اندر ہے تو بس میں بیٹھنے میں کوئی قباحت نہیں ہوگی لیکن اس میں بھی ذکر واذکار اور دعا سے غافل نہیں ہونا چاہئے، اور اپنی سیٹوں پر بیٹھے بیٹھے دعا، استغفار، تلبیہ اور اذکار میں مشغول رہیں اور سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نہ نکلیں ورنہ دم دینا لازم ہوگا، اور اگر بس

= 🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۴) باب مناسک عرفات، فسل: فی صفة الوقوف، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد : (۵۰۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

(۱) وكره نفل قصدًا ولو تحية مسجد ...... بعد صلاة فجر و صلاة عصر ولو المجموعة بعرفة . (الدر المختار مع الرد : (۳۷۴/۲ ، ۳۷۵) كتاب الصلاة ، ط: سعيد)

🗁 ومنها ما بعد صلاة العصر قبل التغير...... وبين صلاتی الجمع بعرفة ومزدلفة .... (الهندية: (۵۳/۱) كتاب الصلاة ، الباب الأوّل فی المواقيت وما يتّصل بها ، الفصل الثالث : فی بيان الأوقات الّتی لاتجوز فيها الصلاة وتكره فيها ، ط: رشيديه)

🗁 البحر الرائق : (۲۵۱/۱ ، ۲۵۲) كتاب الصلاة ، ط: سعيد.

(۲) والوقوف مع الغفلة إلاَّ أنّه ليس فيه الإساءة ؛ لأنّ رعک الغفلة خصلة مستحبة فكراهته تنزيهية . (إرشاد الساری : (ص: ۲۹۴) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، وأمّا مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۶۰ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف و قدر الواجب فيه ...... ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية: (۲۲۹/۱) كتاب المناسک، الباب الخامس: فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

Baitul-Ammar

عرفات کی حدود سے باہر ہے تو غروب سے پہلے عرفات سے باہر جانے کی وجہ سے دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

☆ غروب ہونے اور رات آجانے کے باوجود عرفات میں مغرب کی نماز ادا نہیں کی جائے گی بلکہ مزدلفہ میں جا کر مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی جائے گی۔(۲)

عرفات میں تلبیہ پڑھنا

عرفات میں بھی تلبیہ پڑھیں، لیکن زیادہ بلند آواز سے نہیں تاکہ دوسروں کو تکلیف نہ ہو۔(۳)

عرفات میں جانے کے لئے پاک ہونا شرط نہیں

عورت کے لئے جانے کے لئے حیض ونفاس سے پاک ہونا شرط نہیں ہے،

---

(۱) انظر الحاشیة السابقة، رقم: ۱، علی الصفحة السابقة، رقم: ۱۶۹ .

(۲) وصلی العشائین بأذان وإقامة...... ولو صلی المغرب أو العشاء فی الطریق أو فی عرفات أعاده للحدیث " الصلاة أمامک " فتوقتتا بالزمان والمکان والوقت، فالزمان لیلة النحر، والمکان مزدلفة والوقت وقت العشاء .... (الدر المختار: (۲/۵۰۹) کتاب الحج، ط: سعید)

الهندیة: (۱/۲۳۰) کتاب المناسک، الباب الخامس: فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه .

إرشاد الساری: (ص: ۳۰۴) باب أحکام المزدلفة، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة .

(۳) ولایفرط فی الجهر بصوته أی فی التلبیة بحیث یتعب نفسه، وأمّا الأدعیة والأذکار فبالخفیة أولیٰ .... (إرشاد الساری: (ص: ۲۸۳) باب الوقوف بعرفات وأحکامه، فصل: فی صفة الوقوف، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۱۵۴) باب مناسک عرفات، فصل: فی صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد: (۲/۵۰۷) کتاب الحج، مطلب فی الرواح إلی عرفات، قبیل: مطلب الثناء علی الکریم دعاء، ط: سعید .

البتہ وہاں نماز نہیں پڑھے گی، تلبیہ، دعا اور ذکر واذکار میں وقت گزارے گی۔(۱)

عرفات میں جمع

☆ عرفات میں نویں تاریخ کو ظہر وعصر، ظہر کے وقت میں ایک اذان اور دو تکبیروں کے ساتھ اکٹھی پڑھی جاتی ہیں ان کے جمع کرنے میں مقیم اور مسافر دونوں برابر ہیں خواہ مکہ مکرمہ سے باہر کے رہنے والے ہوں یا مکہ مکرمہ میں مقیم ہوں۔(۲)

☆ جب امام مسجد نمرہ میں خطبہ سے فارغ ہو جائے تو مؤذن تکبیر کہے اور ظہر کی نماز پڑھائے، اس کے بعد پھر دوسری تکبیر کہنے کے بعد عصر کی نماز پڑھائے، دونوں نمازوں میں قراءت آہستہ پڑھے، زور سے نہ پڑھے۔(۳)

---

(۱) ووقوف الحائض والجنب ولم یصل الصلاتین یجزیه ولایلزمه شیئ . (الهندیة: (۱/۲۲۹) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه)

الدر مع الرد: (۲/۵۰۶) کتاب الحج، مطلب فی الرواح إلی عرفات، ط: سعید .

غنیة الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات، فصل: فی رکن الوقوف......، ط: إدارة القرآن.

(۲) وهذا الجمع سنة اتّفاقًا، وهو للنسک عندنا، فیستوی فیه المقیم والمسافر...... (غنیة الناسک: (ص: ۱۵۱) باب مناسک عرفات، فصل: فی الجمع بین الصلاتین بعرفة، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری: (ص: ۲۷۱) باب الوقوف بعرفات وأحکامه، فصل: فی الجمع بین الصلاتین بعرفة، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة .

بدائع الصنائع: (۲/۱۵۲) کتاب الحج، فصل: وأمّا بیان سنن الحج و بیان الترتیب فی أفعاله، ط: سعید.

(۳) فإذا فرغ أی المؤذن قام الإمام فخطب خطبتین قائمًا...... ثم یدعو اللّٰه تعالیٰ أی له ولعامة المسلمین وینزل ویقیم المؤذن، فیصلی بهم الإمام، أی لا غیره، الظهر، ثم یقیم فیصلی بهم العصر فی وقت الظهر، وهو المسمّی بجمع التقدیم، والحاصل أنّه یصلّی بهم الظهر والعصر فی وقت واحد، وهو الظهر...... بأذان واحد وإقامتین...... ویسر الإمام وجوبًا القراءة فی الصلاتین أی علی أصلهما عند الأربعة، ولا یجهر فیهما البتة. (إرشاد الساری: (ص: ۲۷۳، ۲۷۴) باب الوقوف بعرفات وأحکامه، فصل: فی الجمع بین الصلاتین بعرفة، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۱۵۰) باب مناسک عرفات، فصل: فی الجمع بین الصلاتین، ط: إدارة القرآن.

بدائع الصنائع: (۲/۱۵۲) کتاب الحج، فصل: وأمّا بیان سنن الحج وبیان الترتیب فی أفعاله، ط: سعید.

Baitul-Ammar

نیز خطبہ ان نمازوں سے پہلے سنت ہے، شرط نہیں ہے۔(۱)

ظہر کے فرضوں کے بعد تکبیر تشریق تو کہہ لے لیکن سنت مؤکدہ یا نفل نہ پڑھے اور عصر کی نماز کے بعد بھی ظہر کے نفل یا سنت نہ پڑھے۔(۲)

نیز دونوں نمازوں کے درمیان اور کوئی کام کرنا، کھانا پینا وغیرہ مکروہ ہے۔(۳)

☆ اگر امام مقیم ہو تو عرفہ میں دونوں نمازیں پوری پڑھائے اور مقتدی بھی پوری پڑھیں خواہ مقیم ہوں یا مسافر، اور اگر امام مسافر ہے تو قصر کرے اگر مقیم امام قصر کرے گا تو امام اور مقتدی دونوں کی نماز نہیں ہوگی۔(۴)

---

(۱) وأمّا سننه : فالغسل للوقوف ، والخطبتان ، وكونهما بعد الزوال قبل الصلاة ، .... (غنية الناسک: (ص: ۱۶۰) باب مناسک عرفات، فصل: فی رکن الوقوف ...... ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، وأمّا سننه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر المختار مع الرد: (۲/۵۰۴) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

(۲،۳) ويكره للإمام والمأموم أن يتطوع بينهما ...... قال الشارح رحمه اللّٰه تعالىٰ : وأمّا ما ذكره فی الذخيرة، والمحيط ، والكافی ، بأنّه لا يتطوع بينهما غير سنة الظهر ، فغير صحيح ، وفی البحر: لا يصلی سنة الظهر البعدية وهو الصحيح . قال فی البدائع : لأنّ النّبی صلی اللّٰه عليه وسلم لم يتنفل قبلهما ولا بعدهما مع حرصه على النوافل ، أو يشغل بشيئ آخر كأكل و شرب وكلام و غير ذلک سوی تكبير التشريق هنا . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۰) باب مناسک عرفات ، فصل: فی الجمع بين الصلاتين ، ط: إدارة القرآن)

🗁 شامی: (۲/۵۰۴) كتاب الحج، قبيل: مطلب: فی شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: سعيد)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی الجمع بين الصلاتين بعرفة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

(۴) ثم إن كان الإمام مقيمًا أتمّ الصلاة وأتمّ معه المسافرون أيضًا أی وكذا المقيمون ، وإن كان أی الإمام مسافرًا قصر بالتخفيف ، لكون القصر واجبًا على المسافر ، فلو أتمّه أساء ، وأتمّ المقيمون أی بعد سلام الإمام إذ يحرم قيام المأموم قبل السلام ، فإذا سلم قال لهم أی لأجل المقيمين : أتمّوا صلاتكم يا أهل مكّة ...... فإنّا قوم سفر بفتح فسكون ...... والحاصل أنّ الإمام إن كان مقيمًا فلايجوز القصر للمسافرين والمقيمين، وإن كان مسافرًا فلايجوز القصر للمقيمين، ولايجوز للمقيم أی ولو كان إمامًا أن يقصر الصلاة أی لاختصاص القصر بالمسافر إجماعًا...... =

عرفات میں زوال کے بعد پہنچنا

☆ عرفات کے میدان میں زوال سے آفتاب غروب ہونے تک وقوف واجب ہے، اگر کوئی شخص اپنی غفلت اور سستی یا کسی عذر مثلاً گاڑی نہ ملنے یا راستہ بھول جانے کی وجہ سے غروب سے کچھ قبل عرفات پہنچے اور غروب کے بعد میدان سے نکل جائے تو اس کا وقوف ہو جائے گا دم واجب نہیں ہوگا۔(۱)

عرفات میں ظہر اور عصر جمع کرنے کی شرط

☆ مسجد نمرہ کے امام کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں جمع کرنا (اکٹھا کرنا) جائز ہے مگر اس کے لئے چند شرائط ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ: قصر صرف مسافر امام کر سکتا ہے، اگر امام مقیم ہے تو اس کو پوری نماز پڑھنی ہوگی، قصر کرنے سے نماز نہیں ہوگی۔(۲)

☆ یہ بات مشہور ہے کہ مسجد نمرہ کے امام ریاض سے آتے ہیں اگر یہ بات

= ولا للمسافر أی يقتدی به أی بالمقيم إن قصر ، أی لعدم صحة صلاته بالقصر .... (إرشاد الساری : (ص: ۲۷۶) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی الجمع بين الصلاتين بعرفة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۰) باب مناسک عرفات ، فصل : فی الجمع بين الصلاتين بعرفة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی: (۲/۵۰۵) كتاب الحج، مطلب: فی شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: سعيد.

(۱) وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغيب الشمس، و وقوف جزء من الليل، ...... وإن وقف ليلاً فلا واجب فيه. (غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات وأحكامه، فصل: فی ركن الوقوف وقدر الواجب فيه، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 شامی : (۲/۴۶۸) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد.

(۲) انظر الی الحاشية رقم: ۴، فی الصفحة رقم: ۱۷۳ . (ثم إن كان الإمام مقيمًا أتمّ الصلاة).

Baitul-Ammar

درست ہے تو حنفیوں کے لئے ان کی اقتداء میں نماز پڑھنا صحیح ہوگا اور اگر امام مقیم ہونے کے باوجود قصر کرتے ہیں تو ان کی اقتداء میں مسافر حنفی حاجیوں کی نماز صحیح نہیں ہوگی۔(۱)

☆ عرفات میں ظہر اور عصر جمع کرنے کے لئے امام اکبر کے ساتھ جو مسجد نمرہ میں ظہر وعصر کی نماز پڑھاتا ہے اس جماعت میں شرکت شرط ہے لہذا جو لوگ مسجد نمرہ کی ظہر وعصر کی دونوں نمازوں یا کسی ایک کی جماعت میں شریک نہ ہوں ان کے لئے ظہر وعصر کو اپنے اپنے وقت پر پڑھنا لازم ہے، خواہ جماعت کرائیں یا اکیلے اکیلے نماز پڑھیں ان کے لئے ظہر وعصر کو جمع کرنا جائز نہیں۔(۲)

عرفات میں غروب کے بعد پہنچا

☆ عرفات کے میدان میں گاڑی نہ ملنے، یا راستہ بھول جانے کی وجہ سے کوئی شخص نویں ذی الحجہ کے غروب تک بھی نہ پہنچ سکے اور غروب کے بعد دسویں کی صبح صادق سے پہلے بھی پہنچ جائے تو فرض وقوف ادا ہو جائے گا اور عذر کی وجہ سے نویں ذی الحجہ کی غروب تک واجب وقوف نہ کرنے کی وجہ سے دم دینا لازم نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) انظر الى الحاشية رقم: ۴، فى الصفحة رقم: ۱۷۳. (ثم إن كان الإمام مقيمًا أتمّ الصلاة).

(۲) الخامس: الجماعة فيهما وهذا عند أبى حنيفة خلافًا لهما، فلو صلى الظهر وحده والعصر مع الجماعة، أو بالعكس أو صلاهما وحده أى منفردًا فيهما لايجوز العصر قبل وقته أى عند أبى حنيفة...... ثم حكم الجماعة مع غير الإمام الأكبر أو نائبه كحكم المنفرد لقوله: السادس: الإمام الأعظم أو نائبه، فلو صلى بهم رجل بغير إذن الإمام أى وجمع بينهما لم يجز العصر. (إرشاد السارى: (ص: ۲۸۰، ۲۸۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى شرائط أداء الجمع، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۵۱، ۱۵۲) باب مناسک عرفات، فصل: فى شرائط جواز الجمع، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/۵۰۵) كتاب الحج، مطلب: فى شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: سعيد.

(۳) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة السابقة، رقم: ۱۷۴.

اور اگر اپنی غفلت یا مخلوق کی طرف سے عذر کی وجہ سے تاخیر ہوئی تو بھی دم واجب نہیں ہوگا۔

☆ اگر کسی شخص کو کسی مجبوری کی وجہ سے نویں ذی الحجہ کی زوال سے مغرب تک وقوف عرفہ کا موقع نہیں ملا تو وہ غروب آفتاب کے بعد دسویں ذی الحجہ کی رات میں صبح صادق سے پہلے پہلے بھی وقوف کرے تو فرض ادا ہو جائے گا۔(۱)

عرفات میں قصر ہے یا نہیں

عرفات میں قصر صرف مسافر کے لئے ہے مقیم پوری نماز پڑھے گا، سعودی حکومت حنبلی ہے، ان کے نزدیک ہر حال میں قصر ہے، امام خواہ مقیم ہو یا مسافر، قصر ہی کرے گا لیکن ہمارے نزدیک فرق ہے، اگر مسافر ہے یعنی ۷/ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں پندرہ دن مکمل نہیں ہوئے تو منی عرفات اور مزدلفہ میں مسافر ہوگا، اکیلا فرض پڑھ رہا ہے یا امام بن کر پڑھا رہا ہے ان دونوں صورتوں میں قصر کرے گا، اور اگر ۷/ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں پندرہ دن ہو چکے ہیں تو مقیم ہے، منی، عرفات اور مزدلفہ میں پوری نماز پڑھے گا۔(۲)

---

(۱) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة السابقة، رقم: ۱۷۴.

(۲) ذكر فى المناسک أنّ الحاج إذا دخل أيّام العشر مكّة، ونوى الإقامة خمسة عشر يومًا، أو دخل قبل أيّام العشر لكن بقى إلى يوم التروية أقلّ من خمسة عشر ونوى الإقامة لايصح؛ لأنّه لا بدّ له من الخروج إلى عرفات، فلايتحقق منه نية الإقامة خمسة عشر يومًا...... هذا، وأصل المسئلة على ما فى المتون وعلى ماصرّح به قاضى خان: من أنّ الكوفى إذا نوى الإقامة بمكّة ومنى خمسة عشر يومًا، لم يصر مقيمًا؛ لأنّه لم ينو الإقامة فى أحدهما خمسة عشر يومًا، فمفهوم هذه المسئلة أنّه لو نوى فى إحداهما خمسة عشر يومًا صار مقيمًا، فحينئذٍ المسافر إذا دخل مكة، واستوطن بها أو أراد الإقامة فيها شهرًا مثلاً، فلا شک أنّه يصير مقيمًا ولايضرّه حينئذٍ خروجه إلى منى و عرفات، ولا تنتقض إقامته. (إرشاد السارى: (ص: ۲۷۶، ۲۷۸) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

الهندية: (۱/۱۴۰) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر: فى صلاة المسافر، ط: رشيديه. =

Baitul-Ammar

عرفات میں کب تک رہے

میدان عرفات میں غروب آفتاب تک رہنا واجب ہے، اگر سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے واپس چلا گیا اور حدود سے نکل گیا اور دوبارہ عرفات کی حدود میں واپس نہیں آیا تو ایک دم دینا لازم ہوگا۔

اور اگر دوبارہ عرفات کی حدود میں واپس آ گیا اور غروب آفتاب کے بعد نکلا تو اس صورت میں دم ساقط ہو جائے گا۔(۱)

عرفات میں کیا پڑھے

ایک روایت میں آیا ہے کہ جو مسلمان میدان عرفات میں زوال کے بعد وقوف کرے اور قبلہ رخ ہو کر سو مرتبہ پڑھے:

لاَ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَه، لا شَـرِيْکَ لَـه، لَـهُ الْـمُلْکُ وَلَـهُ الْـحَـمْـدُ وَهُـوَ عَـلٰـى كُـلِّ شَـيْءٍ قَـدِيْـرٌ

پھر سو مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَد'' پوری سورت۔

= الدر مع الرد : (۱۲٦/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعید .

انظر الحاشية السابقة ، رقم : ۲ ، ۴ ، ۵ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۳ ۳ أيضًا.

(۱) وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغيب الشمس و وقوف جزء من الليل ...... ، فإذا وقف نهارًا و دفع قبل الغروب ، فإن جاوز حدود عرفة بعد الغروب مع الإمام أو قبله فلا شيئ عليه ، إن جاوز قبل الغروب فعليه دم إمامًا كان أو غيره......، فإن لم يعد أو عاد بعد الغروب لايسقط عنها الدم فى ظاهر الرواية وعليه الجمهور ، وإن عاد قبله فدفع بعد الغروب فالصحيح أنّه يسقط . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ، ۱٦۰) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف وقدر الواجب فيه ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۵۰۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فى الرواح إلى عرفات، ط: سعيد .

پھر سو مرتبہ نماز والا درود شریف (درود ابراہیمی) پڑھے۔

تو باری تعالی فرماتے ہیں ''میرے فرشتو! کیا جزاء ہے ہر اس بندے کی کہ جس نے میری تسبیح وتہلیل کی اور بڑائی وعظمت کی اور ثناء کی، اور میرے نبی پر درود بھیجا، میں نے اس کو بخش دیا اور اس کی شفاعت کو اس کے نفس کے بارے میں قبول کیا، اور اگر میرا بندہ اہل موقف کی بھی شفاعت کرے گا تو قبول کروں گا، اور جو دعا چاہے مانگے۔(۱)

عرفات میں کیا تصور ہونا چاہئے

عرفات کے میدان میں حجاج کرام کی کثرت کو دیکھ کر میدان حشر کے دن کا تصور کرے کہ یہ اس کا نمونہ ہے، اور اپنی دینی حالت درست کرنے کی فکر میں لگا رہے، اپنی ہر عبادت اللہ تعالی کے لطف وکرم سے قبول ہونے کی پکی امید رکھے، اللہ تعالی کی ذات سے یہ امید رکھے کہ جب دنیا میں اس نے اپنے مکان کی زیارت نصیب فرمائی ہے اور وقوف عرفہ کی سعادت بخشی ہے تو آخرت میں بھی اپنے دیدار سے محروم نہیں فرمائے گا، ہر مقام پر اس یقین کے ساتھ دعا کرے کہ اللہ تعالی سننے والا قبول کرنے والا ہے، وہ بڑا کریم ہے اور اس کے کرم کا ہر شخص کو امیدوار رہنا

(۱) وأخرج البيهقى فى " شعب الإيمان " عن جابر بن عبد الله قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ما من مسلم يقف عشية عرفة بالموقف فيستقبل القبلة بوجهه ثم يقول : لا إلٰه إلّا اللّٰه وحده لا شريک له ، له الملک ، وله الحمد ، وهو علىٰ كل شيئ قدير ، مئة مرة ، ثم يقرأ ، قل هو اللّٰه أحد ، مئة مرّة ، ثم يقول : اللّٰهم صل على محمد و على آل محمد كما صليت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم إنّک حميد مجيد وعلينا معهم ، مئة مرّة ، إلّا قال اللّٰه تعالىٰ : يا ملائكتى ، ماجزاء عبدى هٰذا ، سبّحنى ، وهلّلنى ، وكبّرنى ، وعظمنى ، وعرفنى وأثنى علىّ ، وصلى على نبيّى ، أشهدوا يا ملائكتى ، أنّى قد غفرت له ، وشفعته فى نفسه ، ولو سألنى عبدى لشفعته فى أهل الموقف . (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۴ ، ۲۸۵) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل : فى شرائط الجمع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

مجموعة رسائل ابن عابدين: (۳۵۱/۲) بغية الناسک فى أدعية المناسک، ط: عالم الكتب)

Baitul-Ammar

چاہئے۔(۱)

مگر اس امید میں گھمنڈ کا شائبہ ہرگز نہ آئے بلکہ اپنے گناہوں سے ڈرتا رہے اور اپنے اعمال کے قصور کی وجہ سے اسی کا مستحق سمجھے کہ قابل قبول نہیں ہیں۔

''حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عقلمند شخص وہ ہے جو اپنے نفس سے حساب کرتا رہے اور آخرت کے لئے عمل کرتا رہے، اور عاجز و بے وقوف ہے وہ شخص جو اپنے نفس کو خواہشوں کی طرف لگائے اور اپنی آرزؤں کے پورا ہونے کی امیدیں باندھے رہے''۔(۲)

لیکن اس سب کے باوجود اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کا امیدوار بھی رہنا چاہئے کہ ان کا فضل وکرم ہمارے گناہوں سے کہیں زیادہ ہے۔

''عرفات'' نام رکھنے کی وجہ

''میدان عرفات'' کو عرفات اس لیے کہتے ہیں کہ عرفہ کے معنی پہچاننے کے ہیں، حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام جنت سے زمین پر اترے تو دونوں ایک دوسرے سے دور تھے، بالآخر اس میدان میں پہنچ کر انہوں نے ایک

(۱) ویجتهد بالدعاء أی بالتضرّع والإلحاح والإكثار والإستغفار ،و يقوّى الرجاء أى بغلبة الظّن لرجاء الإجابة وقبول الحجّ . (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۳) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فى صفة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص ۱۵۴) باب مناسک عرفات، فصل: فى صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن.

شامى : (۲/۵۰۷) كتاب الحج ، قبيل مطلب : الثناء الكريم دعاء ، ط: سعيد .

(۲) عن أبى يعلى شداد بن أوس قال : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : الكيس من دان نفسه و عمل لما بعد الموت ، والعاجز من أتبع نفسه هواها ثم تمنّى على اللّٰه . (سنن ابن ماجه : (ص: ۳۱۴) أبواب الزهد ، باب ذكر الموت والاستعداد له ، ط: قديمى)

جامع الترمذى : (۲/۵۲۴) أبوب صفة القيامة ، باب ، ط: رحمانيه .

مسند أحمد بن حنبل : (۴/۱۲۴) رقم الحديث : ۱۷۱۶۴ ، حديث شداد ابن أوس رضى اللّٰه عنه ، ط: مؤسّسة قرطبة .

دوسرے کو پہچانا اسی مناسبت سے اس جگہ کو ''عرفات'' کہتے ہیں۔

دوسری وجہ یہ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حج کے احکام سکھا دیئے، اور یہاں آکر پوچھا ''**ھل عرفت؟**'' کیا آپ نے متعلقہ احکام کو پہچان لیا؟ آپ علیہ السلام نے ''ہاں'' میں جواب دیا، اس لئے اس میدان کو ''عرفات'' کہتے ہیں۔

ایک وجہ یہ بھی ہے کہ یہاں پر لوگ اپنے اپنے گناہوں کا اعتراف کر کے توبہ کرتے ہیں، اس لئے اس کو ''عرفات'' کہا جاتا ہے۔(۱)

عضو پر رومال یا ٹیشو لپیٹنا

''رومال عضو پر لپیٹنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۶۶)

عضو ٹوٹ گیا

اگر احرام کے دوران کوئی عضو ٹوٹ جائے تو اس کو باندھنا جائز ہے۔(۲)

(۱) وسميت عرفات بهٰذا الإسم ، إمّا لأنّها وصفت لإبراهيم عليه الصلاة والسلام، فلما بصرها عرفها، أو لأنّ جبرئيل عليه السلام حين كان يدور به فى المشاعر أراه إيّاه، فقال: عرفت؟ أو لأنّ آدم عليه الصلاة والسلام هبط من الجنّه بأرض الهند، وحواء بجدة فالتقيا ثمة، فتعارفا، أو لأنّ النّاس يتعارفون بها، أو لأنّ إبراهيم عليه الصلاة والسلام عرف حقيقة رؤياه فى ذبح ولده ثمة، أو لأنّ الخلق يعترفون بذنوبهم، أو لأنّ فيها جبالا، والجبال هى الأعراف، وكل عال فهو عرف. (عمدة القارى شرح صحيح البخارى: ۱۰/۶ ، كتاب الحج، باب الوقوف بعرفة، ط: ادار الكتب العلمية، بيروت)

البحر العميق : (۳/۱۵۰۰) الباب الحادى عشر : فى الخروج من مكّة إلى منى ثم عرفة ، فصل : الوقوف بعرفة ، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة .

الدر المختار مع الرد: (۲/۴۶۷) كتاب الحج، مطلب فى فروض الحج و واجباته، ط: سعيد.

(۲) وجبر المكسور و تعصيبه بخرقة ، وكذا اتغطيته إذا لم يكن رأسه و وجهه . (غنية الناسک: (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل : فى مباحات الإحرام ،ط : إدارة القرآن)

إرشاد السارى: (ص: ۱۷۳) باب الإحرام، فصل: فى مباحاته، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

الدر مع الرد : (۲/۴۹۱) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، قبيل : مطلب فى حديث ''أفضل الحج العج والثجّ'' ، ط: سعيد.

Baitul-Ammar

عطر کی دکان میں بیٹھنا

احرام کی حالت میں عطر کی دکان میں بیٹھنا اور دوکاندار کے ساتھ مصافحہ کرنا جائز ہے، بشرطیکہ اس سے محرِم کے بدن پر خوشبو کی ذات یعنی عطر وغیرہ نہ لگے، اور اگر عطر وغیرہ اس کو لگ جائے تو زیادہ لگنے سے دم اور معمولی مقدار میں لگ جائے تو صدقہ واجب ہوگا۔(۱)

عطر والے کی دوکان

احرام کی حالت میں عطر والے کی دکان میں بیٹھنا منع نہیں، البتہ عطر سونگھنے کی نیت سے بیٹھنا مکروہ ہے، لیکن اس سے دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۲)

عمرہ

''عمرہ'' کا معنی عربی لغت میں ہے: کسی آباد جگہ کا ارادہ کرنا۔

اور شریعت کی زبان میں عمرہ کہتے ہیں: حل یا میقات سے یا میقات سے پہلے اپنے گھر یا ائیر پورٹ سے احرام باندھ کر بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی

(۱، ۲) وشم الطيب ومسه إن لم يلتزق ، وشم الريحان والثمار الطيبة وكل نبات له رائحة طيبة ، والجلوس فى دكان عطار لاشتمام الرائحة .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۷۰) باب الإحرام ، فصل : فى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۱) باب الإحرام ، فصل فى مكروهات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 بدائع الصنائع : (۲/ ۱۹۱) كتاب الحج ، فصل : وأمّا الّذى يرجع إلى الطيب ، ط: سعيد .

🗁 ولو مس طيبًا فلزق به مقدار عضو كامل وجب الدم سواء قصد التطيب أو لم يقصد، وإن كان أقلّ من ذلک فصدقة، وإن لم يلزق به فلا شيئ عليه. (الهندية: (۱/ ۲۴۱) كتاب المناسک، الباب الثامن: فى الجنايات، الفصل الأوّل: فيما يجب بالتطيب والتدهّن، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (۲/ ۵۴۶) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۴۴۱ ، ۴۴۲ ، ۴۴۳) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثانى : فى الطيب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

کرنا، عمرہ کو حج اصغر بھی کہتے ہیں۔(۱)

عمرہ ادا کیا حیض کی حالت میں

''حیض کی حالت میں عمرہ ادا کرنے کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲۴۶)

عمرہ افضل ہے یا طواف

''طواف افضل ہے یا عمرہ؟'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۵۱)

عمرہ اور حج میں فرق

☆ عمرہ سنت یا واجب ہونے کی شرائط حج کی مانند ہیں، اور اس کے احرام کے احکام بھی حج کے احرام کی مانند ہیں، جو چیزیں حج کے احرام میں حرام، مکروہ، مسنون اور مباح ہیں وہی عمرہ کے احرام میں بھی حرام، مکروہ، مسنون اور مباح ہیں، البتہ حج اور عمرہ میں ان امور میں فرق ہے۔

① حج کے لئے ایک خاص وقت معین ہے، عمرہ کے لئے خاص وقت متعین نہیں، صرف پانچ دن یعنی ۹/ ذی الحجہ سے ۱۳/ ذی الحجہ کے علاوہ باقی پورے سال عمرہ کرنا درست ہے، اور ۹/ ذی الحجہ سے ۱۳/ ذی الحجہ تک عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

---

(۱) والعمرة فى اللغة : الزيارة ، يقال اعتمر فهو معتمر أى زار و قصد ، وقيل : إنّها مشقة من عمارة المسجد الحرام ، وفى الشرع : العمرة زيارة البيت الحرام بشروط مخصوصة ، ذكرت فى كتب الفقه . (عمدة القارى شرح صحيح البخارى : (۱۰/ ۱۵۱) أبوب العمرة ، وجوب العمرة وفضلها ، ط: دار الكتب العلمية)

🗁 فتح البارى بشرح صحيح البخارى: (۳/ ۸۰۱) كتاب العمرة، باب العمرة، وجوب العمرة وفضلها، ط: مكتبة الرشد.

🗁 الهندية: (۱/ ۲۳۷) كتاب المناسک : الباب السادس : فى العمرة ، ط: رشيديه .

🗁 العمرة وتسمّى الحج الأصغر...... (غنية الناسک: (ص: ۱۹۶) باب العمرة، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۲۵۲) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

Baitul-Ammar

② حج فرض ہے، عمرہ فرض نہیں۔

③ حج فوت ہوجاتا ہے، عمرہ فوت نہیں ہوتا۔

④ حج میں وقوف عرفہ، وقوف مزدلفہ، نمازوں کا اکٹھا پڑھنا اور خطبہ ہے، عمرہ میں یہ چیزیں نہیں ہیں۔

⑤ حج میں طواف قدوم اور طواف وداع ہوتا ہے، عمرہ میں یہ دونوں نہیں ہوتے۔

⑥ عمرہ فاسد کرنے سے یا جنابت کی حالت میں طواف کرنے سے بکری ذبح کرنی کافی ہے اور حج میں کافی نہیں۔

⑦ آفاقی کے علاوہ باقی تمام لوگوں کے لئے عمرہ کی میقات ''حل'' ہے، مکہ والے حج کا احرام حرم شریف میں باندھتے ہیں، اور آفاقی جب میقات سے باہر سے آئے، اور عمرہ کا ارادہ ہو تو اپنی میقات سے احرام باندھ کر آئے۔

⑧ عمرہ میں طواف شروع کرتے وقت تلبیہ بند کیا جاتا ہے اور حج میں جمرہ عقبہ یعنی بڑے شیطان کی رمی شروع کرتے وقت تلبیہ موقوف کیا جاتا ہے۔(۱)

---

(۱) وهى لاتخالف الحج إلّا فى أمور ، الأوّل منها : أنّها ليست بفرض ، الثانى : أنّه ليس لها وقت معين ، بل جميع السنة وقت لها ...... الثالث : أنّها لاتفوت ، الرابع : ليس فيها وقوف بعرفة ولا مزدلفة ولا رمى ولا جمع ولا خطبة ، الخامس : ليس لها طواف القدوم ، السادس : لايجب بعدها طواف الصدر ، السابع : لاتجب بدنة بإفسادها ، بل تجب شاة ، الثامن : عدم وجوب البدنة بطوافها جنبًا أو حائضًا أو نفساء ، التاسع : أنّ ميقاتها الحل لجميع النّاس بخلاف الحج ، فإنّ ميقاته لأهل مكّة الحرم ، العاشر : أنّه يقطع التلبية عند الشروع فى طوافها ، الحادى عشر : لامدخل للصدقة بالجناية فى طوافها . (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۶۵۳ ، ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : (۱/۶۸۷ ، ۶۸۸) كتاب الحج ، مبحث العمرة ، واجباتها ، وسننها ، ومفسداتها ، ط: دار الفكر .

عمرہ ایک نظر میں

عمرہ حج اصغر یعنی چھوٹا حج ہے، جو حج کے پانچ دن ۹/ذی الحجہ سے ۱۳/ذی الحجہ کے علاوہ باقی ہر مہینہ ہر دن ہر رات ہوسکتا ہے، اس کے لئے کوئی مہینہ، کوئی تاریخ اور کوئی دن مقرر نہیں ہے، جب اور جس وقت چاہیں آفاقی میقات یا میقات سے پہلے سے اور میقات کے اندر رہنے والے حدود حرم سے باہر ''حل'' سے احرام باندھیں، اور احرام کے محرمات اور مکروہات سے بچیں، اور مکہ مکرمہ میں انہی آداب واحترام کو ملحوظ رکھ کر مسجد حرام میں ''باب السلام'' یا ''باب العمرۃ'' سے یا جس گیٹ سے بھی موقع ہو داخل ہوں، اور اضطباع یعنی صرف مرد حضرات احرام کی چادر کو داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال کر طواف کریں، اور جب پہلی بار حجر اسود کے برابر آئیں، تو حجر اسود سے معمولی بائیں جانب کھڑے ہوکر طواف کرنے کی نیت کریں پھر اس کے بعد بالکل حجر اسود کے برابر میں آجائیں، اور حجر اسود کے سامنے مکمل کھڑے ہوکر دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں تک اٹھاتے ہوئے ''بِسْمِ اللّٰهِ أَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ'' کہیں پھر اس کے بعد حجر اسود کا استلام کریں یعنی دونوں ہاتھوں کو حجر اسود کے برابر اٹھائیں اور ہتھیلیاں حجر اسود کی طرف ہوں اور ہاتھ کی پیٹھ اپنے سینے کی طرف اور یہ کہے ''أَللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰي رَسُوْلِ اللّٰهِ'' اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سرے کو چوم لے پھر دائیں طرف مُڑ کر بیت اللہ کو بائیں جانب لے کر طواف شروع کرے، اور جب پہلی بار طواف کرنے کے لئے حجر اسود کے برابر کھڑا ہو تو جو تلبیہ احرام باندھتے وقت شروع کیا تھا وہ بند کردے، اور صرف مرد حضرات اگر بھیڑ نہ ہو اور چلنے میں کوئی دشواری نہ ہو تو طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کریں یعنی اکڑ کر شانہ ہلاتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر ذرا تیزی سے چلیں، اور اگر ہجوم زیادہ ہے اور رمل کرنے میں دشواری ہے تو جیسے موقع ہو طواف کرے، اور ہر چکر مکمل ہونے کے بعد حجر اسود کے سامنے کھڑے ہوکر استلام کرے پھر دوسرا چکر شروع کرے، اس طرح

Baitul-Ammar

سات چکر مکمل ہونے کے بعد آٹھویں دفعہ بھی حجر اسود کا استلام کرے اور طواف مکمل ہونے کے بعد اگر جگہ ملے تو ملتزم میں دعا کرے پھر اس کے بعد مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے دو رکعت نماز پڑھے اور اگر یہاں جگہ نہیں تو حرم میں جہاں کہیں بھی جگہ ملے پڑھے پھر اس کے بعد دعا کرے، اور زم زم بھی پیئے اللہ سے دعا کرے، پھر اس کے بعد نویں دفعہ حجر اسود کا استلام کرنے کے بعد آنحضرت ﷺ کی سنت کے مطابق باب الصفا سے صفا کی طرف آئے، اور اگر کسی دوسرے دروازے سے جائے تو یہ بھی جائز ہے (باب الصفا حجر اسود کی سمت پر ہے) پھر صفا پر اتنا چڑھے کہ بیت اللہ شریف بھی نظر آسکے اور پر چڑھتے وقت یہ پڑھے ''أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهِ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ'' موجودہ زمانے میں چند ستون ہیں ان میں سے مغربی ستون کے قریب سے کعبۃ اللہ واضح طور پر نظر آتا ہے، پھر قبلہ رخ کھڑا ہو کر سعی کی نیت اس طرح کرے کہ ''یا اللہ! میں آپ کی رضا کے لئے صفا مروہ کے درمیان سات چکر سعی کا ارادہ کرتا ہوں، اس کو میرے لئے آسان اور قبول فرمائیں'' (نیت زبان سے یا دل میں کسی بھی زبان میں کرسکتا ہے، عربی زبان میں نیت کرنا ضروری نہیں) اور یہ نیت دل میں کرنا کافی ہے مگر زبان سے بھی کہنا افضل ہے، نیت کے وقت ہاتھ نہ اٹھائے۔

☆ پھر دونوں ہاتھوں کو اس طرح اٹھائے جیسے دعا میں اٹھائے جاتے ہیں، نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے وقت جس طرح ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں، اس طرح نہ اٹھائے جیسے بہت سے ناواقف لوگ اٹھاتے ہیں، یہ درست نہیں اور بیت اللہ شریف کی طرف ہاتھ سے اشارہ بھی نہ کرے۔

☆ پھر بلند آواز میں تین مرتبہ ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ أَللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ'' پڑھے اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.

اس کے بعد آہستہ آواز سے درود شریف پڑھے، پھر اپنے لئے اور اپنے دوستوں کے لئے خوب خشوع وخضوع سے دعا مانگے، کیونکہ یہ دعا قبول ہونے کی مقدس جگہ ہے، اور جو چاہے دعا مانگے اور دعا مانگنا سعی کے آداب میں سے ہے۔

☆ اس کے بعد سعی شروع کردے، سعی کے دوران اضطباع نہ کرے، بلکہ مونڈھا ڈھکے ہونے کی حالت میں سعی کرے اور ذکر اور دعا مانگتے ہوئے صفا سے مروہ کی طرف چلے یا چوتھا کلمہ پڑھتا رہے۔

☆ تھوڑی دور چلنے کے بعد جب صفا اور مروہ کے درمیان وہ جگہ آنے لگے، جہاں دیوار اور چھت پر صرف ہرے رنگ کی ٹیوب لائٹ کی پٹی لگی ہوئی ہے اور بقدر چھ ہاتھ کے فاصلہ پر رہ جائے تو صرف مرد حضرات درمیانی چال سے دوڑنا شروع کریں اور دوسری طرف سبز ٹیوب لائٹ کی پٹی کے بعد بھی چھ ہاتھ تک دوڑتا رہے، پھر اپنی چال چلنے لگے۔

☆ تیز دوڑنا مسنون نہیں ہے، بلکہ متوسط طریقہ سے اتنا دوڑنا چاہیئے کہ رمل سے زیادہ اور بہت تیز دوڑنے سے کم رفتار ہو، بعض لوگ تمام سعی میں جھپٹ کر چلتے ہیں اور بعض سبز ستونوں کے درمیان بہت تیزی سے دوڑتے ہیں، یہ دونوں باتیں غلط اور بری ہیں، لیکن اس سے دم یا صدقہ واجب نہیں ہوگا۔

☆ سبز لائٹوں کے درمیان درمیانی چال سے دوڑنا صرف مردوں کے لئے ہے، دیکھا گیا ہے کہ عورتیں بھی دوڑنے لگتی ہیں، یہ صحیح نہیں ہے۔

☆ سبز لائٹوں کے درمیان رسول اللہ ﷺ سے یہ دعا منقول ہے اس کے علاوہ جو بھی دعا چاہے مانگے، کیونکہ یہ دعا قبول ہونے کی مقدس جگہ ہے، دعا یہ ہے:

Baitul-Ammar

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ إِنَّکَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَکْرَمُ.

☆جب دونوں سبز لائٹوں کی پٹیوں سے نکل جائے تو اس کے بعد مروہ تک کی مسافت اپنی چال اور میانہ روی سے چل کر پوری کرے، یہاں تک کہ مروہ پہنچ جائے اور کشادہ جگہ پر رک جائے، ذرا دائیں جانب کو مائل ہوکر اندازہ سے بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے، پھر دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر جس طرح صفا پر ذکر اور دعا کی تھی یہاں پر بھی کرے، یہاں بھی دعا قبول ہوتی ہے، یہ صفا سے مروہ تک ایک ''چکر'' ہوگیا،اس کے بعد مروہ پھر صفا کی طرف چلے اور دونوں ہری لائٹوں کی پٹیوں کے درمیان پہلے کی طرح مرد دوڑ کر چلیں اور وہی دعا پڑھیں، پھر صفا پر پہنچ کر اسی طرح ہاتھ اٹھا کر دعا اور ذکر کرے جیسے شروع میں کیا تھا،البتہ نیت دوبارہ نہ کرے، کیونکہ نیت شروع میں ایک دفعہ کی جاتی ہے، یہ مروہ سے صفا تک دو''چکر'' ہوگئے،اس طرح سات چکر کرے۔

☆ پھر سعی کے سات ''چکر''، مکمل ہونے کے بعد اگر مکروہ وقت نہیں ہے تو حلق یا قصر سے پہلے حرام میں آ کر دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ پھر دکان یا قیام گاہ پر مرد حضرات بال منڈوا کر یا ایک پور تک کٹوا کر حلال ہو جائے اور احرام کے کپڑے بدل کر عام کپڑے پہن لے،احرام کی پابندیاں ختم ہوگئیں اور عمرہ مکمل ہوگیا۔

اور خواتین سر کا حلق نہ کریں بلکہ صرف قصر کریں اور قصر یعنی بال کاٹنے کی صورت یہ ہے کہ سر کے سب بال اکٹھے کر کے آخر کے بال مٹھی میں پکڑے جو دو چار بال کچھ لمبے ہوں ان کو پہلے کاٹ کر نکال دے، پھر اس کے بعد تقریباً انگلی کے ایک پور کے برابر قینچی سے چاہے عورت خود ہی کاٹ لے یا اس کا شوہر یا ایک عورت دوسری عورت کے بال کاٹ دے،لیکن کسی غیر محرم سے نہ کٹوائے اور نہ مسجد میں بال گرائے بلکہ اپنے کمرہ میں یا مروہ کے باہر بال کاٹنے کی جگہ پر کاٹے،اور حرم کی حدود میں بال کاٹنا ضروری ہے، بال کاٹنے کے بعد عمرہ کا عمل مکمل ہوگیا۔

Baitul-Ammar

عمرہ بار بار کرنا

آفاقی کے لئے بار بار عمرہ کرنا جائز ہے، اس میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔(۱)

عمرہ بدل

عمرہ کیلئے کسی دوسرے شخص کو بھیجا جا سکتا ہے، وہ عمرہ کرے اور ثواب بھیجنے والے کو پہنچائے۔

احرام باندھنے کے لئے جعرانہ یا تنعیم جانے کا کرایہ لے سکتا ہے، لیکن عمرہ کا بدل یا عوض نہیں لے سکتا۔(۲)

''حج بدل'' ہوتا ہے، ''عمرہ بدل'' نہیں ہوتا، البتہ عمرہ کر کے اس کا ثواب کسی کو بخشنا چاہیں تو بخش سکتے ہیں، اس میں نیت اپنی طرف سے کریں اور عمرہ کے افعال

---

(۱) وهٰذا المتمتّع آفاقى غير ممنوع من العمرة، فجاز له تكرارها؛ لأنّها عبادة مستقلّة أيضًا كالطواف...... لأنّ العمرة جائزة فى جميع السنة بلا كراهة إلاّ فى خمسة أيّام لافرق فى ذٰلک بين المكّى والآفاقى...... (منحه الخالق على هامش البحر الرائق: (۳۶۶/۲) كتاب الحج، باب التمتّع، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۲۴) باب التمتّع ، فصل : لا تمتّع ولا قران ، ولا جمع بينهما فى غير أشهر الحج لأهل مكة ، تنبيه ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۴۰۰) باب التمتّع، فصل: فى تمتّع المكىّ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

(۲) والأصل أن كل من أتٰى بعبادة ماله أن يجعل ثوابها لغيره وإن نواها عند الفعل لنفسهٖ لظاهر الأدلّة ...... أى سواء كانت صلاة أو صوما أو صدقة أو قراء ة أو ذكرًا أو طوافًا أ وعمرةً ...... قال فى البحر : ولم أر حكم من أخذ شيئًا من الدنيا ليجعل شيئًا من عبادته للمعطى ، وينبغى أن لايصح ذٰلک ، أى لأنّه إن كان أخذه على عبادة سابقة يكون ذٰلک بيعًا وذٰلک باطل قطعًا ، وإن كان أخذه ليعمل يكون إجارة على الطاعة وهى باطلة أيضًا ، كما نصّ عليه فى المتون والشروح والفتاوٰى . (الدر مع الرد : (۵۹۵/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : فى إهداء ثواب الأعمال للغير ، ومطلب : فيمن أخذ من عبادته شيئًا من الدنيا ، ط : سعيد)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۶۰۹) باب الحج عن الغير ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الهندية: (۲۵۷/۱) كتاب المناسک، الباب الرابع عشر: فى الحج عن الغير، ط: رشيديه.

ادا کرنے کے بعد اس کا ثواب جس کو چاہیں بخش دیں درست ہے۔(۱)

عمرہ پانچ دن کرنا ناجائز ہے

پورے سال میں حج کے دنوں میں ۹/ذی الحج سے ۱۳/ذی الحج تک عمرہ کرنا ناجائز ہے، ان پانچ دنوں کے علاوہ باقی پورے سال میں جب بھی عمرہ کرنا چاہے کر سکتا ہے، البتہ رمضان المبارک میں اعمال کا ثواب ستر گنا زیادہ ہوتا ہے۔(۲)

عمرہ پر عمرہ کا احرام باندھ لیا

اگر کسی نے عمرہ کیا اور حلق یا قصر کرنے سے پہلے دوسرے عمرہ کا احرام باندھ

---

(۱) والأصل أن كل من أتٰى بعبادة ماله أن يجعل ثوابها لغيره وإن نواها عند الفعل لنفسهٖ لظاهر الأدلّة ...... أى سواء كانت صلاة أو صوما أو صدقة أو قراء ة أو ذكرًا أو طوافًا أ وعمرةً ...... قال فى البحر : ولم أر حكم من أخذ شيئًا من الدنيا ليجعل شيئًا من عبادته للمعطى ، وينبغى أن لايصح ذٰلک ، أى لأنّه إن كان أخذه على عبادة سابقة يكون ذٰلک بيعًا وذٰلک باطل قطعًا ، وإن كان أخذه ليعمل يكون إجارة على الطاعة وهى باطلة أيضًا ، كما نصّ عليه فى المتون والشروح والفتاوٰى . (الدر مع الرد : (۵۹۵/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : فى إهداء ثواب الأعمال للغير ، ومطلب : فيمن أخذ من عبادته شيئًا من الدنيا ، ط : سعيد)

🗁 وفى حج النفل يقع عن المامور اتّفاقًا ، أى باتفاق مشائخنا ؛ لأنّ الحديث ورد فى الفرض دون النفل ، وللآمر الثواب ، أى ثواب النفقة ، وفى " شرح النقاية " للشيخ محمد القهستانى : فى النفل يكون ثواب النفقة للآمر بالإتفاق ، وأمّا ثواب النفل فيجعله المأمور للآمر . واللّٰه آعلم. (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۱) باب الحج عن الغير ، فصل : فى وقوع أصل الحج عن الآمر ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 الهندية: (۲۵۷/۱) كتاب المناسک، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير، ط: رشيديه.

🗁 فتح القدير : (۶۵/۳) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: رشيديه.

(۲) السنة أى أيّامها كلها وقت لها اى لجوازها الا انه اى الشان يكره تحريمًا ...... انشاءً احرامها فى الأيّام الخمسة...... (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۵) باب العمرة، فصل فى وقتها، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۳/۲) كتاب الحج ، مطلب أحكام العمرة ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة و تسمى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

لیا تو دم دینا واجب ہوگا، پھر اگر دوسرا عمرہ ادا کرنے سے پہلے حلق یا قصر کرے گا تو دوسرا دم دینا لازم ہوگا، اور اگر دوسرا عمرہ ادا کرنے کے بعد حلق یا قصر کرے گا تو ایک ہی دم کافی ہوگا۔(۱)

عمرہ حج سے پہلے کرنا

”حج سے پہلے عمرہ کرنا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۵۱)

عمرہ حج کا بدل نہیں

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، تو اس کے لیے حج کرنا ضروری ہے، عمرہ کرنے سے حج کا فرض ادا نہیں ہوگا، کیونکہ عمرہ حج کا بدل نہیں ہے، باقی عمرہ کی فضیلت اپنی جگہ پر ہے، اس لیے عمرہ کی سعادت نصیب ہوجائے تو عمرہ کرلینا چاہیے، اور بعد میں حج بھی کرے۔(۲)

---

(۱) فلو أحرم بعمرة ف طاف لها شوطًا أو كلّه ...... أو لم يطف شيئًا ...... ثمّ أحرم بأخرىٰ قبل أن يسعىٰ للأولىٰ، لزمه، ......رفض الثّانية، ودم للرفض وقضاء المرفوع ...... ولو طاف و سعى الأولىٰ ولم يبق عليه الاّ الحق فأهلّ بأخرىٰ لزمته أى العمرة الأخرىٰ اتّفاقًا ولايرفضها ...... وعليه دم الجمع، وإن حلق العمرة الأخرىٰ قبل الفراغ ولايرفض ...... وعليه دم الجمع، وإن حلق للأولىٰ قبل الفراغ من الثانية لزمه دم آخر أى للجنابة على الثّانية اتّفاقًا، ولو بعده أى ولو حلق للأولىٰ بعد الفراغ من الثّانية لا، أى لايلزمه دم آخر. (إرشاد السارى: (ص: ۴۱۴)، باب الجمع بين النسكين المتحدين، فصل: فى الجمع بين العمرتين، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية النّاسك: (ص: ۲۳۷) باب الجمع بين النسكين أو أكثر، فصل: فى الجمع بين إحرامى عمرتين فأكثر، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/۵۸۷) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد.

(۲) الحج فرض مرّة بالإجماع على كل من استجمعت فيه الشرائط...... قال الإمام بن الهمام: الظاهر أنّه عبارة عن الأفعال المخصوصة من الطواف و الوقوف فى وقته محرمًا بنية الحج سابقًا أى على الأفعال...... (إرشاد السارى: (ص: ۳۴، ۳۵) باب شرائط الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسك: (ص: ۱۰) مقدمة فى تعريف الحج وما يتعلق بفرضيته، ط: إدارة القرآن.

انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱ على نفس الصفحة أيضًا.

عمرہ دوسرے کی طرف سے کرنا

☆......زندہ اور مردہ دونوں کی طرف سے عمرہ کرنا جائز ہے۔(۱)

ابو زرین العقیلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ: میرا باپ عمر رسیدہ ہے نہ تو حج کرسکتا ہے نہ عمرہ کرسکتا ہے اور نہ سفر کرنے کے قابل ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا ”باپ کی طرف سے حج وعمرہ کرلو“۔(۲)

☆......جس زندہ آدمی کی طرف سے عمرہ کیا جائے اس پر حج فرض نہیں ہوتا جب تک کہ وہ صاحب استطاعت نہ ہوجائے۔(۳)

---

(۱) والأصل أنّ كل من أتىٰ بعبادة ما، له جعل ثوابها لغيره، وإن نواها عند الفعل لنفسه لظاهر الأدلّة. الدر المختار (قوله: بعبادة ما) أى سواء كانت صلاة أو صومًا أو صدقة، أو قراءة، أو ذكرًا، أو طوافًا، أو حجًا، أو عمرةً ...... (الدر مع الرد: (۲/۵۹۵، ۵۹۶) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فى إهداء ثواب الأعمال للغير، ط: سعيد)

البحر العميق: (۴/۲۲۴۰) الباب الثامن عشر: فى الحج عن الغير، الفصل الأوّل: فى الحج عن الحى العاجز، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

غنية الناسك: (ص: ۳۲۰) باب الحج عن الغير، ط: إدارة القرآن.

(۲) عن أبى زرين العقيلى أنّه قال: يا رسول اللّٰه: إنّ أبى شيخ كبير، لايستطيع الحج ولا العمرة، ولا الظعن، قال: ”حُجّ عن أبيک واعتمر“، رواه الأربعة، وصحّحه الترمذى. (البحر العميق: (۴/۲۰۱۷) الباب الرابع عشر: فى العمرة، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة)

مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۲۲) كتاب المناسک، الفصل الثانى، ط: قديمى.

جامع الترمذى: (۱/۳۰۹) أبواب الحج، باب ماجاء فى الحج عن الشيخ الكبير و الميت، باب منه، ط: رحمانيه.

(۳) ومنها: القدرة على الزاد والراحلة ...... (الهندية: (۱/۲۱۷) كتاب المناسک، الباب الأوّل: فى تفسير الحج و فرضيته، و وقته و شرائطه، وأمّا شرائط وجوبه، ط: رشيديه)

الدر مع الرد: (۲/۴۵۹) كتاب الحج، ط: سعيد.

إرشاد السارى: (ص: ۵۵) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

Baitul-Ammar

عمرہ رمضان میں کرنے کی تاکید زیادہ ہے

رمضان المبارک میں عمرہ کرنے کی تاکید زیادہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ رمضان المبارک میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ''عمرة فی رمضان تعدل حجة'' یعنی رمضان المبارک میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔(۱)

عمرہ زندہ اور مردہ دونوں کے لئے کیا جاسکتا ہے

''زندہ اور مردہ دونوں کے لئے عمرہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۸۹)

عمرہ سے فارغ ہوکر کیا کرے

''سعی سے فارغ ہوکر کیا کرنا چاہئے'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۴۳۵)

عمرہ قرض لے کر کرنا

''قرض لے کر عمرہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/۲۸۸)

عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ نہ کرسکا

اگر کسی نے عمرہ کرنے کے لئے احرام باندھا لیکن طبیعت خراب ہونے کی

(۱) عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما قال : قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم لامرأة من الأنصار سماها ابن عباس : " ما منعک أن تحجی معنا ؟ قالت : لم یکن لنا إلاّ ناضحان ، فحج أبو ولدها وابنها علی ناضح ، وترک لنا ناضحًا ننضح علیه ، قال : فإذ اجاء رمضان فاعتمری ، فإنّ عمرة فی رمضان تعدل حجة " ، متفق علیه . (البحر العمیق : (۱/۸۷) الباب الأوّل فی الفضائل ، فصل : فیما جاء فی العمرة فی شهر رمضان ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة)

🗁 صحیح البخاری : (۱/۲۷۷) کتاب الحج ، أبواب العمرة ، (کتاب العمرة) ، باب العمرة فی رمضان ، ط: الطاف اینڈ سنز.

🗁 الصحیح لمسلم : (۱/۴۷۵) کتاب الحج ، باب فضل العمرة فی رمضان ، ط: رحمانیه.

وجہ سے یا کسی اور وجہ سے عمرہ ادا نہ کرسکا اور وہ احرام عمرہ ادا کئے بغیر کھول دیا تو دم واجب ہوگا اور اس عمرہ کی قضاء بھی لازم ہوگی (اور دم سے مراد حرم کی حدود میں ایک بکری یا دنبہ ذبح کرنا ہے)۔(۱)

عمرہ کا احرام کہاں سے باندھے

☆ جو شخص میقات کے باہر سے مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ رکھتا ہے، اس کے لئے میقات سے احرام کے بغیر گزرنا جائز نہیں بلکہ حج یا عمرہ کا احرام باندھنا اس پر لازم ہے، اگر ایسا شخص احرام باندھے بغیر میقات سے گزر گیا، تو میقات کی طرف دوبارہ واپس لوٹ کر میقات سے احرام باندھنا ضروری ہوگا، اگر میقات واپس لوٹ کر احرام نہ باندھا تو حدودِ حرم میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۲)

خلاصہ یہ کہ آفاقی کے لئے میقات یا میقات سے پہلے عمرہ کا احرام باندھنا ضروری ہے۔

☆ یاد رہے کہ جدہ میقات کے اندر ہے اس لئے آفاقی کے لئے جدہ سے

(۱) وإذا أحصر المحصر بعدو أو أصابه مرض فمنعه من المضی جاز له التحلل ...... ویقال له ابعث شاة تذبح فی الحرم و واعد من تبعثه بیوم بعینه یذبح فیه ثم تحلل ...... ولایجوز ذبح دم الإحصار إلاّ فی الحرم ...... وعلی المحصر بالعمرة القضاء .... (الهدایة مع فتح القدیر : (۳/ ۵۱، ۵۳، ۵۵، ۵۶) کتاب الحج ، باب الإحصار ، ط: رشیدیه)

🗁 البحر الرائق : (۳/ ۵۳ ، ۵۵) کتاب الحج ، باب الإحصار ، ط: سعید .

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۵۹۰ ، ۵۹۱ ، ۵۹۳) کتاب الحج ، باب الإحصار ، ط: سعید.

(۲) من جاوز وقته أی میقاته الّذی وصل إلیه ...... غیر محرم ...... ثم أحرم أی بعد المجاوزة أو لا أی لم یحرم بعدها فعلیه العود أی فیجب علیه الرجوع إلی وقت أی میقات من المواقیت ...... وإن لم یعد أی مطلقًا فعلیه دم . (إرشاد الساری : (ص: ۱۱۸ ، ۱۱۹) باب المواقیت ، فصل : فی مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۶۰) باب مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۷۷) کتاب الحج ، مطلب فی المواقیت ، ط: سعید .

Baitul-Ammar

احرام باندھنے کی صورت میں دم دینا لازم ہوگا، اور اگر دم ساقط کرنا چاہتا ہے تو کسی بھی میقات پر جا کر احرام باندھنا پڑے گا ورنہ دم ساقط نہ ہوگا۔(۱)

☆ جو لوگ میقات کے اندر رہتے ہیں وہ عمرہ یا حج کا احرام حرم کے باہر جہاں سے چاہیں باندھ سکتے ہیں ''حل'' کی کل زمین ان کے حق میں میقات ہے۔(۲)

عمرہ کا احرام مکہ والے کہاں سے باندھیں

''مکہ والے عمرہ کا احرام کہاں سے باندھیں'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۳۸/٤)

عمرہ کا ثواب دوسروں کو کیسے پہنچایا جائے

☆ عمرہ کا ثواب دوسرے کو پہنچانے کے دو طریقے ہیں:

ایک صورت یہ ہے کہ عمرہ اپنی طرف سے کرنے کے بعد جس کو چاہے ثواب پہنچادے، دوسری صورت یہ ہے کہ جس کی طرف سے عمرہ کرنے کا ارادہ ہے احرام باندھتے وقت اس کی طرف سے نیت کرے اور یہ کہے کہ میں اپنے فلاں یا فلانی کی

---

(۱) أمّا لو قصد مرضعًا من الحل كخليص وجدة .... (الدر المختار مع رد المحتار : (۴۷۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد)

غنية الناسک: (ص: ۵۵) باب المواقيت، فصل: وأمّا مواقيت أهل الآفاق، ط: إدارة القرآن.

إرشاد السارى : (ص: ۱۲۱) باب المواقيت ، فصل :فى مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

انظر الحاشية ، رقم : ۱ ، على نفس الصفحة ، أيضًا .

(۲) وأمّا ميقات أهل الحل، وهم أهل داخل المواقيت إلى الحرم ...... فالحل للحج والعمرة وإحرامهم من دويرة أهلهم أفضل ، وحل لهم دخول مكّة بلا إحرام مالم يريدوا نسكا . (غنية الناسک : (ص: ۵۵) باب المواقيت ، فصل : وأمّا ميقات أهل الحل ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۱۱٦) باب المواقيت ، فصل : فى الصنف الثانى : فى ميقات أهل الحل ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۴۷۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد .

طرف سے عمرہ کا احرام باندھتا ہوں، یا اللہ! یہ عمرہ میرے لئے آسان فرما، اور میرے فلانے یا فلانی کی طرف سے اس کو قبول فرما۔(۱)

☆ اگر کوئی شخص عمرہ کرتے وقت دل میں یہ نیت کرے کہ اس عمرہ کا ثواب

---

(۱) ولجواز النيابة فى الحج شرائط ...... ومنها نية المحجوج عنه عند الإحرام ، والأفضل أن يقول بلسانه لبيک عن فلان . (الهندية : (۲۵۷/۱) كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر : فى الحج عن الغير ، ط: رشيديه)

الدر المختار مع الرد : (۵۹۸/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : فى الفرق بين العبادة والقربة والطاعة ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ٦۲۲) باب الحج عن الغير ، فصل فى شرائط جواب الإحجاج ، التاسع : النيه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

و عن أبى رزين العقيلى أنّه أتى النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم ، فقال : يا رسول اللّٰه : إنّ أبى شيخ كبير ، لايستطيع الحج ولا العمرة ، ولا الظعن ، قال : '' حُجّ عن أبيک واعتمر '' ، رواه الترمذى و أبو داود والنسائى ، و قال الترمذى : هٰذا حديث حسن صحيح .(مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۲) كتاب المناسک ، الفصل الثانى ، ط: قديمى .

باب الحج عن الغير ، الأصل أنّ كل من أتٰى بعبادة ما ، له جعل ثوابها لغيره ، وإن نواها عند الفعل لنفسه لظاهر الأدلّة . الدر المختار (قوله : بعبادة ما) أى سواء كانت صلاة أو صومًا أو صدقة ، أو قراءة ، أو ذكرًا ، أو طوافًا ، أو حجًا ، أو عمرةً ...... وبحث أيضًا : أنّ الظاهر أنّه لا فرق بين أن ينوى به عند الفعل للغير أو يفعله لنفسه ثم يجعل ثوابه لغيره لاطلاق كلامهم اهـ ...... وقدمنا فى آخر الجنائز قبيل باب الشهيد عن ابن القيم الحنبلى انّه اختلف عندهم فى أنّه هل يشترط نية الغير عند الفعل ؟ فقيل : لا لكون الثواب له ، فله التبرّع به لمن أراد ، وقيل : نعم وهو الأولىٰ ؛ لأنّه إذا وقع له لم يقبل انتقاله عنه الخ . (رد المحتار : (۵۹۵/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى إهداء ثواب الأعمال للغير ، ط: سعيد)

والظاهر أنّه لافرق بين أن ينوى به عند الفعل للغير أو يفعله لنفسه ثم بعد ذلک يجعل ثوابه لغيره ، لاطلاق كلامهم وأنّه لا فرق بين الفرض والنفل اهـ . (شامى : (۲۴۳/۲) باب صلاة الجنائز ، مطلب فى القراء ة للميت وإهداء ثوابها له ، ط: سعيد)

البحر العميق : (۲۲۴۰/۴) الباب الثامن عشر : فى الحج عن الغير ، الفصل الأوّل : فى الحج عن الحى العاجز ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

غنية الناسک : (ص: ۳۲۰) باب الحج عن الغير ، ط: إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

میرے فلاں رشتے دار، یا دوست، یا استاذ (زندہ یا مرحوم) کو ملے تو مل جاتا ہے، جس طرح دوسرے نیک کاموں کا ایصال ثواب ہوسکتا ہے، عمرہ کا بھی ہوسکتا ہے۔(۱)

☆ نفل عمرہ، نفل نماز کی مانند ہے، ایک عمرہ کے ثواب میں ایک سے زیادہ افراد کو شامل کیا جاسکتا ہے۔(۲)

عمرہ کا ثواب سب کو پہنچایا جاسکتا ہے

نفل عمرہ، نفل نماز کی مانند ہے، ایک عمرہ کے ثواب میں ایک سے زیادہ افراد کو شامل کیا جاسکتا ہے۔(۳)

---

(۱) والأصل أنّ كل من أتٰى بعبادة ما ، له جعل ثوابها لغيره وإن نواها عند الفعل لنفسه الظاهر الأدلّة . الدر ، (قوله : بعبادة ما) سواء كانت صلاة أو صومًا ...... أو حجًا ، أو عمرةً .... (الدر مع الرد : (۵۹۵/۲ ، ۵۹۶) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى إهداء ثواب الأعمال للغير ، ط: سعيد)

🗁 البحر العميق : (۲۲۴۰/۴) الباب الثامن عشر : فى الحج عن الغير ، الفصل الأوّل : فى الحج عن الحى العاجز ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲۰) باب الحج عن الغير ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ولو أهلّ أى لحجة أو عمرة عن أبويه ...... بلا أمر أى منهما أو أحدهما ولا تعيين من قبله فله أن يجعل لهما ثوابه أو لأحدهما ، .... (إرشاد السارى : (ص: ۶۲۹ ، ۶۳۴) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۶۰۸/۲ ، ۶۰۹) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲۸) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن .

(۳) ولو أهلّ أى لحجة أو عمرة عن أبويه ...... بلا أمر أى منهما أو أحدهما ولا تعيين من قبله فله أن يجعل لهما ثوابه أو لأحدهما ، .... (إرشاد السارى : (ص: ۶۲۹ ، ۶۳۴) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۶۰۸/۲ ، ۶۰۹) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲۸) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ، ط: إدارة القرآن .

عمرہ کا حکم

حنفیہ کے نزدیک استطاعت اور قدرت کی صورت میں زندگی میں ایک بار عمرہ کرنا سنت مؤکدہ ہے، فرض نہیں ہے،(۱)

نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ”الحج مکتوب و العمرۃ تطوع“ حج فرض ہے اور عمرہ رضا کارانہ نفل عبادت ہے۔(۲)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ

اس آیت میں حج اور عمرہ کو شروع کرنے کے بعد پورا کرنے کا حکم ہے، اور کوئی بھی عبادت شروع کی جائے تو اس کا پورا کرنا واجب ہوتا ہے خواہ وہ نفلی عبادت کیوں نہ ہو۔

اس آیت سے حج کی طرح عمرہ کی فرضیت پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے، کیونکہ حج کی فرضیت ”وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ“ اور اس کے علاوہ دوسرے دلائل سے بھی ثابت ہے۔

---

(۱) العمرة سنة مؤكدة أى على المختار ...... لمن استطاع أى إليها سبيلاً بالزاد والراحلة...... (إرشاد السارى: (ص: ۶۵۲) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۶) باب العمرة ، وتسمى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۲/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۲) وقال بعضهم هى تطوّع واحتجّ هؤلاء بما روى عن النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم أنّه قال: ”الحج مكتوب والعمرة تطوّع“. (بدائع الصنائع: (۲۲۶/۲) كتاب الحج، فصل: وأمّا العمرة، ط: سعيد)

🗁 ” الحج مكتوب والعمرة تطوّع “ . (كنز العمال فى سنن الأقوال والأفعال : (۲۲/۵) رقم الحديث : ۱۱۸۷۹ ، كتاب الحج والعمرة ، الباب الأوّل فى فضائل الحج ، الفصل الثانى : فى الوعيد على ترک الحج ، ط: مؤسّسة الرّسالة)

🗁 موسوعة أطواف الحديث: (۷۵۴۶۷/۱) رقم الحديث: ۹۰۲۲۷، ط: دار النشر بيروت.

Baitul-Ammar

عمرہ کا رکن

عمرہ کا صرف ایک رکن ہے، اور وہ ہے طواف کے چکروں کی بیشتر تعداد یعنی چار چکر، اس کے علاوہ اور کوئی رکن نہیں۔(۱)

عمرہ کا طواف ناپاکی میں کیا

عمرہ کا طواف پورا یا اکثر یا کم، اگر چہ ایک ہی چکر ہو، اگر جنابت (ناپاکی) حیض یا نفاس کی حالت میں یا بے وضو کیا تو دم واجب ہوگا، اور اگر طواف کا اعادہ کر لیا تو دم ساقط ہو جائے گا۔(۲)

مزید ''طواف عمرہ ناپاکی کی حالت میں کیا'' عنوان کو بھی دیکھیں۔

عمرہ کا معنی

''عمرہ'' کا لغوی معنی زیارت ہے، اور شریعت کی اصطلاح (زبان) میں عمرہ کہتے ہیں، میقات یا حل سے احرام باندھ کر بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی

---

(۱) وأمّا ركنها فالطواف...... (إرشاد السارى: (ص: ۶۵۴) باب العمرة، وأمّا فرائضها، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 ومعظم الطواف ركن .... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۶) باب العمرة ، وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر المختار : (۴۷۲/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد.

(۲) ولو طاف للعمرة كله أو ، أكثره أو أقلّه ، ولو شوطًا جنبًا ، أو حائضًا ، أو نفساء ، أو محدثًا ، فعليه شاة ...... ولو أعاده سقط عنه الدم . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۶) باب الجنايات ، الفصل السابع : فى ترک الواجب فى أفعال الحج ، ...... المطلب الرابع فى ترک الواجب فى طواف العمرة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۴۹۹ ، ۵۰۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى الجناية فى طواف العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۵۵۱/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

کرنے کے بعد حلق یا قصر کرنا۔(۱)

عمرہ کا ویزا لے کر حج کرنا

☆ بعض لوگ عمرہ کا ویزہ لے کر عمرہ کرنے کے لئے جاتے ہیں، اور وہیں رک کر حج کر کے واپس آتے ہیں، یہ سعودی حکومت کے قانون کی خلاف ورزی ہے، ایسا کرنا مناسب نہیں ہے، لیکن اگر کوئی شخص رک جائے اور کسی طریقہ سے حج کر لے تو حج ہو جائے گا اور فرض ادا ہو جائے گا۔(۲)

---

(۱) والعمرة فى اللغة الزيارة ، يقال : اعتمر فهو معتمر أى زار و قصد ...... وفى الشرع : العمرة: زيارة البيت الحرام بشروط مخصوصة ، ذكرت فى كتب الفقه . (عمدة القارى شرح صحيح البخارى: (۱۵۱/۱۰) أبوب العمرة ، وجوب العمرة وفضلها ، ط: دار الكتب العلمية)

🗁 فتح البارى بشرح صحيح البخارى : (۸۰۱/۳) كتاب العمرة ، باب العمرة ، وجوب العمرة و فضلها ، ط: مكتبة الرشد .

🗁 الهندية : (۲۳۷/۱) كتاب المناسک ، الباب السادس : فى العمرة ،ط : رشيديه .

(۲) ﴿يأيّها الّذين آمنوا أطيعوا اللّٰه وأطيعوا الرّسول وأولى الأمر منكم......﴾، [سورة النساء: ۵۹]

🗁 قال على ابن أبى طلحة ، عن ابن عباس : ﴿ وأولى الأمر منكم ﴾ يعنى أهل الفقه والدين، وكذا مجاهد وعطاء والحسن والبصرى وأبو العالية : ﴿ وأولى الأمر منكم ﴾ يعنى العلماء ، والظاهر واللّٰه أعلم أنّ الآية فى جميع أولى الأمر من الأمراء والعلماء .... (تفسير ابن كثير : (۳۴۵/۲) رقم الآية : ۵۹ ، ط: دار طيبة)

🗁 الجامع لأحكام القرآن: (۵/ ۲۶۰، ۲۶۱) سورة النّساء، رقم الآية: ۵۹، ط: دار الكتب المصرية.

🗁 وأمّا الفقير أى الحقيقى وهو من ليس له مال ومن بمعناه ...... إذا حج سقط عنه الفرض إن نواه أى الفرض فى إحرام حجه أو أطلق النية ...... حى لو استغنى ...... بعد ذلک أى بعد أداء الحج بغير استطاعة لايجب عليه ثانيًا أى فى المآل . (إرشاد السارى : (ص: ۸۸) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط اوقوع الحج عن الفرض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۴) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن.

🗁 البحر العميق: (۳۷۶/۱، ۳۷۷) الباب الثالث: فى مناسک الحج، شرائط وجوب الأداء ، ط: مؤسّسة الرّيان ، المكتبة المكيّة .

Baitul-Ammar

☆اگر حکومت کی طرف سے اجازت کی کوئی صورت مل جائے تو اس کو اختیار کرلینا چاہئے۔

عمرہ کثرت سے کرنا

کثرت سے عمرہ کرنا مکروہ نہیں بلکہ مستحب اور افضل ہے۔(۱)

عمرہ کرتے وقت دوسروں کو ثواب پہنچانے کی نیت کرنا

☆اگر کوئی شخص عمرہ کرتے وقت دل میں یہ نیت کرے کہ اس عمرہ کا ثواب میرے فلاں رشتے دار، یا دوست، یا استاذ (زندہ یا مرحوم) کو ملے، تو مل جاتا ہے، جس طرح دوسرے نیک کاموں کا ایصال ثواب ہوسکتا ہے، عمرہ کا بھی ہوسکتا ہے۔

☆ایک عمرہ کا ثواب ایک سے زائد افراد کو پہنچانا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) ویستحب الإکثار منها عند الجمهور لا سیّما فی رمضان...... (غنیة الناسک: (ص: ۱۹۹) باب العمرة، وتسمّی الحج الأصغر، فصل: فی کیفیة أداء العمرة وبقیة أحکامها، ط: إدارة القرآن)

🗁 فلایکره الإکثار منها خلافًا لمالک ، بل یستحب علی ما علیه الجمهور . (شامی : (۲/ ۴۷۲) کتاب الحج ، مطلب فی أحکام العمرة ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۶۵۷) باب العمرة، فصل: فی وقتها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۲) والأصل أنّ کل من أتٰی بعبادة ما، له جعل ثوابها لغیره وإن نواها عند الفعل لنفسه الظاهر الأدلّة. الدر، (قوله: بعبادة ما) سواء کانت صلاة أو صومًا...... أو حجًا، أو عمرةً...... (الدر مع الرد: (۲/۵۹۵، ۵۹۶) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، مطلب فی إهداء ثواب الأعمال للغیر، ط: سعید)

🗁 البحر العمیق : (۴/۲۲۴۰) الباب الثامن عشر : فی الحج عن الغیر ، الفصل الأوّل : فی الحج عن الحی العاجز ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۳۲۰) باب الحج عن الغیر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 ولو أهلّ أی لحجة أو عمرة عن أبویه ...... بلا أمر أی منهما أو أحدهما ولا تعیین من قبله فله أن یجعل لهما ثوابه أو لأحدهما ، .... (إرشاد الساری : (ص: ۶۲۹ ، ۶۳۴) باب الحج عن الغیر ، فصل : فی شرائط جواز الإحجاج ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۲/۶۰۸ ، ۶۰۹) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ط: سعید .

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۳۲۸) باب الحج عن الغیر ، فصل : فی شرائط النیابة فی الحج الفرض ، ط: إدارة القرآن .

عمرہ کرکے مدینہ منورہ چلا گیا

☆جو شخص عمرہ ادا کرنے کے بعد مدینہ طیبہ چلا جائے پھر میقات سے گزر کر جدہ واپس آجائے، اور رات گزار کر صبح پھر مکہ مکرمہ عمرہ کرنے کے لئے روانہ ہو، اور جدہ سے احرام باندھ کر عمرہ کرے، تو اگر اس شخص کا مدینہ منورہ کی میقات سے گزرتے وقت مکہ مکرمہ جانے کا قصد تھا تو میقات پر اس کے لئے احرام باندھنا ضروری تھا، اور اس کے کفارہ کے طور پر دم واجب ہے، اور اگر اس وقت جدہ آنے ہی کا ارادہ تھا، یہاں آ کے عمرہ کا ارادہ ہوا تو دم لازم نہیں ہے۔

☆اگر ایسا آدمی جدہ میں ''سعدیہ'' نامی مقام پر جا کر احرام باندھے گا تو مدینہ منورہ سے آتے ہوئے بیر علی پر احرام نہ باندھنے کی وجہ سے جو دم واجب ہوا تھا وہ ساقط ہوجائے گا۔(۱)

عمرہ کرنا جدہ والوں کے لئے

''اشہر حج میں عمرہ کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۴۴)

---

(۱) والآفاقی إذا انتهٰی إلیها علی قصد دخول مکّة أو الحرم علیه أن یحرم من آخرها قصد الحج أو العمرة أولا ، فأمّا إذا لم یقصد ذلک ، وإنّما قصد مکانًا من الحل ، بحیث لم یمر علی الحرم حل له مجاوزته بلا إحرام .... (غنیة الناسک : (ص: ۵۴) با بالمواقیت ، فصل : أمّا مواقیت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن)

🗁 آفاقی مسلم مکلف أراد دخول مکّة أو الحرم ، ولو لتجارة أو سیاحة و جاوز آخر مواقیته غیر محرم ، ثم أحرم أو لم یحرم ، أثم ولزمه دم ، وعلیها العود إلی میقاته الّذی جاوزه أو إلی غیره أقرب أو أبعد ، وإلی میقاه الّذی جاوزه أفضل . (غنیة الناسک : (ص: ۶۰) باب مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، فصل : فی مجاوزة الآفاقی وقته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۷۷) کتاب الحج ، مطلب : فی المواقیت ، ط: سعید .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۳) باب المواقیت ، فصل : فی مواقیت أهل الآفاق ، و: (؟؟؟؟) ص: ۱۱۹، ۱۲۱) فصل : فی مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

Baitul-Ammar

عمرہ کرنے کا طریقہ

عمرہ حج اصغر یعنی چھوٹا حج ہے، جو حج کے پانچ دن ۹/ذی الحجہ سے ۱۳/ذی الحجہ کے علاوہ باقی ہر مہینہ، ہر دن، ہر رات ہوسکتا ہے، اس کے لئے کوئی مہینہ، کوئی تاریخ اور کوئی دن مقرر نہیں ہے۔(۱)

جب اور جس وقت چاہیں آفاقی لوگ تو میقات یا میقات سے پہلے سے احرام باندھیں اور میقات کے اندر رہنے والے حدودِ حرم سے باہر ''حل'' سے احرام باندھیں، (۲) اور احرام کے محرمات اور مکروہات سے بچیں، اور مکہ مکرمہ میں انہی آداب کو ملحوظ رکھ کر مسجد حرام میں ''باب السلام'' یا ''باب العمرۃ'' سے یا جس گیٹ سے بھی موقع ہو داخل ہوں۔(۳)

اور اضطباع کریں یعنی صرف مرد حضرات، احرام کی چادر کو داہنی بغل کے

(۱) السنة أى أيّامها كلها وقت لها أى لجوازها إلَّا أنّه أى الشأن يكره تحريمًا ...... إنشاء إحرامها فى الآية الخمسة . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٥) باب العمرة ، فصل : فى وقتها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (۲/۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

(۲) وميقاتها ميقات الحج إلَّا لأهل مكة فالحل .... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

شامى : (۲/۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب: أحكام العمرة ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ٦٥۴) باب العمرة ، ط: سعيد .

(۳) فإذا دخل مكّة بدأ بالمسجد أى بدخوله من باب السلام على ما هو الأفضل ، ...... نعم لو دخل من باب العمرة فلا بأس به ؛ لأنّه أقرب ، وعليه العمل . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٥) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۹) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، فصل : فى كيفية أداء العمرة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۹۲) كتاب الحج ، مطلب : فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال کر طواف کریں۔(۱)

اور جب پہلی بار حجر اسود کے برابر آئیں، تو حجر اسود کو پورے جسم کے سامنے لے کر معمولی بائیں جانب کھڑے ہو کر طواف کرنے کی نیت کریں پھر اس کے بعد بالکل حجر اسود کے برابر میں آجائیں، اور حجر اسود کو پورے جسم کے سامنے لے کر دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں تک اٹھاتے ہوئے ''بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ'' کہیں پھر اس کے بعد حجر اسود کا استلام کریں یعنی دونوں ہاتھوں کو حجر اسود کے برابر اٹھائیں اور ہتھیلی حجر اسود کی طرف ہو اور ہاتھ کی پیٹھ اپنے سینے کی طرف اور یہ کہیں ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰي رَسُوْلِ اللّٰهِ'' اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سرے کو چھولیں، پھر دائیں طرف مڑ کر بیت اللہ کو بائیں جانب لے کر طواف شروع کریں،(۲) اور جب پہلی بار طواف کرنے کے لئے

(۱) وطاف برمل أى فى الثلاثة الأوّل ، و اضطباع أى فى جميع طوافها . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٥) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۹) باب العمرة ، وتسمّى الحج الأصغر ، فصل فى كيفية أداء العمرة وبقية أحكامها ، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۲/۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۲) فإذا أراد الشروع فيه ينبغى أن يضطبع قبله بقليل، وهو أن يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن ويُلقى طرفيه على كتفه الأيسر، ويكون المنكب الأيمن مكشوفًا، وهو سنة فى كل طواف بعده سعى، ثم يقف مستقبل البيت بجانب الحجر الأسود مما يلى الركن اليمانى، بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ويكون منكبه الأيمن عند طرف الحجر فينوى الطواف، وهٰذه الكيفية مستحبة، والنية فرض. ثم يمشى مارًا إلى يمينه حتى يحاذى الحجر فيقف بحياله، ويستقبله، ويبسمل ويكبّر ويحمد فيصلى ويدعو، (أى يقول بسم اللّٰه واللّٰه أكبر ولله الحمد، والصلاة والسلام على رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم......) ويرفع يديه عند التكبير حذاء منكبيه أو أذنيه مستقبلاً بباطن كفيه الحجر...... ثم يستلم الحجر، وصفة الاستلام أن يضع كفيه على الحجر، ويضع فمه بين كفيه، ويقبله من غير صوت إن تيسّر، وإلَّا يمسحه بالكف، ويقبّله...... وإذا فرغ من الاستلام أخذ عن يمين نفسه مما يلى الباب وجعل البيت عن يساره، فيطوف سبعة أشواط وراء الحطيم. (لباب المناسک مع إرشاد السارى: (ص: ۱۸۲، ۱۸۳، ۱۸۴، ۱۸۵، ۱۸۷، ۱۸۸) باب دخول مكّة، فصل: فى صفة الشروع فى الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة) =

Baitul-Ammar

حجر اسود کے برابر کھڑے ہوں تو جو تلبیہ احرام باندھتے وقت شروع کیا تھا وہ بند کر دیں۔(۱)

اور صرف مرد حضرات اگر بھیڑ نہ ہو اور چلنے میں کوئی دشواری نہ ہو تو طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کریں یعنی اکڑ کر شانہ ہلاتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر ذرا تیزی سے چلیں، اور اگر ہجوم زیادہ ہے اور رمل کرنے میں دشواری ہے تو جیسے موقع ہو طواف کریں۔(۲)

اور ہر چکر مکمل ہونے کے بعد حجر اسود کے برابر کھڑے ہو کر پورے جسم سے حجر اسود کو سامنے لے کر استلام کریں پھر دوسرا چکر شروع کریں، اس طرح سات چکر مکمل ہونے کے بعد آٹھویں دفعہ بھی حجر اسود کا استلام کریں۔(۳)

= غنية الناسک : (ص: ۹۹ ، ۱۰۰) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی صفة الابتداء بالحجر الأسود ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد: (۴۹۲/۲، ۴۹۳ ، ۴۹۵) كتاب الحج ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۱) أنّه يقطع التلبية عند الشروع فی طوافها .... (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

ثم بدأ بالحجر الأسود ، وإذا استلمه قطع التلبية .... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۹) باب العمرة ، فسل : فی كيفية أداء العمرة وبقية أحكامها ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۵۳۷/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد.

(۲) ويرمل فی الثلاثة الأول حول جميع البيت ، وهو أن يسرع فی المشی ويهز كتفيه ويُرى من نفسه الجلادة والقوّة مع تقارب الخُطا دون الوثوب والعدو ...... فإن ازدحم النّاس صبر حتى تزول الزحمة فيرمل .... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۱۸۹) باب دخول مكّة، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۰۳ ، ۱۰۴) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: فی الأخذ فی الطواف، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد.

(۳) وسن الاستلام فی كل شوط ، وإن استلمه وفی أوّل و آخره أجزأه ...... وإذا فرغ من الاستلام...... أخذ عن يمين نفسه .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۸۷) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

اور طواف مکمل ہونے کے بعد اگر جگہ ملے تو ملتزم میں دعا کریں۔(۱)

پھر اس کے بعد مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے کر دو رکعت نماز پڑھیں اور اگر یہاں جگہ نہیں تو حرم میں جہاں کہیں بھی جگہ ملے پڑھیں پھر اس کے بعد دعا کرے۔(۲)

اور زم زم بھی پیئیں اللہ سے دعا کریں۔(۳)

= غنية الناسک: (ص: ۱۰۴) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: فی الأخذ فی الطواف، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۱) ويلتزم الملتزم بعد ختم الطواف...... وفی رسالة الحسن البصری رضی اللّٰه تعالیٰ الّتی أرسلها إلی أهل مكّة أن الدعاء هناک يستجاب فی خمسة عشر موضعًا: فی الطواف أی مكانه وهو المطاف (شرح) وعند الملتزم...... . (غنية الناسک: (ص: ۱۲۲ ، ۱۲۳) باب فی ماهية الطواف وأنواعه......، فصل: وأمّا مستحبات الطواف، وتنبيه: فی أماكن الإجابة، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۱۹۵ ، باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، و: (ص: ۷۰۲) باب المتفرّقات ، فصل : فی أماكن الإجابة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر المختار مع الرد : (۵۰۷/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی إجابة الدعاء ، ط: سعيد .

(۲) ثم يأتی المقام...... فيصلی خلفه ، وهو الأفضل لفعله صلی اللّٰه عليه وسلم، أمّا حوله مما يطلق عليه اسم المقام عرفًا، أو حيث تيسّر له من المسجد الحرام ، أو غيره من الحرم...... . (إرشاد السارى : (ص: ۱۹۴) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۰۶) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۳) ثم يأتی زمزم أی بئرها ، فيشرب من مائها . (إرشاد السارى : (ص: ۱۹۶) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنيه الناسک : (ص: ۱۰۶) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف ، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۴۹۹/۲) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

Batul-Ammar

پھر اس کے بعد نویں مرتبہ فعہ حجر اسود کا استلام کر کے صفا اور مروہ میں جا کر سعی کریں۔(۱)

اور صفا سے سعی شروع کریں اور سات چکر مکمل کر کے مروہ میں جا کر سعی ختم کریں اگر مکروہ وقت نہیں تو حرم میں آ کر دو رکعت نفل نماز پڑھیں۔(۲)

پھر دکان یا قیام گاہ پر بال منڈوا کر یا ایک پور تک کٹوا کر حلال ہو جائیں اور احرام کے کپڑے بدل کر عام کپڑے پہن لیں، احرام کی پابندیاں ختم ہوگئیں اور عمرہ مکمل ہوگیا۔(۳)

واضح رہے کہ طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا واجب ہے اور سعی کے بعد

---

(۱) ثم يعود إلى الحجر أى الأسود فيستلمه ...... ثم مضى إلى الصفا أى من باب الصفا استحبابًا فسعى .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۹۷) باب دخول مكّة ، فصل : فى الأخز فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الدر مع الرد : (۲/۵۰۰) كتاب الحج ، مطلب فى السعى بين الصفا والمروة ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۱۰۷) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى الأخذ فى الطواف ، ط: إدارة القرآن.

(۲) هكذا يفعل ذلک سبعة أشواطٍ ، يبدأ بالصفا ويختم بالمروة من الصفا إلى المروة شوط ، والعود منها إلى الصفا شوط آخر ...... وندب أن يختم السعى بركعتين فى المسجد كالطواف . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى كيفية أداء السعى ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى: (ص: ۲۴۵) باب السعى بين الصفا والمروة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

الدر المختار مع الرد : (۲/۵۰۱) كتاب الحج ، مطلب : فى السعى بين الصفا والمروة ، ط: سعيد.

(۳) وخرج للسعى...... فسعى كالحج أى كسعيه ثم حلق يعنى أو قصر أو حل أى خرج عن إحرامها. (إرشاد السارى: (ص: ٦۵۵) باب العمرة، قبيل: فصل: فى وقتها، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۹) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، فصل : فى كيفية أداء العمرة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۷۲ ، ۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔(۱)

عمرہ کرنے کی لوگوں نے درخواست کی

اگر ایک سے زائد آدمیوں نے آپ سے عمرہ کرنے کی درخواست کی ہے کہ ہماری طرف سے عمرہ کرنا، تو ہر ایک کے لئے علیحدہ علیحدہ عمرہ کرنا ہوگا، سب کی طرف سے ایک ہی عمرہ کافی نہیں ہوگا۔(۲)

عمرہ کرنے کے بعد عورت نے قصر میں تاخیر کی

ایک عورت نے عمرہ کرنے کے بعد اپنے بالوں کو نہیں کاٹا، پھر دوسرے یا تیسرے دن یاد آیا تو قصر کیا تو عورت کا عمرہ صحیح ہے، البتہ جب تک بال کو کاٹا نہیں تھا احرام میں تھی، بال کاٹنے کے بعد احرام سے نکلی ہے، اگر بال کاٹنے سے پہلے احرام

---

(۱) و يأتى المقام فيصلى خلفه ركعتى الطواف ...... وهى واجبة عندنا على الصحيح بعد كل طواف معتد به فرضً كان أو واجبًا ، أو سنة أو نفلاً ، (غنية الناسک : (ص: ۱۰٦) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى الأخذ فى الطواف ، ط: إدارة القرآن)

وأيضًا فيه : وندب أن يختم السعى بركعتين فى المسجد . ((غنية الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى كيفية أداء السعى ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى: (ص: ۲۱۸) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى ركعتى الطواف ، و: (ص: ۲۵۵) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۸ ، ۴۹۹ ، ۵۰۱) كتاب الحج ، مطلب فى طواف القدوم ، ط: ومطلب فى السعى بين الصفا والمروة ، ط: سعيد .

(۲) ومن حج عن كل من آمريه وقع عنه و ضمن مالها؛ لأنّه خالفهما ولايقدر على جعله عن أحدهما لعدم الأولوية....... (الدر المختار مع الرد: (۲/٦۰۷) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، ط : سعيد)

إرشاد السارى : (ص: ٦۲۸ ، ٦۲۹) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط جواز الإحجاج ، الخامس عشر : أن يفرد الإهلال لواحد ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنية الناسک : (ص: ۳۲۵) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط النيابة فى الحج الفرض ، السابع : أن يفرد الإهلال لواحد معين ، ط : إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

کے خلاف کوئی کام نہیں کیا تو کوئی جزاء لازم نہیں ہوگی، اور اگر احرام کے خلاف کوئی کام کیا ہے تو مفتیان کرام سے مسئلہ معلوم کرکے اس کے مطابق عمل کرے۔(۱)

عمرہ کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں

''حج کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۱۸۵)

عمرہ کرنے والے پر طواف قدوم

عمرہ کرنے والے پر طواف قدوم نہیں ہے۔(۲)

عمرہ کرنے والے نے حرم سے باہر سر منڈوایا

اگر عمرہ کے احرام سے حلال ہونے کے لئے حرم سے باہر سر منڈوایا یا قصر کیا

---

(۱) ان الحلق أو التقصير واجب لما ذكرنا ، فلايقع التحلل الا بأحدهما ولم يوجد فكان إحرامه باقيًا . (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۰) كتاب الحج ، فصل : وأمّا الحلق أو التقصير ، ط: سعيد)

🗁 وفى حق المعتمر لايختصّ بالزمان وبالمكان بلاخلاف وفى الهداية : والتقصير والحلق فى العمرة غير موقت بالزمان بالإجماع ، فإن لم يقصر حتٰى رجع وقصر فلا شيئ عليه فى قولهم جميعًا . (التاتارخانية : (۲/۵۴۴) كتاب الحج ، الفصل الرابع عشر : فى الحلق والتقصير ، ط:إدارة القرآن)

🗁 شرح اللباب : (ص: ۲۵۴) فصل فى زمان الحلق ومكانه و شرائط جوازه ، ط: بيروت .

🗁 ويختصّ حلق الحاج بالزمان والمكان عند أبى حنيفة رضى اللّٰه عنه ، وحلق المعتمر بالمكان . (غنية الناسك : (ص: ۱۷۵) باب مناسك منٰى يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، ط: إدارة القرآن)

(۲) وهو سنة للآفاقى المفرد بالحج والقارن ، ولو دخل قبل الأشهر كما مرّ ، فلايسنّ للمعتمر والمتمتع والمكى ولا لأهل المواقيت ومن دونها إلى مكّة . (غنية الناسك : (ص: ۱۰۸) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى أحكام طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۹۸) باب أنواع الأطوفة ، الأوّل : طواف القدوم ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الفقه الإسلامى وأدلّته : (۳/۱۴۴ ، ۱۴۵) الباب الخامس : الحج والعمرة ، المبحث الخامس ، المطلب الثان : الطواف ، طواف القدوم ، ط: دار الفكر .

تو حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

عمرہ کرنے والے نے سعی سے پہلے حلق کرلیا

اگر عمرہ کرنے والا بیت اللہ شریف کے طواف کے بعد سعی سے پہلے سر منڈوا کر حلال ہوگیا اور سعی بھی نہیں کی، تو اس پر دو دم واجب ہوں گے، ایک ترتیب ساقط کرنے کی وجہ سے یعنی طواف کے بعد سعی کرکے سر منڈانا ترتیب سے واجب ہے اس واجب کو ترک کرنے کی وجہ سے ایک دم دینا واجب ہوگا اور دوسرا دم سعی کو ترک کرنے کی وجہ سے واجب ہوگا۔(۲)

عمرہ کیا، حلق یا قصر سے پہلے دوسرے عمرہ کا احرام باندھ لیا

''عمرہ پر عمرہ کا احرام باندھ لیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/۱۸۹)

---

(۱) يختص حلق الحاج بالزمان والمكان ...... وحلق المعتمر بالمكان ...... فلو حلق أو قصّر فى غير ما توقت به لزمه الدم .... (إرشاد السارى : (ص: ۳۲۵) باب مناسك منى ، فصل : فى زمان لاحلق ومكانه و شرائط جوازه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۱۷۵) باب مناسك منى يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، مطلب : يختص حلق الحاج بالزمان والمكان ، ط: إدارة القرآن .

🗁 بدائع الصنائع : (۲/۱۴۱) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان زمانه ومكانه ، ط: سعيد .

(۲) (قوله: ودمان لو حلق القارن قبل الذبح) أى يجب دمان عند أبى حنيفة بتقديم القارن أو المتمتّع الحلق على الذبح...... فإنّه قال: فعليه دمان عند أبى حنيفة، ودم بالحق فى غير أوانه...... ودم لتأخير الذبح عن الحلق...... (البحر الرائق: (۳/۲۴، ۲۵) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۵۰۷) با الجنايات وأنواعها ، ط:النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى ترك الترتيب بين أفعال الحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسك : (ص: ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل السابع : فى ترك الترتيب فى أفعال الحج ...... المطلب العاشر : فى ترك الترتيب بينا لرمى والذبح والحلق ، ط: إدارة القرآن .

🗁 وأحكام إحرامها كأحكام إحرام الحج من جميع الوجوه...... وكذا حكم فرائضها أى فى الجملة، و واجباتها...... (إرشاد السارى: (ص: ٦۵۲) باب العمرة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۱۹٦ ، ۱۹۷) باب العمرة ، ط: إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

عمرہ کی شرائط

عمرہ کی شرطیں اور حج کی شرطیں ایک ہیں۔(۱)

عمرہ کی نیت آفاقی کہاں سے کرے

آفاقی شخص اگر عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ آئے تو اپنی میقات سے عمرہ کا احرام باندھ کر آئے، ورنہ دم لازم ہوگا، اگر دم ساقط کرنا ہے تو دوبارہ کسی میقات میں واپس آ کر احرام باندھنا لازم ہوگا۔(۲)

عمرہ کے افعال ایک نظر میں	
احرامِ عمرہ	شرط
طوافِ معہ رمل	رکن
سعی	واجب
سَر منڈانا یا کتروانا	واجب

(۱) وشرائطها شرائط الحج إلّا الوقت . (غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۶۵۲) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامی : (۴۷۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۲) من جاوز وقته أی ميقاته الّذی وصل إليه ...... غير محرم بالنصب على الحال ، ثم أحرم أی بعد المجاوزة أولا أی لم يحرم بعدها فعليه العود أی فيجب عليه الرجوع إلى وقت أی إلى ميقات من المواقيت ...... وإن لم يعد أی مطلقًا فعليه دم ، أی لمجاوزة الوقت ...... فإن عاد أی المتجاوز قبل شروعه فی طواف أی من طواف نسک كطواف عمرة أو قدوم أو وقوف أی فی وقوف عرفة سقط أی الدم .... (إرشاد الساری : (ص: ۱۱۸ ، ۱۱۹) باب المواقيت ، فصل: فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۶۰) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: فصل : فی مجاوزة الآفاقی وقته ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۵۷۹/۲ ، ۵۸۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

عمرہ کے بعد حج

☆ اگر آفاقی نے حج کے مہینے شوال، ذی قعدہ یا ذی الحجہ کے شروع میں عمرہ کیا، پھر حج کیا تو یہ تمتع ہوگا۔(۱)

اور دس ذی الحجہ کو سر منڈوانے یا قصر سے پہلے دم شکر کی قربانی لازم ہوگی۔(۲)

☆ اور اگر آفاقی عمرہ کر کے وطن واپس چلا جائے اور پھر دوبارہ حج کے لئے آنا چاہے تو حج افراد، حج تمتع اور حج قران میں سے کوئی بھی حج کر سکتا ہے۔(۳)

☆ البتہ میقات کے اندر رہنے والے عمرہ کرنے کے بعد اسی سال حج نہ

(۱) هو ...... أن يفعل العمرة أو أكثر أشواطها فی أشهر الحج فلو طاف الأقلّ فی رمضان مثلاً ثم طاف الباقی فی شوال ثم حج من عامه كان متمتّعًا . (شامی : (۵۳۵/۲ ، ۵۳۶) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۱۲) باب التمتّع، فصل: فی ماهية التمتّع وشرائطه، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۸۰) باب التمتّع ، فصل : فی شرائطه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

(۲) يجب على القارن والمتمتّع هدى شكرا لما وفّقه اللّٰه تبارک وتعالىٰ للجمع بين النسكين فی أشهر الحج لسفر واحد ...... ويختصّ بالمكان وهو الحرم ، والزمان وهو أيّام النحر .... (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۶۸ ، ۳۶۹) باب القران ، فصل : فی هدى القارن والمتمتّع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۶) باب القران ، فصل : فی هدى القارن والمتمتّع ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۵۳۲/۲) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

(۱) (والمكی ومن فی حكمه يفرد فقط) ولو قرن أو تمتّع جاز وأساء وعليه دم جبر، (قوله: يفرد فقط) هٰذا ما دام مقيمًا ، فإذا خرج إلى الكوفة وقرن صح بلاكراهة ؛ لأنّ عمرته وحجته ميقاتيان و صار بمنزلة الآفاقی . (الدر مع الرد : (۵۳۹/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۱۹) باب التمتّع ، فصل : لاتمتّع ولاقران ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۸۵) باب التمتّع ، فصل : فی تمتّع المكی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

Baitul-Ammar

کریں، اگر عمرہ کے بعد حج کریں گے تو دم جبر لازم ہوگا۔(۱)

عمرہ کے بعد حج سے پہلے

عمرہ کے احرام سے فارغ ہونے کے بعد سے حج کا احرام باندھنے تک جو وقفہ ہے، اس میں جس طرح کسی اور چیز کی پابندی نہیں، اسی طرح میاں بیوی کے تعلق کی بھی پابندی نہیں ہے، اس لئے عمرہ سے فارغ ہو کر حج کا احرام باندھنے سے پہلے بیوی سے ملنا جائز ہے، اس سے حج کا ثواب ضائع نہیں ہوتا، اور آئندہ سال حج دوبارہ کرنا بھی لازم نہیں ہوتا۔(۲)

عمرہ کے بعد عمرہ کرنا

’’سعی سے فارغ ہو کر کیا کرنا چاہئے‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۲/۴۳۵)

عمرہ کے بعد مکہ مکرمہ میں قیام

☆ عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد تمتع کرنے والا حاجی حلال ہوجاتا ہے۔(۳)

---

(۱) (مکی) ومن بحكمه (طاف لعمرته ولو شوطًا) أی أقلّ أشواط (فأحرم بالحج رفضه) وجوبًا...... (وعليه دم). (الدر المختار مع رد المحتار: (۲/۵۸۴، ۵۸۵) كتاب الحج، باب الجنايات، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۴۱۶، ۴۱۷) باب إفاضة أحد النسكين إلى الآخر والجمع بينهما معًا، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۳۰) باب الجمع بين النسكين، فصل: فی الجمع المكروه بين عمرة وحج، مطلب: فی جمع المكی ومن بمعناه، ط: إدارة القرآن.

(۲، ۳) وإن كان الفارغ متمتّعًا أی من وصفُه أنّه لم يسق الهدى أو مفردًا بعمرة أی فی غير الأشهر سواء ساق الهدى أم لا، فعليه أن يحلق ...... ويحلّ أی يخرج من إحرامه، وهو تأكيد، وإلّا فليس على أن يأتی بسائر محظورات إحرامه بعد الحلق أو التقصير، بل يباح له كما قال تعالىٰ: ﴿وإذا حللتم فاصطادوا﴾ ...... (إرشاد السارى: (ص: ۲۵۸، باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فإذا فرغ من السعی، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۱۵) باب التمتّع، فصل: فی كيفية أداء التمتّع المسنون، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامی: (۲/۵۳۷) كتاب الحج، باب التمتّع، ط: سعيد.

اب مکہ معظّمہ کے قیام کو غنیمت خیال کریں، اور زیادہ سے زیادہ طواف کریں، حرم میں جماعت کے ساتھ نماز، تلاوت اور ذکر واذکار اور استغفار وغیرہ کا اہتمام رکھیں۔(۱)

یہاں ہر نیکی کا ثواب ایک لاکھ گنا ملتا ہے۔

---

(۱) ويستحب أن يصوم ما أمكنه أيّام مقامه بالحرمين ٠ى لتضاعف الحسنة فی حرم مكّة...... وأن يتصدّق على أهلهما ...... ويستكثر من اعمال الخير كلها أی من غير الصوم والصدقه، من صلاة النافلة و التلاوة، وملازمة الذكر ومداومة الفكر ...... ويستحب ختم القرآن بالمساجد الثلاثة ...... والإكثار من الاعتمار أی عند الجمهور والطواف أی بلاخلاف بمكّة المشرّفة، والنظر إلى البيت الشريف عبادة ...... والصلاة مع الجماعة أی لزيادة المضاعفة .... (إرشاد السارى: (ص: ۷۵۹، ۷۴۱، ۷۵۲) باب زيارة سيد المرسلين صلى الله عليه وسلم، فصل: فی استحباب الإكثار من أعمال البر بالحرمين، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۳۷، ۱۴۱) باب السعين بين الصفا والمروة، فصل: فيما ينبغی له الاعتناء بعد الفراغ من السعی أيّام مقامة بمكّة، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (۲/۵۰۲) كتاب الحج، مطلب: الصلاة أفضل من الطواف وهو أفضل من العمرة، ط: سعيد.

🗁 ومن أهم ما ينبغی للحاج وغيره أن لاتفوته صلاة فی المسجد الحرام، فانّها فيه أفضل منها فی غيره من المساجد حتى مسجد المدينة المنوّرة، فعن عبد الله ابن الزبير رضی الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: صلاة فی مسجدی هذا أفضل من ألف صلاة فيما سواه من المساجد إلّا المسجد الحرام وصلاة فی المسجد الحرام أفضل من مائة صلاة فی هذا...... ثم هٰذه المضاعفة تختصّ بالفرائض عندنا وعند االمالكية، أمّا النوافل ففی البيت أفضل للنص القولی والفعلی...... أن المشهور عند أصحابنا أن التضعيف يعم جميع مكّة بل جميع حرمها الّذی يحرم صيده، كما صحّحه النووی ليس كما ينبغی، نعم مضاعفة الحسنة مطلقًا بمائة ألف تعم الحرم كله لحديث، وحسنات الحرم، الحسنة بمائة ألف حسنة...... (غنية الناسک: (ص: ۱۴۱، ۱۴۲، ۱۴۳) باب السعی بين الصفا والمروة، فصل: فيما ينبغی له الاعتناء بعد الفراغ من السعی أيّام مقامه بمكّة، مطلب: فی مضاعفة الصلاة فی المسجد الحرام، ط: إدارة القرآن)

🗁 شامی: (۲/۵۲۴، ۵۲۵) كتاب الحج، مطلب: فی مضاعفة الصلاة بمكّة، ط: سعيد.

🗁 البحر العميق: (۱/۱۴۸، ۱۵۲) الباب الأوّل: فی الفضائل، فصل: فی المسجد الحرام والصلاة فيه، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

Baitul-Ammar

☆ اگر چاہیں تو اس زمانہ میں نفلی عمرے بھی اپنے اور دوسرے کے لئے کرسکتے ہیں۔(۱)

ایسی صورت میں بہتر یہ ہے کہ اپنی قیام گاہ پر ہی پہلے غسل کرلیں اور اگر غسل کرنے کا موقع نہیں ہے تو وضو کرلیں پھر احرام کی چادر باندھ کر تنعیم یا جعرانہ چلے جائیں، وہاں شاندار مسجد ہے، وضو، غسل تمام چیزوں کا انتظام ہے، اگر مکروہ وقت نہ ہو تو وہاں جاکر پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد کی نماز پڑھیں، پھر دو رکعت نماز احرام کی نیت سے پڑھیں نماز سے فارغ ہونے کے بعد سر سے ٹوپی یا کپڑا اتار دیں، بیٹھ کر عمرہ کی نیت کریں، اس کے بعد تین مرتبہ بلند آواز سے تلبیہ یعنی ''لبیک اللھم لبیک'' آخر تک پڑھیں، پھر مکہ مکرمہ واپس آکر حسب قاعدہ عمرہ ادا کریں۔(۲)

---

(۱) وأقام بكّة حلالاً يطوف بالبيت ما بداله ، ويغنى بسائر ما سبق له فى فصل ما ينبغى الاعتناء به بعد السعى ، ويعتمر قبل الحج ماشاء . (غنية الناسک : (ص: ۲۱۵) باب التمتّع ، فصل : فى كيفية أداء التمتّع المسنون ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۴۰۸) باب التمتّع ، فصل : فى التمتّع على نوعين ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 شامى : (۵۳۷/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد.

(۲) وأمّا ميقات أهل الحرم ، والمراد به كل من كان داخل الحرم ، سواء كان أهله أو لا ، مقيمًا به أو مسافرًا ، فالحرم للحج ...... والحل للعمرة ، والأفضل إحرامها من التنعيم من معتمر عائشة رضى اللّٰه عنها، ...... ثم من الجعرانة .... (غنية الناسک : (ص: ۵۷ ، ۵۸) باب المواقيت ، فصل : وأمّا ميقات أهل الحرم ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۱۷) باب المواقيت ، فصل : فى ميقات أهل الحرم ، (الصنف الثالث) ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 إذا أراد (أى الناسک) أن يحرم (أى بحج أو عمرة أو بهما) يستحب أن يقص شاربه ...... ويغتسل بسدر أو نحوه ...... ينويه للإحرام أو يتوضأ والغسل أفضل ...... ثم يتجرد عن الملبوس المحرّم على المحرم ...... ثم يصلى ركعتين بعد اللبس ينوى بها سنة الإحرام ...... فإذا (أى فرغ من صلاته) فالأفضل أن يحرم وهو جالس مستقبل القبلة فى مكانه ، فيقول بلسانه مطابقًا لجنانه اللّٰهم إنّى أريد الحج فيسّره لى وتقبله منى نويتُ الحج واحرمت به للّٰه تعالىٰ. =

☆ مکہ مکرمہ کے قیام کے دوران اپنے علاوہ اپنے والدین، عزیزوں اور دوستوں کی طرف سے عمرہ کرسکتے ہیں، حنفی مذہب میں اس کی اجازت ہے۔(۱)

عمرہ کے تین کام

عمرہ کے صرف تین کام ہیں:

① ایک یہ کہ میقات یا اس سے پہلے عمرہ کا احرام باندھے۔

② دوسرے یہ کہ مکہ مکرمہ پہنچ کر بیت اللہ شریف کا طواف کرے۔

③ تیسرے یہ کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے، اس کے بعد سر کے بال ایک پورتک کٹوا کر یا منڈوا کر احرام ختم کردے۔(۲)

عمرہ کے فرائض

عمرہ میں دو فرض ہیں: ایک احرام، دوسرا طواف، اور احرام کے لئے نیت اور

= ثم يلبّى لبيک اللّٰهم لبيک...... . (إرشاد السارى : (ص: ۱۳۶ ، ۱۳۷ ، ۱۳۸ ، ۱۳۹ ، ۱۴۰ ، ۱۴۱) باب الإحرام ، فصل : فى صفة الإحرام ، وفصل : فى التجرد عن الملبوس المحرّم ...... وفصل : فى ركعتى الإحرام .... (الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۴۸۲/۲ ، ۴۸۳) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، ط: سعيد.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۷۳، ۷۴) باب الإحرام، فصل: فى كيفية الإحرام و صفة التلبية، ط: إدارة القرآن.

(۱) ولو أهل (أى بحجة أو عمرة) عن أبويه...... بلا أمر فله أن يجعل لهما ثوابه أو لأحدهما...... . (إرشاد السارى : (ص: ۶۳۳ ، ۶۳۴) باب الحج عن الغير ، فصل: فى شرائط جواز الإحجاج، الخامس عشر : ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 شامى : (۶۰۸/۲) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ،ط : سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲۷) باب الحج عن الغير ، فصل : فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن .

(۲) وهى إحرام وطواف وسعى وحلق أو تقصير . (شامى : (۴۷۲/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى أحكام العمرة ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۶) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

Baitul-Ammar

تلبیہ دونوں فرض ہیں۔(۱)

اور طواف کے لئے طواف کرنے کی نیت فرض ہے۔(۲)

عمرہ کے فضائل

☆ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''حج اور عمرہ ایک ساتھ کرو، کیونکہ وہ دونوں تنگدستی اور گناہوں کو ایسے دور کر دیتے ہیں جیسے کہ بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کو دور کرتی ہے۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ اگر حج اور عمرہ اخلاص کے ساتھ کیے جائیں تو ان سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور ان دونوں کی برکت سے فقر و فاقہ بھی دور ہوجاتا ہے۔(۳)

---

(۱) وأمّا فرائضها أی مجملة فالطواف والنية...... والإحرام ، وفيهما فرضان وهما النية والتلبية كما فی إحرام الحج. (إرشاد السارى: (ص: ۶۵۴) باب العمرة، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۶) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۲/۴۷۲ ، ۴۷۹) كتاب الحج ، مطلب: أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۲) بقى من فرائض الحج : نية الطواف . (شامى : (۲/۴۶۷) كتاب الحج ، مطلب : فى فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۱۰) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ، فصل: فى أركان الطواف و شرائطه ، مطلب : فى نية الطواف و فروعها ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۲۰۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى شرائط صحة الطواف ، وفصل : فى تحقيق النية ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) عن عبد اللّٰه قال : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : تابعوا بين الحج والعمرة ، فإنّهما ينفيان الفقر والذنوب كما ينفى الكير خبث الحديد ، والذهب والفضة ، وليس للحج المبرور ثواب إلّا الجنّة .... (جامع الترمذى : (۱/۲۸۸) أبواب الحج عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، باب ماجاء فى ثواب الحج والعمرة ، ط: رحمانيه)

🗁 مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۲) كتاب المناسک ، الفصل الثانى ، ط: قديمى .

🗁 سنن ابن ماجه : (ص: ۲۰۷) أبواب المناسک ، باب فضل الحج والعمرة ، ط: الميزان .

☆ حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا رمضان میں عمرہ کا ثواب ایک حج کے برابر ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ اس حج کے برابر ہے جو میرے ساتھ کیا ہو۔(۱)

☆ نیز حدیث شریف میں یہ بھی ہے کہ حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، اگر وہ اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگتے ہیں، تو وہ قبول فرماتے ہیں، اور اگر خطائیں معاف کرواتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں کو معاف کرتے ہیں۔(۲)

عمرہ کے لئے جائے اور حج کرلے تو.....

اگر کوئی شخص عمرہ کا ویزا لے کر مکہ مکرمہ جائے اور وہاں جا کر چھپ جائے اور حج کرلے تو یہ جائز ہے یعنی حج اور عمرہ ادا ہوجائے گا۔(۳)

---

(۱) عن أم معقل عن النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم قال : عمرة فى رمضان تعدل حجة ...... وفى حاشيته عن شرح مؤطا و فى رواية " معى " . (جامع الترمذى مع حاشيته للمحدث أحمد على السهارنفورى : (۱/۳۱۰) أبواب الحج عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : باب ماجاء فى عمرة رمضان ، ط: رحمانيه)

🗁 مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۱) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى .

🗁 سنن ابن ماجه : (ص: ۲۱۵) أبواب المناسک ، باب العمرة فى رمضان ، ط: الميزان .

(۲) عن أبى هريرة ، عن النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم : أنّه قال : الحاج والعمار وفد اللّٰه إن دعوه أجابهم ، وإن استغفروه غفر لهم . رواه ابن ماجه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۳) كتاب المناسک ، الفصل الثانى ، ط: قديمى)

🗁 سنن ابن ماجه : (ص: ۲۰۸) أبواب المناسک ، باب فضل ادعاء الحاج ، ط: الميزان .

(۳) والفقير الآفاقى إذا وصل إلى ميقات فهو كالمكى ...... وينبغى أن يكون الغنى الآفاقى كذلک إذا عدم المركوب بعد وصوله إلى أحد المواقيت ...... وليفيد أنّه يتعين عليه أن ينوى حج الفرض ليقع عن حجة الإسلام . (إرشاد السارى : (ص: ۵۶ ، ۵۷) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۸) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامى : (۲/۴۶۰) كتاب الحج ، ط: سعيد .

Batul-Ammar

عمرہ کے واجبات

عمرہ میں دو واجب ہیں:

① ایک صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔

② دوسرا سر کے بال منڈوانا یا ایک پور تک کتروانا ہے۔(۱)

عمرہ میں بدنہ واجب نہیں ہوتا

عمرہ کے کسی واجب کے ترک کرنے سے ”بدنہ“ یعنی پورا اونٹ، پوری گائے یا صدقہ واجب نہیں ہوتا بلکہ صرف دم یعنی ایک بکری یا گائے اور اونٹ کا ساتواں حصہ واجب ہوتا ہے، لیکن عمرہ کے احرام میں احرام کے ممنوعات کا ارتکاب کرنے سے حج کے احرام کی مانند دم یا صدقہ واجب ہوتا ہے۔(۲)

عمرہ میں تلبیہ کب تک پڑھے

عمرہ میں تلبیہ طواف شروع کرنے تک پڑھے اس کے بعد نہ پڑھے۔(۳)

---

(۱) و واجباتها : السعى أى بين الصفا والمروة ، والحلق أو التقصير ، أى بعده جوازًا . (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۶) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، ط : إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۲/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۲) لاتجب بدنة بإفسادها بل تجب شاة إذا وقع الجماع قبل الطواف كله أو أكثر، بل ولا تجب البدنة فى العمرة قط ...... الثامن : عدم وجوب البدنة بطوافها جنبا أو حائضًا أو نفساء ، أى بل تجب شاة ...... الحادى عشر : أنّه لامدخل للصدقة بالجناية فى طوافها بخلاف طواف الحج . (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة وتسمى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۴۷۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۳) أنّه يقطع التلبية عند الشروع فى طوافها . (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۹۹) باب العمرة ...... فصل: فى كيفية أداء العمرة، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامى : (۵۳۷/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد .

عمرہ میں حج کا احرام باندھ لیا

اگر کسی نے پہلے صرف عمرہ کا احرام باندھا، پھر عمرہ کے طواف کے چار شوط (چکّر) پورے ہونے سے پہلے حج کا احرام باندھ لیا تو بھی قران ہو جائے گا، اور اگر عمرہ کے طواف کے چار شوط کرنے کے بعد حج کا احرام باندھ لیا تو قران نہیں ہوگا۔(۱)

عمرہ میں طواف وداع

عمرہ میں طواف وداع واجب نہیں ہے البتہ افضل ہے، اس لئے اگر کوئی شخص عمرہ کرنے کے بعد طواف وداع کے بغیر رخصت ہو جائے گا تو کوئی حرج نہیں ہوگا لیکن حج میں طواف وداع واجب ہے، اگر کوئی حاجی طواف وداع کے بغیر رخصت ہو جائے گا تو حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا، ورنہ واپس آ کر طواف وداع کرنا ہوگا، اور طواف زیارت کے بعد جو بھی نفلی طواف کرے گا وہ طواف وداع کا قائم مقام ہوگا۔(۲)

---

(۱) فالآفاقى إذا أدخل الحج أى إحرامه على العمرة أى على إحرامها فإن كان أى إدخاله عليها، قبل أن يطوف لها أكثره أو لم يطف شيئًا...... فقارن أى مسنون، وعليه دم شكر، وإن كان بعدما طاف لها أربعة أشواط فى أشهر الحج فهو متمتّع إن حج من عامه ذٰلک بلا إلمام. (إرشاد السارى: (ص: ۶۱۴) باب إضافة أحد النسكين، أمّا تفريعات القسم الأوّل، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 شامى : (۵۸۴/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗁 البحر الرائق : (۵۰/۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) لايجب بعدها طواف الصدر أى الوداع ولو كان المعتمر من أهل الآفاق ، وأراد السفر ، وهذا فى ظاهر الرواية ، وقال الحسن بن زياد : يجب . (إرشاد السارى : (ص: ۶۵۳) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة ، وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۴۷۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

🗁 وهو واجب على الحاج الآفاقى دون المكى والميقاتى والمراد به المفرد والمتمتّع والقارن ولايجب على المعتمر أى ولو كان آفاقيًا...... لكن قال أبو يوسف: إنّى أحبه للمكى أى ومن فى معناه...... فلو شاء طاف بعد الزيارة طوافًا أى أىّ طوافٍ كان يكون عن الصدر أى يقع عنه سواء نواه أم لا .ومن ترک طواف الصدر كله أو أكثره فعليه شاة أى لترک الواجب وما دام فى مكّة =

Baitul-Ammar

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ’’تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک روانہ نہ ہو جب تک خانہ کعبہ کا طواف نہ کرلے‘‘ اس کے مخاطب حجاج تھے۔(۱)

عمرہ میں وقوف عرفہ نہ ہونے کی وجہ

عمرہ میں ’’وقوف عرفہ‘‘ نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ عمرہ کرنے کا کوئی وقت متعین نہیں ، حج کے پانچ دنوں کے علاوہ پورے سال عمرہ کیا جاسکتا ہے، اس لئے عرفات کے میدان میں اجتماعی طور پر جمع ہونے کی صورت نہیں، اور انفرادی وقوف میں کچھ فائدہ نہیں۔

اور اگر حج کی طرح عمرہ کے لئے بھی وقت مقرر کیا جائے گا تو اس صورت میں عمرہ، عمرہ نہیں رہے گا بلکہ حج ہو جائے گا، اور عمرہ کو حج بنانا صحیح نہیں ہے۔

اور سال میں دو مرتبہ لوگوں کو حج کی دعوت دینے میں جو زحمت ہے وہ کسی سے مخفی نہیں ہے، اصل بات یہ ہے کہ عمرہ میں اصل مقصد بیت اللہ کی تعظیم اور زیارت ہے اور اللہ تعالی کی نعمتوں کا شکر بجالانا ہے، اور یہ مقصد طواف سے پورا ہو جاتا ہے، اس کے لئے عرفات کے میدان میں جمع ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔(۲)

= يؤمر بأن يطوفه . (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۶) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى الجناية فى طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۱۹۰ ، ۱۹۱ ، ۱۹۲) باب طواف الصدر ، وفصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۱) وأمّا مكانه فحول البيت لايجوز إلّا به لقول النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم : ” من حجّ هٰذا البيت فليكن آخر عهده به الطواف “ .... (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا مكانه ، (أى طواف الصدر) ط: سعيد)

(۲) وإنّما لم يشرع الوقوف بعرفة فى العمرة ؛ لأنّها ليس لها وقت معين ليتحقق معنى الاجتماع، فلا فائدة للوقوف بها ، ولو شرع لها وقت معين كانت حجًا ، وفى الاجتماع مرتين فى السنة مالا يخفى (أى من الحرج) ، وإنّما العمدة فى العمرة تعظيم بيت اللّٰه ، وشكر نعمة اللّٰه . (حجة اللّٰه البالغة : (۲/۶۱) مبحث : من أبواب الحج ، صفة المناسك ، قبيل : قصة حجة الوداع ، ط: كتب خانه رشيديه دهلى / مير محمد كراچى)

عمرہ میں یہ چیزیں نہیں ہیں

عمرہ میں وقوف عرفہ، وقوف مزدلفہ، شیطان کی رمی ، دو نمازوں کو جمع کرنا ، خطبہ اور طواف قدوم اور طواف زیارت نہیں ہیں۔(۱)

عمرے کے مکروہ ایام

نویں ذی الحجہ سے تیرہ ذی الحجہ تک پانچ دن حج کے ایام ہیں، ان دنوں میں عمرہ کی اجازت نہیں، اس لئے ان دنوں میں عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔(۲)

عورت احرام سے نکلنے کے لئے کتنے بال کاٹے

عورت احرام سے نکلنے کے لئے اپنے سر کے بالوں کو مٹھی میں پکڑ کر نیچے سے انگلی کے ایک پورے کے برابر بال خود کاٹ لے یا کسی دوسری عورت سے یا کسی محرم سے کٹوالے اور جتنے بھی عمرے کرے گی اتنی ہی مرتبہ اتنے بال کاٹنا ضروری ہیں اور اتنے ہی حج کے موقع پر کاٹے جائیں گے۔

---

(۱) قوله : ويفعل فيها كفعل الحاج) قال فى اللباب : وأحكام إحرامها كإحرام الحج من جميع الوجوه ...... وهى لاتخالفه إلى فى أمور ، منها : أنّها ليست بفرض وأنّها لاوقت لا معين ، ولا تفوت ، وليس فيها وقوف بعرفة ولا مزدلفة ولا رمى فيها ولا جمع أى بين صلاتين ولا خطبة ولا طواف قدوم ولاصدر ...... (شامى : (۲/۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب أحكام العمرة ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۱۹۷) باب العمرة ، وتسمّى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۶۵۳ ، ۶۵۴) باب العمرة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

(۲) الثانى : أنّه أى الشأن ليس لها وقت معين أى بالاتفاق بل جميع السنة وقت لها أى لجوازها إلّا أنّها تكره فى خمسة أيّام أى فى ظاهر الرواية ، يوم عرفة ويوم النحر ، وأيّام التشريق ....

(إرشاد السارى : (ص: ۶۵۳) باب العمرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۱۹۷) باب العمرة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۲/۴۷۳) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

ایک پورا انگلی کے ایک تہائی حصے کی مقدار کو کہتے ہیں۔(۱)

عورت احرام کی حالت میں چہرہ کھلا نہ رکھے

احرام کی حالت میں چہرے کو ڈھکنا جائز نہیں، لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ احرام کی حالت میں عورت کو پردہ نہ کرنے کی اجازت مل گئی، بلکہ جہاں تک ممکن ہو پردہ کرنا ضروری ہے، یا تو سر پر کوئی کیپ لگا لیا جائے اور اس کے اوپر سے کپڑا اس طرح ڈالا جائے کہ پردہ ہو جائے مگر کپڑا چہرہ کو نہ لگے، موجودہ دور میں حاجی کیمپ اور بازار میں یہ تیار ملتے ہیں، روانگی سے پہلے وہاں سے خرید لیں، اور احرام کی حالت میں پہنیں، یا عورت اپنے ہاتھ میں پنکھا وغیرہ رکھے، جہاں نامحرم مردوں کا سامنا ہو اسے چہرہ کے آگے کر لیا کرے۔(۲)

---

(۱) ثم قصر بأن يأخذ من كل شعرة قدر الأنملة وجوبًا وتقصير الكل مندوب، والربع واجب و فى الرد تحت قوله: بأنّ يأخذ الخ) قال: فى البحر والمراد بالتقصير أن يأخذ الرجل والمرأة من رؤوس شعر ربع الرأس مقدار الأنملة كذا ذكره الزيلعي، ومراده أن يأخذ من كل شعرة مقدار الأنملة...... (شامى مع الدر المختار: (۲/۵۱۵، ۵۱٦) كتاب الحج، مطلب: فى رمى جمرة العقبة، ط: سعيد)

🗁 وإذا حلق أى المحرم رأسه أى رأس نفسه أو رأس غيره أى ولو كان محرمًا عند جواز التحلل أى للخروج من الإحرام بأداء أفعال النسک لم يلزمه شيئ. (إرشاد السارى: (ص: ۳۲۴) باب مناسک منى، فصل: فى الحلق والتقصير، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۷۴) باب مناسک منى يوم النحر، فصل: فى الحلق، ط: إدارة القرآن.

🗁 وفى تهذيب اللغات للنووى: الأنامل أطراف الأصابع، وقال أبو عمر الشيبانى والسجستانى والجرمى: لكل أصبع ثلاث أنملات. (شامى: (۲/۵۱٦) كتاب الحج، مطلب فى رمى جمرة العقبة، ط: سعيد)

🗁 المعجم الوسيط: (۲/۹۵۵) باب النون، نمل، ط: دار الدعوة تركى.

(۲) وهى فيها كالرجل غير أنّها لاتكشف رأسها، وتكشف وجهها، والمراد بكشف الوجه عدم مماسة شيئ له، فلذٰلک يكره لها أن تلبس البرقع ...... فلو سدلت عليه شيئًا وجافته عنه جاز منه حيث الإحرام، لعدم كونه سترًا، وإلاّ فسدل الشيئ مستحب كما فى الفتح لكن فى النهاية =

اس میں شبہ نہیں کہ حج کے طویل اور پر ہجوم سفر میں عورت کے لئے پردہ کی پابندی بڑی مشکل ہے، لیکن جہاں تک ہو سکے پردہ کا اہتمام کرنا ضروری ہے، اور جو اپنے بس سے باہر ہو تو اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں گے۔

عورت پر بھی حج فرض ہوتا ہے

جس طرح استطاعت کی صورت میں مرد پر حج فرض ہوتا ہے اسی طرح استطاعت کی صورت میں عورت پر بھی حج فرض ہوتا ہے، البتہ جب تک کوئی محرم میسر نہ ہو حج ادا کرنے کے لئے جانا فرض نہیں ہوتا، اگر زندگی میں محرم کے ساتھ جا کر حج کر لیا تو بہتر ورنہ مرنے سے پہلے حج بدل کی وصیت کر دے۔(۱)

= والمحيط: أنّه واجب، والتوفيق أن الاستحباب عند عدم الأجانب، وأمّا عند وجودهم فالإرخاء واجب عليها عند الإمكان ...... (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۱٦۲) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 شامى: (۲/۵۲۷) كتاب الحج، قبيل: باب القران، ط: سعيد.

(۱) الرابع: المحرم أو الزوج لإمرأة بالغة، ولو عجوزًا ومعها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين وتجب عليها النفقة والراحلة لمحرمها؛ لأنّه محبوس عليها، فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقة الشاملة للراحلة ...... ثم اختلفوا أنّ المحرم أو الزوج شرط الوجوب أو شرط الأداء كما اختلفوا فى أمن الطريق؟ فقيل: الصحيح الأوّل، وقيل: الصحيح الثانى، وثمرته تظهر فى وجوب الوصية إذا ماتت قبل وجود المحرم أو نفقته على القول باشتراطها وفى وجوب نفقة المحرم وراحلته إذا أبى أن يحج معها إلاّ بهما ...... فمن قال بالأوّل، قال: لايجب عليها شيئ من ذٰلک، ومن قال: بالثانى، قال: وجب عليها جميع ذٰلک كذا فى الفتح، لكن مشى فى اللباب على الثانى مع أنّه قال: لايجب عليها التزوج. (غنية الناسک: (ص: ۲٦، ۲۷، ۲۹) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط وجوب الأداء، الرابع، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۷٦، ۷۸، ۸۱) باب شرائط الحج، النوع الثانى: شرائط الأداء، الشرط الرابع: المحرم الأمين للمرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۲/۴٦۵) كتاب الحج، ط: سعيد.

Baitul-Ammar

عورت پر حج کب فرض ہوتا ہے؟

عورت پر اس وقت حج فرض ہوتا ہے جب اس کے پاس اس قدر روپیہ ہو جس قدر روپیہ کا حج پر جانے کے لئے حکومت کی طرف سے اعلان ہوتا ہے، البتہ حج فرض ہونے کے بعد ادا کرنا اس وقت فرض ہوگا جب اس کے پاس اپنا اور ساتھ جانے والے محرم کا بھی خرچہ ہو ورنہ ادا کرنا فرض نہیں ہوگا بلکہ موت سے پہلے حج بدل کے لئے وصیت کرنا لازم ہوگا۔

اگر کسی عورت کو اس کے شوہر یا باپ یا بھائی یا بیٹے وغیرہ نے مالک بنا کر اتنی رقم دی جو حکومت کے اعلان کے مطابق حج میں جانے کے لئے کافی ہے، اور اس پر قرض وغیرہ بھی نہیں ہے تو اس پر حج فرض ہوجائے گا، اسی طرح اگر اتنے زیورات ملے جن کی مالیت کی رقم حکومت کے اعلان کے مطابق حج کے خرچہ کے لئے کافی ہے، اور اس پر قرض وغیرہ بھی نہیں ہے تو اس پر حج فرض ہوجائے گا، البتہ حج ادا کرنا اس وقت فرض ہوگا جب محرم میسر ہوگا یا شوہر کے ساتھ جانے کا اتفاق ہو، ورنہ حج بدل کے لئے وصیت کر کے جانا لازم ہوگا تا کہ ورثاء اس کے ایک تہائی ترکہ سے اس کا حج بدل کرادیں۔(۱)

(۱) الرابع: المحرم أو الزوج لإمرأة بالغة ، ولو عجوزًا ومعها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين وتجب عليها النفقة والراحلة لمحرمها ؛ لأنّه محبوس عليها ، فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقة الشاملة للراحلة ...... ثم اختلفوا أنّ المحرم أو الزوج شرط الوجوب أو شرط الأداء كما اختلفوا فى أمن الطريق ؟ فقيل : الصحيح الأوّل ، وقيل : الصحيح الثانى ، وثمرته تظهر فى وجوب الوصية إذا ماتت قبل وجود المحرم أو نفقته على القول باشتراطها وفى وجوب نفقة المحرم وراحلته إذا أبى أن يحج معها إلاّ بهما ...... فمن قال بالأوّل ، قال : لايجب عليها شيئ من ذٰلک ، ومن قال : بالثانى ، قال : وجب عليها جميع ذٰلک كذا فى الفتح ، لكن مشى فى اللباب على الثانى مع أنّه قال : لايجب عليها التزوج . (غنية الناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۷ ، ۲۹) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الرابع ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۷۶ ، ۷۸ ، ۸۱) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الشرط الرابع : المحرم الأمين للمرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۴۶۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

عورت تلبیہ آہستہ پڑھے

عورت کو بلند آواز سے تلبیہ پڑھنا منع ہے، اس لئے تلبیہ آہستہ آواز سے پڑھے۔(۱)

عورت عمرہ سے فارغ نہیں ہوئی حج کا وقت آگیا

اگر عورت عمرہ کے احرام کی نیت کر کے مکہ مکرمہ پہنچ گئی، لیکن ایام شروع ہونے کی وجہ سے عمرہ کے افعال ادا کرنے کا موقع نہیں ملا اور حج کے لئے روانگی کا وقت آگیا، تو عمرہ کا احرام کھول کر حج کا احرام باندھ لے، اور نماز نہ پڑھے بلکہ غسل یا وضو کر کے حج کے احرام کی نیت کرلے اور حج کے تمام افعال مکمل کرے، البتہ طواف زیارت کو پاک ہونے تک مؤخر کرے پاک ہونے کے بعد غسل کر کے طواف زیارت کرے، اگر پاکی میں تاخیر ہونے کی وجہ سے طواف زیارت میں بارہ ذی الحجہ سے تاخیر ہوجائے گی تو دم واجب نہ ہوگا، اور وہ عمرہ جو پاک نہ ہونے کی وجہ سے توڑ دیا تھا اس کو مسجد تنعیم وغیرہ سے احرام باندھ کر کرلے۔(۲)

(۱) ولاتجهر بالتلبية ، بل تسمع نفسها دفعًا للفتنة . (غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فى إحرام الإمرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد.

(۲) وحيضها لايمنع نسكا إلاّ الطواف، فهو حرام من وجهين : دخولها المسجد، وترک واجب الطهارة، فلو حاضت قبل الإحرام، اغتسلت وأحرمت، وشهدت جميع المناسک، إلاّ الطواف، والسعى؛ لأنّه لايصح بدون الطواف ولايلزمها دم لترک الصدر، وتأخير الزيارة عن وقته لعذر الحيض والنفاس. (غنية الناسک: (ص: ۹۴، ۹۵) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة. =

Baitul-Ammar

عورت کا عورت کے ساتھ سفر کرنا

عورت کا کسی ایسی عورت کے ساتھ حج کا سفر کرنا جس کا شوہر ساتھ ہو، یا ایسی خاتون کے ساتھ جانا جس کے ساتھ اس کا محرم ہو جائز نہیں ہے، یعنی عورت، عورت کے ساتھ حج کا سفر نہیں کرسکتی خواہ دوسری عورت کے ساتھ اس کا شوہر یا محرم ہو یا نہ ہو۔(۱)

عورت کو حج بدل پر بھیجنا

افضل اور بہتر یہ ہے کہ کسی ایسے مرد کو حج بدل کے لئے بھیجا جائے جو نیک کار، دیندار، متقی اور پرہیزگار ہو، اللہ تعالی سے ڈرتا ہو، اور حج کے مسائل کو اچھی طرح جانتا ہو، اور اپنا حج ادا کرچکا ہو، تاہم اگر کسی عورت میں یہ تمام باتیں ہیں تو اس سے

= الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

عن عائشة رضى اللّٰه عنها قالت : خرجنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فى حجة الوداع ...... فكنت أنا ممن أهل بعمرة قالت : فخرجنا حتى قدمنا مكّة فأدركنى يوم عرفة وأنا حائض ، لم أحل من عمرتى ، فشكوتُ ذٰلك إلى النّبى صلى اللّٰه عليه وسسلم فقال : دعى عمرتك ، وانقضى رأسك وامتشطى وأهلى بالحج ، قالت : ففعلت ، فلما كانت ليلة الحصبة، وقد قضى اللّٰه حجنا ، أرسل معى عبد الرحمٰن بن أبى بكر فأردفنى وخرج إلى التنعيم فأهللت بعمرة .... (سنن ابن ماجه : (ص: ۲۱۵) كتاب المناسك ، باب العمرة من التنعيم ، ط: ميزان)

(۱) الرابع : المحرم أو الزوج لإمرأة بالغة ، ولو عجوزًا ومعها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين فى مسيرة سفر . (غنية الناسك : (ص: ۲۶) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۷۶ ، ۷۷) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الشرط الرابع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۴۶۴/۲ ، ۴۶۵) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم : يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد .

حج بدل کرانے سے حج بدل ہوجائے گا لیکن مرد کو بھیجنا زیادہ بہتر ہے۔(۱)

عورت کے سر پر بال نہیں

اگر بیماری یا بار بار عمرہ کرنے کی وجہ سے عورت کے سر پر بال نہ ہوں تو عمرہ اور حج میں قربانی کے بعد قینچی چلانے سے حلال ہوجائیگی، اور اگر بالکل بال نہ ہوں تب بھی قینچی چلانے سے حلال ہوجائے گی جیسا کہ گنجا مرد سر پر استرہ چلانے سے حلال ہوجاتا ہے، چاہے استرہ چلانے سے بال بالکل نہ آئیں، اسی طرح عورت قینچی چلانے سے حلال ہوجائے گی۔

واضح رہے کہ عورت کے لئے حلق کرنا کسی حال میں بھی جائز نہیں ہے اس لئے عورت حلق نہیں کرسکتی بلکہ قینچی چلائے گی۔(۲)

---

(۱) فجاز حج الصرورة بمهملة: من لم يحج، والمرأة ولو أمة والعبد وغيره كالمراهق، وغيرهم أولىٰ لعدم الخلاف، وفى الرد تحت قوله: (وغيرهم أولىٰ لعدم الخلاف) أى خلاف الشافعى، فإنّه لايجوز حجهم كما فى الزيلعى، ح، ولا يخفى أن التعليل يفيد أنّ الكراهة تنزيهية؛ لأنّ مراعاة الخلاف مستحبة فافهم...... وقال فى الفتح أيضًا: والأفضل أن يكون قد حج عن نفسه حجة الإسلام خروجًا عن الخلاف، ثم قال: والأفضل إحجاج الحر العالم بالمناسك الّذى حج عن نفسه....... (الدر مع الرد: (۶۰۳/۲) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب: فى حج الصرورة، ط: سعيد)

إرشاد السارى : (ص: ۶۳۷ ، ۶۳۸ ، ۶۳۹) باب الحج عن الغير ، حكم حج الصرورة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

غنية الناسك : (ص: ۳۳۷) باب الحج عن الغير ، فصل : فيما ليس من شرائط النيابة فى الحج ، ط: إدارة القرآن.

(۲) ويجب إجراء الموسى على الاقرع، وفى الشامية: قوله: ويجب إجراء الموسىٰ على الاقرع، هو المختار كما فى الزيلعى والبحر واللباب غيرها، وقيل استحبابًا، قال فى شرح اللباب، وقيل استنانا وهو الأظهر. (شامى: (۵۱۶/۲) كتاب الحج، قبيل: مطلب فى طواف الزيارة، ط: سعيد)

قوله: ويجب إجراء الموسىٰ أى على الأصح، وقيل يستحب "هندية" قوله على اقرع مثله إذا جاء وقت الحلق ولم يكن على رأسهٖ شعر، بأن حلق قبل ذٰلك، وإنّما وجب إجراء الموسىٰ لأنه لما عجز عن الحلق والتقصير يجب عليه التشبه بالحلق كالمفطر فى شهر رمضان يجب عليه التشبه بالصائم، ولأنّ الواجب عليه إجراء الموسىٰ. =

Baitul-Ammar

عورت کے لئے خاص لباس

عورتوں کو احرام باندھنے کے لئے کسی خاص قسم کا لباس پہننا لازم نہیں ہے، اس لئے خواتین احرام میں سلے ہوئے کپڑے بدستور پہنتی رہیں، خواہ کسی رنگ کے بھی ہوں، انکا احرام یہ ہے کہ چہرہ کھلا رکھیں اور ہاتھوں میں دستانے نہ پہنیں یہی بہتر ہے، البتہ غیر محرم مرد ہوں تو ان کے سامنے پردہ اس طرح کریں کہ کپڑا وغیرہ چہرہ کے برابر میں رہے اور چہرہ سے نہ لگے، اور اگر کپڑے وغیرہ سے ہاتھوں کو چھپانا چاہتی ہیں تو چھپالیں۔(۱)

= (حاشية الطحطاوى على الدر المختار: (۱/ ۵۰۷) كتاب الحج، ط: رشيديه كوئٹه)
الهندية : (۱/ ۲۳۱) كتاب المناسك ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.
ولاحلق على المرأة لما روى عن ابن عبّاس رضى الله عنهما عن النّبىّ ﷺ أنّه قال: ليس على النّساء حلق، وإنّما عليهنّ تقصير، وروت عائشة رضى الله عنها أنّ النّبىّ ﷺ أنّه نهٰى المرأة أن تحلق رأسها، ولأنّ الحلق فى النّساء مثلة ولهٰذا لم تفعله واحدة من نساء رسول اللهﷺ ولكنّها تقصر، فتأخذ من أطراف شعرها قدر أنملة لما روى عن عمر رضى الله تعالىٰ عنه أنّه سئل، فقيل له كم تقصر المرأة؟ فقال مثل هٰذه، وأشار إلى أنملة. (بدائع الصنائع: (۲/ ۱۴۱) كتاب الحج، فصل: وأمّا الحلق والتقصير، ط: سعيد.
غنية الناسک: (ص: ۱۷۵) باب مناسک منى يوم النحر، فصل فى الحلق، ط: إدارة القرآن.
شرح اللباب : (ص: ۳۲۴) باب مناسک منىٰ ، فصل : فى الحلق والتقصير ، ط: بيروت .
قلت: ولو اعتمرت المرأة إيّاما و قصرت من شعرها كل يوم حتى بقيت شعرها قدر أنملة، فإن حلقت رأسها وقعت فى الحرمة أو الكراهة، وإن لم تحلق فلاتحل، ولم أر حكمه فى ذٰلک فى شيئ من كتب المذهب إلا أن يقال كما أنّ إجراء الموسٰى على من ليس له شعر فى الرأس يكفيه كذٰلک إجراء المقصر لعلها تكفيها، والله أعلم. (بذل المجهود: (۳/ ۱۸۴) باب الحلق والقصر، ط: معهد الخليل)
(۱) هى فيه كالرجل غير أنّها لا تكشف رأسها و تكشف وجهها، والمراد بكشف الوجه عدم مماسة شيئ له، فلذٰلک يكره لها أن تلبس البرقع؛ لأنّ ذٰلک يماس وجهها...... ولو سدلت عليه شيئًا وجافته عنه جاز من حيث الإحرام ، لعدم كونه سترًا، وإلّا فسدل الشيئ مستحب، كما فى الفتح، لكن فى النهاية، والمحيط أنّه واجب، والتوفيق أن الاستحباب عند عدم الأجانب، وأما عند وجودهم فالإرخاء واجب عليها عند الإمكان...... وتلبس من المخيط ما بدالها كالدرع و القميص، والسراويل والخفين، والقفازين، وقوله عليه الصلاة والسلام: ”ولا تلبس القفازين“، نهى ندب. (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)=

عورتوں کا احرام

عورتوں کا احرام اور حج بھی مردوں کی طرح ہے، فرق یہ ہے کہ عورتوں کو سلے ہوئے کپڑے پہننے کی اجازت ہے بلکہ سلے ہوئے کپڑے پہنے رہنا چاہئے، اور سر کو بھی چھپانا چاہئے تاکہ بے پردگی کا خطرہ نہ رہے، اور چہرے پر کپڑا نہ لگے، اس کو کھلا رکھے البتہ غیر محرم کے سامنے چہرہ کھلا نہ رکھے اور سر سے پردے کے کپڑے کو چہرہ پر اس لٹکائے کہ پردہ بھی ہوجائے اور چہرہ پر لگے بھی نہیں۔(۱)

عورتوں کا جنازہ کی نماز میں شریک ہونا

☆ عورتوں کے لئے صرف جنازہ کی نماز ادا کرنے کے لئے حرم میں جانا درست نہیں، تاہم اگر طواف، عمرہ یا بیت اللہ کی زیارت کے لئے حرم جانا ہو تو اس وقت جنازہ کی نماز میں شریک ہونے کی گنجائش ہے۔(۲)

= إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.
الدر مع الرد : (۲/ ۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .
(۱) انظر الى الحاشية السابقة رقم: ۱ فى الصفحة رقم: ؟؟؟؟؟. (هى فيه كالرجل)
(۲) أنّ أبا طلحة دعا رسول اللّٰه ﷺ إلى عمير بن أبى طلحة حين توفى ، فأتاهم رسول اللّٰهﷺ، فصلّى عليه فى منزلم فقدّم رسول الله ﷺ ، وكان أبوطلحة وراء ه وأم سليم وراء أبى طلحة ولم يكن معهم غيرهم ، قال الحاكم : هٰذا حديث صحيح على شرط الشيخين ، وسنة غريبة فى إباحة صلاة النساء على الجنائز . (إعلاء السنن)
وفيه أيضًا : ان موقف النساء فى صلاة الجناة كموقفهن فى المكتوبات ، فإنّ محاذاتها للرجال فى صلاة الجنازة ، وإن لم تفسد صلاتهم ولكن لاتخلو من الكراهة . (إعلاء السنن : (۸/ ۳۴۸) ط: إدارة القرآن)
ولاحق للنساء فى الصلاة على الميت . (الهندية : (۱/ ۱۶۳) الباب الحادى والعشرون فى الجنائز ، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت ، ط: رشيديه)
الصلاة على الجنازة فرض كفاية إذا قام به البعض واحدًا كان أو جماعة ذكرًا كان أو أنثٰى سقط عن الباقين . (الهندية : (۱/ ۱۶۳) الباب الحادى والعشرون فى الجنائز ، الفصل الخامس فى الصلاة على الميت ، ط: رشيديه)

Baitul-Ammar

عورتوں کا مسجد حرام کی جماعت میں شامل ہونا

جس طرح خواتین کے لئے اپنے وطن مین نماز تنہا گھروں میں پڑھنا افضل ہے اسی طرح مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں بھی خواتین کے لئے نماز رہائش گاہ اور ہوٹلوں میں تنہا جماعت کے بغیر پڑھنا افضل ہے، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں نماز کا جو ثواب حرم اور مسجد نبوی میں مردوں کو ملتا ہے ان کو گھروں میں پڑھنے سے اس سے زیادہ مل جاتا ہے، ایسی صورت میں حرمین شریفین میں عورتوں کے لئے رہائش گاہ اور ہوٹل میں نماز پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔(۱)

اگر کسی وقت بیت اللہ شریف کو دیکھنے کی غرض سے یا طواف کی غرض سے مسجد حرام میں یا صلاۃ وسلام کی غرض سے مسجد نبوی میں آئیں اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھ لیں تو نماز ادا ہوجاتی ہے، بشرطیکہ مردوں کے درمیان میں کھڑی نہ ہوں، اگر ایک

(۱) عن ابن مسعود رضی اللّٰہ عنہ قال: قال صلاۃ المرأۃ فی بیتھا أفضل من صلاتھا فی حجرتھا، وصلاتھا فی حجرتھا أفضل من صلاتھا فی دارھا، وصلاتھا فی دارھا أفضل من صلاتھا فیما سواہ. ثم قال: إن المرأۃ إذا خرجت تشرف لھا الشیطان. (المعجم الکبیر للطبرانی: (۹/ ۳۴۱) رقم الحدیث: ۹۴۸۲، أحادیث عبد اللّٰہ ابن مسعود رضی اللّٰہ عنہ، ط: مکتبۃ امام ابن تیمیہ)

عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنھما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لاتمنعوا نساء کم المساجد، وبیوتھن خیر لھن...... عن عبد اللّٰہ عن النبیّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: صلاۃ المرأۃ فی بیتھا أفضل من صلاتھا فی حجرتھا وصلاتھا فی مخدعھا أفضل من صلاتھا فی بیتھا. (سنن أبی داود: (۱/ ۹۴) رقم الحدیث: ۵۶۷، و ۵۷۰) کتاب الصلاۃ، باب ماجاء فی خروج النّساء إلی المسجد، ط: رحمانیہ)

الاختیار لتعلیل المختار: (۱/ ۱۴۶) کتاب الصوم، باب الاعتکاف، ط: دار الکتب العلمیۃ.

بدائع الصنائع: (۲/ ۱۱۳) کتاب الاعتکاف، فصل: وأمّا شرائط صحتہ، ط: سعید.

والفتویٰ فی زماننا علی أنھنّ لایخرجن وإن کنّ عجائز إلی الجماعات لا فی اللیل ولا فی النھار لغلبۃ الفتنۃ والفساد وقرب یوم المعاد. (مجموعۃ رسائل اللکنوی: (۴/ ۱۱۸) نفع المفتی والسائل، مایتعلق بالجماعۃ، ط: إدارۃ القرآن)

الدر مع الرد: (۱/ ۵۶۶) کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ط: سعید.

عورت مردوں کے درمیان کھڑی ہوجاتی ہے تو اس سے تین مردوں کی نماز فاسد ہوجاتی ہے، دائیں بائیں جانب کے دو مردوں کی اور اس کی سیدھ میں پیچھے ایک مرد کی، اگر بالفرض کوئی عورت اتفاقیہ طور پر عین نماز کے وقت صفوں کے درمیان پھنس جائے اور نکلنا دشوار ہوجائے یا طواف کے دوران نماز کھڑی ہوجائے تو اس وقت اس کو نماز کے بغیر جہاں بھی جگہ ملے خاموش ہو کر بیٹھ جانا چاہئے، نماز کی نیت ہرگز نہ کرے، ورنہ دائیں بائیں اور بالکل سیدھ میں پیچھے والے مردوں کی نماز فاسد ہوجائے گی۔(۱)

جب امام فارغ ہوجائے تو پھر تنہا وہیں نماز ادا کرے، عورتوں کو بیت اللہ شریف کا طواف کرنے کے لئے بھی ایسے وقت میں جانا چاہئے جب نماز کا وقت نہ ہو، اس وقت نسبتاً ہجوم بھی کم ہوتا ہے، اور اگر اتفاقاً نماز کا وقت ہوجائے تو اذان ہوتے ہی جلدی جلدی طواف پورا کرلیں یا طواف درمیان میں چھوڑ دیں اور جتنے چکر رہ گئے وہ نماز کے بعد جہاں چھوڑے تھے وہیں سے پورے کرلیں یا اس طواف کو شروع سے دوبارہ کرلیں۔(۲)

(۱) ولو حاذت امرأۃ أو صبیۃ مشتھاۃ تعقل الصلاۃ رجلاً، أو تقدمت علیہ قدر رکن، وصلاتھا مطلقۃ مشترکۃ تحریمۃ و أداءً واتحد المکان والجھۃ بلاحائل ونویت إمامتھا فسدت صلاۃ الرجل...... (حلبی کبیر: (۴۴۹) فصل: فی الإمامۃ، السادس: فی الموقف، ط: نعمانیہ کوئٹہ، و: (ص: ۵۲۱) ط: سھیل اکیڈمی لاھور)

والمعتبر فی المحاذاۃ الساق والکعب علی الصحیح ثم المرأۃ الواحدۃ تفسد صلاۃ ثلاثۃ، واحد عن یمینھا وآخر عن یسارھا، وآخر خلفھا، ولا تفسد أکثر من ذلک...... (الھندیۃ: (۱/ ۸۹) کتاب الصلاۃ، الباب الخامس: فی الإمامۃ، الفصل الخامس: فی بیان مقام الإمام والمأموم، ط: رشیدیہ)

الدر مع الرد: (۱/ ۵۷۲ إلی ۵۷۵) کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ط: سعید.

(۲) ولو خرج منہ أو من السعی إلی جنازۃ أو مکتوبۃ أو تجدید وضوء ثم عاد و بنی...... (قولہ: وبنی) أی علی ماکان طافہ ولایلزمہ الاستقبال فتح، قلت: ظاھرہ أنّہ لو استقبل لا شیئ علیہ فلایلزمہ إتمام الأوّل؛ لأنّ ھٰذا الاستقبال للإکمال بالموالاۃ بین الأشواط ثم رأیت فی اللباب ما یدلّ علیہ حیث قال فی فضل مستحبات الطواف، ومنھا استئناف الطواف لو قطعہ...... أو فعلہ علی وجہ مکروہ، قال شارحہ لو قطعہ أی ولو بعذر...... (الدر مع الرد: (۲/ ۴۹۷) کتاب الحج، مطلب فی طواف القدوم، ط: سعید) =

Baitul-Ammar

تاہم اگر خواتین حرمین میں جا کر نماز پڑھنا چاہیں تو ان کو منع نہ کریں بلکہ انہیں عورتوں کی مخصوص جگہ میں جا کر نماز پڑھنے کی ہدایت کریں۔

عورتوں کا مسجد میں جا کر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ جا کر عام عورتیں مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھتی ہیں اور مسجد نبوی میں چالیس نمازیں پوری کرنا ضروری سمجھتی ہیں، یہ مسئلہ اچھی طرح یاد رکھنا چاہئے کہ حرمین شریفین میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی فضیلت صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں ہے۔(۱)

عورتوں کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں جا کر بھی اپنی رہائش گاہ میں نماز پڑھنے کا حکم ہے، اور رہائش گاہ میں نماز پڑھنا مسجد کی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے افضل ہے۔(۲)

غور کرنے کی بات یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ جب دنیا میں موجود تھے، اور خود نماز پڑھا رہے تھے اسی وقت یہ فرما رہے تھے کہ ''عورت کا گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے افضل ہے۔(۳)

''جس نماز میں افضل الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ امام ہیں اور صحابہ کرام مقتدی ہیں، جب اس جماعت کے بجائے عورت کا گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے تو آج کی جماعت عورت کے لئے کیسے افضل ہو سکتی ہے؟

خلاصہ یہ کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ جا کر عورتوں کا اپنے اپنے گھروں، ہوٹلوں اور رہائش گاہوں میں نماز پڑھنا ہی افضل اور بہتر ہے، اور یہ گھر وغیرہ کی نماز ان کے

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماهية الطواف وأنواعه وأركانه ...... ، فصل : وأمّا مكروهاته،...... ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۲۲۶) باب أنواع الأطوفة، فصل: فی مستحباته، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

(۱، ۲، ۳) انظر الحاشية رقم: ۱ ، على الصفحة رقم: ۲۳۰.

لئے حرمین شریفین کی جماعت کی نماز سے افضل ہے، حرم شریف میں طواف کے لئے آنا چاہئے لیکن مردوں کے ہجوم میں گھسنے کی کوشش نہ کریں، اور ہجوم میں حجر اسود کا بوسہ لینے کی بھی کوشش نہ کریں ورنہ گنہگار ہوں گی۔(۱)

نیکی برباد گناہ لازم کا مضمون صادق آئے گا۔

(تنبیہ) اگر کوئی عورت حرمین شریفن میں پردہ کے ساتھ جا کر خواتین کے مخصوص دروازے سے داخل ہو کر متعینہ جگہ پر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا چاہتی ہے تو اس کو منع نہ کریں بلکہ جانے دیں کیونکہ یہ محبت اور جذبات کا مسئلہ ہے، اور اختلاف جائز اور ناجائز میں نہیں بلکہ افضل اور غیر افضل میں ہے۔(۲)

ورنہ زندگی بھر حسرت رہ جائے گی، اور ایسا نہ ہو کہ یہی حسرت، جھگڑا فساد اور اختلاف وطلاق کا سبب بن جائے۔

عورتوں کے بال

قربانی سے فارغ ہونے کے بعد عورتیں احرام کھولنے کے لئے اپنے بال خود کاٹ سکتی ہیں، اور ایک عورت دوسری عورت کے بال بھی کاٹ سکتی ہے۔(۳)

(۱) ولاتستلم الحجر إذا كان هناک جمع؛ لأنّها ممنوعة عن ممارسة الرجال إلّا أن تجد الموضع خاليا. (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۲/۵۲۸) كتاب الحج، قبيل: باب القران، ط: سعيد.

🗁 انظر الحاشية رقم: ۱ ، على الصفحة رقم: ۲۳۰.

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱ ، على الصفحة السابقة رقم: ۲۳۰، أيضًا .

(۳) ولو حلق رأسه أو رأس غيره من حلال أو محرم ، جاز له الحلق ، لم يلزمهما شيئ . (غنية الناسک : (ص: ۱۷۴) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فی الحلق ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۲۴) باب مناسک منٰى ، فصل : فی الحلق والتقصير ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 إعلاء السنن : (۱۰/۴۲۷) كتاب الحج ، مسائل شتى تتعلق بالحج ، باب هل يجب على المحصر الحلق إذا حل فی مكانه ولم يصل إلى البيت ، ط: إدارة القرآن.

Baitul-Ammar

عورتوں کے قافلہ کا حکم

فطری اور قدرتی طور پر مرد کا میلان عورت کی طرف اور عورت کا مرد کی طرف ہوتا ہی ہے، اور شیطان ملعون بھی گناہوں میں مبتلا کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا تا رہتا ہے، مشکوۃ شریف میں ہے کہ ''مردوں کے حق میں عورتوں سے زیادہ نقصان پہنچانے والا کوئی فتنہ نہیں ہے''۔(۱)

دین اسلام کے ضروری احکام میں سے ایک ضروری حکم حج کی ادائیگی بھی ہے، اور اس کو فتنہ فساد سے بچانے کے لئے ایک زائد احتیاطی تدبیر یہ ہے کہ عورت کے سفر میں دیندار محرم یا شوہر ساتھ ہو جو اس کی پورے طور پر حفاظت کر سکے، ورنہ عورتوں کے لئے حج کے سفر کی بھی اجازت نہیں، اگر عورت محرم کے بغیر صرف عورتوں کے ساتھ حج کرنے کے لئے جائے گی تو اللہ کے قانون کی خلاف ورزی کی وجہ سے گنہگار ہوگی، وجہ یہ ہے کہ سفر میں عورتوں کی عصمت و ناموس کی جس قدر حفاظت شوہر اور محرم کر سکتا ہے وہ عورتیں نہیں کر سکتیں، بلکہ خود وہ عورتیں بھی عصمت و پاکدامنی کی حفاظت کے لئے دوسروں کی محتاج ہیں۔

عورت کے حق میں محرم کی شرط اور ضرورت حج سے محرومی کا باعث نہیں بلکہ اس کی عصمت و ناموس کی حفاظت و بدگمانی، بدنامی اور تہمت سے بچانے کے لئے ہے جس کے بغیر عورت کی کوئی قیمت نہیں، لہٰذا عورتوں کو چاہئے کہ شریعت کے احکام کی قدر کریں اور شریعت کو اپنا محسن سمجھیں، رہا حج کو جانے کا معاملہ تو کوئی محرم نہ ملے

---

(۱) عن أسامة بن زيد قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما تركتُ بعدى فتنة أضرّ على الرجال من النّساء. متفق عليه. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲٦۷) كتاب النكاح، الفصل الأوّل، ط: قديمى)

🗁 صحيح البخارى : (۱۴۵۲/۲) رقم الحديث : ۵۰۹٦ ، كتاب النكاح ، باب مايتقى من شؤم المرأة ، ط: الطاف اينڈ سنز .

🗁 سنن ابن ماجه : (ص: ۲۸۸) أبوب الفتن ، باب فتنة النّساء ، ط: ميزان .

تو شریعت حج بدل کی بھی اجازت دیتی ہے، جس میں وہ پورے ثواب کی مستحق ہوگی، مزید یہ کہ شرعی حکم کی تابعداری کرنے والی ہوگی اور اجر عظیم کی حق دار ہوگی؛ اس لئے عورتوں کے لئے محرم یا شوہر کے بغیر تنہا عورتوں کے قافلے میں شامل ہو کر حج کرنا درست نہیں، ایسی عورتیں محرم کے بغیر حج کرنے کی وجہ سے گنہگار رہوں گی۔(۱)

عورتوں کے لئے حجاج کو رخصت کرنے کے لئے جانا

بعض جگہ یہ رواج ہے کہ حجاج کرام جب حج کے لئے جاتے ہیں تو اسٹیشن یا ائر پورٹ تک رخصت کرنے کے لئے عورتیں بھی جاتی ہیں، اسٹیشن اور ائر پورٹ پر مردوں اور عورتوں کا اختلاط ہوتا ہے، بے پردگی ہوتی ہے اور اس کے علاوہ اور بھی بہت

---

(۱) وأمّا الّذى يخصّ النّساء فشرطان : أحدهما أن يكون معها زوجها أو محرم لها فإن لم يوجد أحدهما لايجب عليها الحج ، وهٰذا عندنا ؛ لأنّها إذ لم يكن معها زوج ولا محرم لايؤمن عليها إذ النّساء لحم على وضم إلا ما ذبّ عنه ، ولذا لايجوز لها الخروج وحدها ، والخوف عند اجتماعهنّ أكثر ولهٰذا حرمت الخلوة بالأجنبية وإن كان معها امرأة أخرىٰ .... (بدائع الصنائع: (۲/ ۱۳۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضيته فنوعان ، ط: سعيد)

🗁 ومع زوج أو محرم ...... وفى الرد تحت قوله : (قولان) هما مبنيان على أن وجود الزوج أو المحرم شرط وجوب أم شرط وجوب أداء والّذى اختاره فى الفتح أنّه مع الصحة وأمن الطريق شرط وجوب الأداء ، فيجب الإيصاء إن منع المرض وخوف الطريق أو لم يوجد زوج ولا محرم قلتُ : لكن جزم فى اللباب بأنّه لايجب عليها التزوج مع أنّه مشى على جعل المحرم أو الزوج شرط أداء ، ورجح هٰذا فى الجوهرة وابن أمير الحاج فى المناسك .... (الدر مع الرد : (۲/ ۴٦۴ ، ۴٦۵) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗁 ولو حجت بلا محرم أو زوج جاز حجها بالاتفاق ، كما لو تكلّف رجل مسألة النّاس وحج ، ولكن مع الكراهة التحريمية للنهى . (غنية الناسك : (ص: ۲۹) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

🗁 ولو حجت بغير محرم جاز حجها بالاتفاق ، كما لو تكلف رجل مسألة النّاس وحجّ ، ولكنها تكون عاصية ، ومعنى قولهم : '' لايجوز لها أن تحج بغير محرم '' : لايجوز لها الخروج إلى الحج ، وأمّا الحج فيجوز .... (إرشاد السارى : (ص: ۷٦) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الرابع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

Baitul-Ammar

سارے گناہ ہوتے ہیں، یہ رسم بہت سی برائیوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے بہت ہی بری اور مذموم ہے، اس کو ترک کرنا لازم ہے، یہ حج جیسی عظیم عبادت کے نام پر مردوں اور عورتوں کا ایک مخلوط اجتماع ہے جو ثواب کی بجائے لعنت اور عذاب کا سبب ہے، اس لئے اس رسم کو بالکل بند کر دینا ضروری ہے ورنہ اس پر عمل کرنے والے اور اس کو رواج دینے والے سب سخت گنہگار رہوں گے۔(۱)

عورتوں کے لئے حجر اسود کو چومنا

عورتوں کے لئے حجر اسود کو چومنا جائز ہے لیکن اگر حجر اسود کو چومنے کے لئے اجنبی مردوں کے ساتھ جسم لگنے کا احتمال ہو تو حرام ہے، اس لئے اگر اجنبی مردوں سے جسم لگنے کا احتمال نہ ہو تو حجر اسود کو چومے ورنہ نہ چومے۔(۲)

عورتوں کے لئے سر منڈوانا منع ہے

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

(۱) ومن منكراتهم أيضًا خروج النّساء عند ذهابهم وعند مجيئهم، فإنّ الواجب على المرأة قعودها فى بيتها وعدم خروجها من منزلها وعلى الزوج منعها عن الخروج، ولو أذن لها وخرجت كانا عاصيين، والإذن قد يكون بالسكوت فهو كالقول؛ لأنّ النهى عن المنكر فرض...... فخروج النّساء فى هٰذا الزمان من بيوتهن من أكثر الفتن لا سيّما الخروج المحرّم، كخروج خلف الجنازة ولزيارة القبور وعند خروج الحجاج ومجيئهم، والخير قعودهن فى بيوتهن وعدم خروجهن عن منزلهن...... (مجالس الأبرار: (ص: ۱۴۵) مجلس رقم: ۲۰، ط: سهيل اكيڈمی)

🗁 وقوله تعالىٰ: ﴿ وقررن فى بيوتكنّ ﴾ ...... وقيل: إن معنى ﴿ وقرن فى بيوتكن ﴾ كن أهل وقار وهدوء و سكينة، ...... وفيه الدلالة على أنّ النّساء مأمورات بلزوم البيوت، منهيات عن الخروج. (أحكام القرآن للجصّاص: (۵۲۹/۳) سورة الأحزاب، فصل، ط: قديمى)

(۲) ولاتقرب الحجر عند الزحام لمنعها من مماسة الرجال. (الدر المختار مع الرد: (۵۲۸/۲) كتاب الحج، قبيل: باب القران، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: فى إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن.

نے عورتوں کو اپنا سر منڈانے سے منع فرمایا ہے۔(۱)

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث مروی ہے کہ عورتوں پر حلق (گنجا کرنا) نہیں ہے، عورتوں پر صرف بال کٹوانا ہے۔(۲)

عورتوں کے لئے احرام کھولتے وقت سر منڈوانا دو وجہوں سے ممنوع ہے، ایک یہ کہ اس سے عورت کی شکل بدنما ہو جاتی ہے، دوسری وجہ یہ ہے کہ اس سے عورت، مرد کی ہم شکل بن جاتی ہے اور عورتوں کے لئے مردوں کی شکل اختیار کرنا مطلقاً حرام ہے۔(۳)

عورتوں کے لئے محرم لازم ہونے کی وجہ

''عورتوں کے قافلہ کا حکم'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۳۴/۳)

عورتوں کے لئے مخصوص احکام

مرد اور عورت کے حج کے درمیان ان مسائل میں فرق ہے:

(۱) عن على و عائشة قالا: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن تحلق المرأة رأسها. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۳۳) كتاب المناسک، باب الحلق، الفصل الثامن، ط: قديمى)

🗁 جامع الترمذى: (۳۰۷/۱) أبواب الحج، باب ماجاء فى كراهية الحلق للنساء، ط: رحمانيه.

(۲) عن ابن عباس قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ليس على النّساء الحلق إنّما على النّساء التقصير. رواه ؤبو داود، والدارمى. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۳۳) كتاب المناسک، باب الحلق، الفصل الثانى، ط: قديمى)

🗁 سنن أبى داود: (۲۸۷/۱) كتاب المناسک، باب الحلق والتقصير، ط: رحمانيه.

🗁 سنن دارمى: (۸۹/۲) رقم الحديث: ۱۹۰۵، كتاب المناسک، باب من قال ليس على النّساء حلق، ط: دار الكتاب العربى.

(۳) ونهى أن تحلق المرأة رأسها؛ لأنّها مثلة، وتشبه بالرجال. (حجة اللّٰه البالغة: (ص: ۶۵) مبحث فى أمور تتعلق بالحج، ط: مير محمد)

🗁 رحمة اللّٰه الواسعة: (۲۴۸/۴، ۲۴۹) مبحث فى أمور تتعلق بالحج، ط: زمزم پبلشرز.

🗁 حكمة التشريع و فلسفته: (۱۸۲/۱) حكمة الحلق، ط: حقانيه پشاور.

Baitul-Ammar

① عورتوں کا احرام صرف اتنا ہے کہ نیت اور تلبیہ کے وقت اور اس کے بعد عورتیں معمول کے لباس میں رہیں البتہ اپنا سر ڈھانک لیں اور چہرہ کھولے رکھیں اور غیر محرم کے سامنے پردہ کریں لیکن چہرہ پر کچھ نہ لگے۔(۱)

② سلے ہوئے کپڑے عورتوں کے لئے احرام کے دوران منع نہیں ہیں۔(۲)

③ عورتیں ہر قسم کے جوتے چپل پہن سکتی ہیں۔(۳)

④ عورتیں تلبیہ آہستہ آواز سے پڑھیں۔(۴)

---

(۱) هي فيه كالرجل غير أنّها لا تكشف رأسها و تكشف وجهها، والمراد بكشف الوجه عدم مماسة شيئ له، فلو سدلت عليه شيئًا وجافته عنه جاز منه حيث الإحرام، لعدم كونه سترًا، وإلَّا فسدل الشيئ مستحب، (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل في إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

(۲) وتلبس من المخيط ما بدالها كالدرع و القميص ، والسراويل والخفين .(غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل في إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

(۳) وتلبس من المخيط ما بدالها كالدرع و القميص ، والسراويل والخفين .(غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل في إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

(۴) ولاتجهر بالتلبية بل تسمع نفسها دفعا للفتنة . (غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

⑤ ناپاکی کی حالت یعنی حیض ونفاس میں احرام کی نیت کر کے دعا، تلبیہ پڑھ کر احرام باندھ لیں، نماز نہ پڑھیں۔(۱)

⑥ سر کے بالوں کو ایک کپڑے سے باندھ لیں تاکہ کوئی بال ٹوٹ کر نہ گر جائے، اور یہ کپڑا یا رومال صرف احتیاط کے لئے ہے، یہ احرام نہیں ہے، اس کو احرام سمجھنا صحیح نہیں ہے۔(۲)

⑦ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کے دوران ہرے کھمبوں یعنی ہری ٹیوب لائٹس کے درمیان مردوں کی طرح عورتوں کے لئے دوڑنا مسنون نہیں ہے، اس لئے خواتین اس حصے میں بھی عام رفتار پر چلیں گی۔(۳)

⑧ عورتوں کے لیے عمرہ اور حج کا احرام کھولتے وقت بالوں کے آخر سے

---

(۱) وحيضها لايمنع نسكًا إلَّا الطواف فهو حرام من وجهين، دخولها المسجد و ترک واجبا لطهارة، فلو حاضت قبل الإحرام اغتسلت وأحرمت، وشهدت جميع المناسک إلَّا الطواف والسعي؛ لأنّه لايصح بدون الطواف، ولايلزمها دم لترک الصدر وتأخير الزيارة عن وقته لعذر الحيض والنفاس. (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: في إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد.

(۲) وتلبس من المخيط ما بدالها كالدرع و القميص ، والسراويل والخفين .(غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل في إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

(۳) ولاتسعى بين الميلين . (غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۷ ، ۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

صرف انگلی کے ایک پور کے برابر کاٹ لینا کافی ہے (انگلی کی ہر گانٹھ کو پور کہا جاتا ہے)(۱)

⑨ حیض ونفاس کی حالت میں طواف کے علاوہ حج کے تمام ارکان ادا کرسکتی ہیں۔(۲)

⑩ ایام نحر یعنی دس، گیارہ، اور بارہ تاریخ میں حیض ونفاس سے پاکی کی حالت نہ ہو تو طواف زیارت کو پاک ہونے تک موخر کردیں پاک ہونے کے بعد غسل کرکے طواف زیارت کریں، تاخیر کی وجہ سے کوئی دم لازم نہیں ہوگا۔(۳)

⑪ ہوائی جہاز، جدہ یا مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد شوہر یا محرم کا انتقال ہوجائے یا طلاق ہوجائے تو اسی حالت میں حج کے ارکان ادا کرسکتی ہیں۔(۴)

⑫ اگر عورتیں واپسی کے وقت ماہواری کے ایام میں مبتلا ہوجائیں تو ان سے طواف وداع معاف ہوجاتا ہے اور دم واجب نہیں ہوتا۔(۵)

⑬ اضطباع یعنی طواف کے دوران احرام کی چادر دائیں بغل کے نیچے سے

---

(۱) ولاتسلم الحجر إذا کان هناک جمع ...... ولا تحلق رأسها ؛ لأنّه مثلة کحلق الرجل لحیته بل تقصیر من ربع شعرها کالرجل وقصر الکل أفضل . (غنیة الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۷/۲ ، ۵۲۸) کتاب الحج ، قبیل : باب القران ، ط: سعید .

(۲،۳،۵) انظر الحاشیة رقم: ۱ ، فی الصفحة رقم: ۲۳۹ . (وحیضها لایمنع نسکًا إلّا الطواف)

(۴) ولا تحج إلّا بمحرم أو زوج فی الطریق إذا کان سفرًا . (غنیة الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۷/۲ ، ۵۲۸) کتاب الحج ، قبیل : باب القران ، ط: سعید .

نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا عورتوں کے لئے نہیں ہے، یہ حکم صرف مردوں کے ساتھ خاص ہے۔(۱)

⑭ عورتوں کو رمی کے وقت ہاتھ اتنا اونچا نہ اٹھانا چاہئے کہ بغل نظر آئے۔(۲)

⑮ ''رمل'' یعنی طواف کے شروع کے تین چکروں میں شانہ ہلاتے ہوئے تیزی سے قدم کو قریب قریب رکھ کر چلنا عورتوں کے لئے مسنون نہیں ہے، یہ صرف مردوں کے لئے مسنون ہے، خواتین اپنی ہی چال سے چلیں۔(۳)

عید کی قربانی کا حکم

☆ جو حاجی صاحبان مسافر ہوں، اور انہوں نے حج تمتع یا قران کیا ہو ان پر ''دم شکر'' یعنی صرف حج کی قربانی واجب ہے، وطن میں جو سالانہ قربانی کی جاتی ہے وہ واجب نہیں۔

اور جو حاجی مسافر نہ ہوں بلکہ مکہ مکرمہ میں مقیم ہوں یعنی ۷/ذی الحجہ تک پندرہ دن یا اس سے زیادہ بنتے ہوں اور وہاں ٹھہرنے کی نیت بھی ہو تو وہ مقیم ہیں، اگر ایسے لوگوں کے پاس حج کے اخراجات کے علاوہ نصاب کے برابر رقم ہو تو ان پر حج کی قربانی کے علاوہ عید کی قربانی بھی واجب ہوگی اور اگر مقیم ہیں لیکن حج کے اخراجات

(۱،۳) ولاتضطبع ولا ترمل. (غنیة الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۷/۲ ، ۵۲۸) کتاب الحج ، قبیل : باب القران ، ط: سعید .

(۲) ویرفع الرجل یده حتی یری بیاض إبطیه . (غنیة الناسک : (ص: ۱۷۰) باب مناسک یوم النحر ، فصل : فی رمی جمرة العقبة یوم النحر ، مطلب فی کیفیة وقوف الرمی و موقفه من جمرة العقبة وقطع التلبیة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۱۷) باب مناسک منی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 الاختیار لتعلیل المختار : (۱۶۶/۱) کتاب الحج ، ط: دار الکتب العلمیة .

Baitul-Ammar

کے علاوہ نصاب کے برابر رقم نہیں ہے تو عید کی قربانی واجب نہیں ہوگی۔(۱)

☆ حج میں سفر کے دوران حاجی سفر میں ہوتا ہے، اس لئے اس پر عیدالاضحیٰ کی قربانی واجب نہیں ہوتی، البتہ اگر حاجی نے حج تمتع یا حج قران کا احرام باندھا ہے تو اس پر حج کی قربانی واجب ہوگی، عیدالاضحیٰ کی نہیں، تاہم اگر عیدالاضحیٰ کی قربانی بھی کرلے تو ثواب ملے گا۔(۲)

عید کی نماز منی میں نہ پڑھنے کی وجہ

دس ذی الحجہ کو منی میں حجاج کرام بہت سے اہم کام مثلاً: رمی، ذبح، اور حلق یا قصر وغیرہ میں مصروف ہوتے ہیں، اس لئے ان سے عیدالاضحیٰ کی نماز ساقط کردی گئی ہے، ایسے ہی جنہوں نے مکہ مکرمہ میں عیدالاضحیٰ کا اہتمام کرنا ہوتا ہے، وہ اس دن منی میں حج کے کام میں مصروف ہوتے ہیں اس لئے وہاں بھی ادا نہیں کی جاتی، باقی حرم میں عیدالاضحیٰ کی نماز ہوتی ہے اور علاقے کے لوگ جو حج کے لئے نہیں جاتے وہ عید کی نماز میں شریک ہوتے ہیں۔(۳)

(۱، ۲) قال أصحابنا أنّه دم نسک وجب شکرًا لما وفق للجمع بین النسکین بسفر واحد. (بدائع الصنائع: (۲/۱۷۴) کتاب الحج، فصل: وأمّا بیان مایجب علی المتمتّع والقارن، ط: سعید)

🗁 فإذا فرغ من الرمی یوم النحر انصرف إلی رحله ، ویشتغل بشیئ آخر ، فذبح إن شاء ؛ لأنّه مفرد ، والذبح له أفضل ، وإنّما یجب علی القارن والمتمتّع ، أمّا الأضحیة فإن کان مسافرًا ، فلایجب علیه وإلّا فکالمکی فتجب ، کما فی البحر (رد المحتار) .... (غنیة الناسک : (ص: ۱۷۲) باب مناسک منی یوم النحر ، فصل : فی الذبح وأحکامه ، و: (ص: ۲۰۶) باب القران ، فصل: فی هدی القارن والمتمتّع ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۶۸) باب القران ، فصل : فی هدی القارن والمتمتّع ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة.

(۳) وأمّا صلاة العید ففی شرح مناسک الکنز للمرشدی عن المحیط والذخیرة وغیرهما أنّه لایصلیها بها بخلاف الجمعة، وفی شرح المنیة للحلبی أنّه لایصلیها بها اتّفاقًا للاشتغال فیه بأمور الحج، أی لأنّ وقت العید وقت معظم أفعال الحج...... وفی شرح الأشباه للبیری من کتاب الصید، =

عینک

''چشمہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۳۱۹)

= أنّ منی موضع تجوز فیه صلاة العید إلّا أنّها سقطت عن الحاج ولم نر فی ذٰلک نقلا مع کثرة المراجعة ، ولا صلاة العید بمکّة یوم الأضحٰی ؛ لأنّا ومن أدرکناه من المشایخ لم نصلها بمکّة ، واللّٰه تعالیٰ أعلم ما السبب فی ذٰلک ، قلت : وأمّا عدم صلاتها بمنی فقد علمت نقله وأمّا بمکّة فلعل سببه أن من له إقامة العید یکون بمنی حاجًا واللّٰه تعالیٰ أعلم . (شامی : (۲/۵۱۹ ، ۵۲۰) کتاب الحج ، مطلب فی حکم صلاة العید والجمعة فی منی ، ط: سعید)

🗁 وإنّما لاتقم صلاة العید بمنیٰ اتّفاقًا للتخفیف لا لکونه لیست مصرًا . (البحر الرائق : (۲/۱۴۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة، ط: سعید)

🗁 عنایة شرح الهدایة علی هامش فتح القدیر : (۲/۵۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط: رشیدیه .

Baitul-Ammar

غ

غاصب کا حج

اگر کسی غاصب نے حج کیا تو حج ادا ہو جائے گا البتہ اگر غصب کی رقم سے حج کیا ہے تو وہ قبول نہیں ہوگا، اور ثواب بھی نہیں ملے گا اور غصب کا گناہ بھی ہوگا۔

اور اگر حلال رقم سے حج کیا ہے تو حج بھی ہو جائے گا اور ثواب بھی ملے گا البتہ غصب کا گناہ ہوگا جب تک کہ مالک کو وہ چیز واپس نہ دے یا اس کو راضی نہ کرے۔(۱)

غربت کے بعد مالداری میں دوسرا حج کرنا

اگر کسی آدمی پر غریب ہونے کی وجہ سے حج فرض نہیں تھا لیکن کسی مالدار آدمی نے خرچہ دے کر حج کے لئے بھیج دیا اور اس نے حج کر لیا، پھر وطن واپس آنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کو مالدار بنا دیا، تو اس پر دوبارہ حج نہیں ہوگا جب ایک بار حج ادا کر لیا تو فرض ساقط ہو گیا، دوبارہ کرے گا تو وہ نفل ہوگا۔(۲)

---

(۱) ولا بمال حرام ، ولو حج به سقط عنه الفرض لكنه لا تقبل حجته كما ورد فى الحديث ، ولا تنافى بين سقوطه و عدم قبوله ، فلا يثاب لعدم القبول ، ولا يعاقب عقاب تارك الحج .... (غنية الناسك : (ص: ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن)

وإذا عزم على الحج ينبغى له البداية بالتوبة بشروطها من رد المظالم إلى أهلها عند الإمكان ...... والاستحلال من ذوى الخصومات والمعاملات ، فإن ماتوا فالاستغفار لهم ، وإن كان عنده مظلمة مالية مات أهلها ولا وارث لها ، أو جهل أربابها فالتصدق بها بنية خصمائه ولا يرجو به الثواب لنفسه . (غنية الناسك : (ص: ۳۴) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۶۹۰) باب المتفرقات ، مسئله : من حج بمال حرام سقط عنه الفرض ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۲/۴۵۶) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

(۲) وأمّا الفقير ...... ومن بمعناه ...... إذا حج سقط عنه الفرض إن نواه أى الفرض فى إحرام حجه =

غریب کو حج کا ثواب ملے گا

جو غریب آدمی پیسہ پیسہ جمع کر کے حج کی تیاری کرتا رہا، مگر اتنا پیسہ جمع نہ کر سکا جس سے حج کے لئے جا سکے، ایسے آدمی کو بھی نیت کی وجہ سے حج کا ثواب ملے گا۔(۱)

غریب کو حج کرا دیا

اگر کسی مالدار نے کسی غریب آدمی کو حج کرا دیا پھر وہ غریب آدمی بعد میں مالدار ہو گیا تو اس پر دوبارہ حج کرنا فرض نہ ہوگا، اگر خوشی سے کرے گا تو نفل ہوگا اور ثواب ملے گا۔(۲)

= أو أطلق النية ...... حتى لو استغنى أو صار غنيا بحصول المال من الوجه الحلال بعد ذلك ...... لايجب عليه ثانيًا . (لباب المناسك مع إرشاد السارى : (ص: ۸۸) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك : (ص: ۳۲) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء ، ط: إدارة القرآن .

الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسك ، الباب الأوّل : فى تفسير الحج و فرضيته ، ط: رشيديه .

(۱) إنّما الأعمال بالنيّات، وإنّما لكل امرئ ما نوى فمن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو إلى امرأة ينكحها ، فهجرته إلى ما هاجر إليه . (صحيح البخارى : (۱/۱) كتاب بدء الوحى ، باب كيف كان بدء الوحى إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، ط: الطاف اینڈ سنز)

قوله : (وإنّما لكل امرئٍ ما نوى) ...... الثانية : أفادت أن العامل لايحصل له إلّا ما نواه ، وقال ابن ديق العيد : الجملة الثانية تقتضى أن من نوىٰ شيئًا يحصل له ، يعنى إذا عمله بشرائطه أو حال دون عمله له ما بعذر شرعًا بعدم عمله . (فتح البارى : (۱/۱۴) كتاب بدء الوحى ، باب كيف كان بدء الوحى إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، ط: دار المعرفة ، بيروت)

قال التيمى : النية أبلغ من العمل ، ولهٰذا المعنى تقبل النيّة بغير العمل ، فإذا نوى حسنة فإنّه يجزى عليها ...... فقد روى عن النّبى صلى اللّٰه عليه وسلّم قال : من همّ بحسنة ولم يعملها كتبت له واحدة ، ومن عملها كتبت له عشرًا . (عمدة القارى : (۱/۷) كتاب بدء الوحى ، باب كيف كان بدء الوحى إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، فائدة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

(۲) وأمّا الفقير ...... ومن بمعناه ...... إذا حج سقط عنه الفرض إن نواه أى الفرض فى إحرام حجه =

Baitul-Ammar

غریب کو حج کے لئے رقم دی

کوئی شخص غریب آدمی کے لئے رقم دے اور وہ قبول کرلے تو اس پر حج فرض ہوجائے گا بشرطیکہ دوسرا کوئی عذر نہ ہو، اور وہ مقروض نہ ہو۔(۱)

غریبوں کو رقم دینے سے حج ادا نہیں ہوگا

فقیروں، غریبوں اور یتیموں کو رقم دینے سے فرض حج کی ذمہ داری ادا نہیں ہوگی، البتہ دوسری صورت یہ ہے کہ جانے سے معذور ہونے کی صورت میں حج بدل کرادے تو اس سے ذمہ داری ادا ہوجائے گی۔(۲)

= أو أطلق النية ...... حتى لو استغنى أو صار غنيا بحصول المال من الوجه الحلال بعد ذلک ...... لايجب عليه ثانيًا . (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۸۸) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية : (۲۱۷/۱) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فى تفسير الحج و فرضيته ، ط: رشيديه .

(۱) ولاتثبت الاستطاعة ببذل الغير مالاً ...... أو طاعة ...... ملكا ...... أو إباحة ، فإن قبل المال وجب أى عليه الحج إجماعًا . (إرشاد السارى : (ص: ۶۱ ، ۶۲) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۵۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) أمّا إن وجدها وهو صحيح أى سالم ثم طرأ عليه العذر فالاتفاق أى اتفاق الروايات أو اتفاق العلماء على الوجوب أى وجوب الحج ، عليه أى فى ماله ، فيجب عليه الإحجاج أى فى الحال أو الإيصاء فى المآل . (إرشاد السارى : (ص: ۷۲) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الأوّل : سلامة البدن من الأمراض ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۳) كتاب الحج ، مطلب : فيمن إذا وجد شرائط الوجوب والأداء ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۵۷/۲) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

اگر کسی غریب آدمی کو کسی نے حج کے لئے رقم دی، اور اس نے اس سے حج کرلیا تو اس کی چند صورتیں ہیں:

۱۔ اگر فرض حج کی نیت سے احرام باندھ کر حج کیا ہے تو فرض حج ادا ہوجائے گا، مالدار ہونے کے بعد دوبارہ حج کرنا فرض نہیں ہوگا کیونکہ حج زندگی میں صرف ایک ہی دفعہ فرض ہوتا ہے بار بار فرض نہیں ہوتا۔(۱)

۲۔ فرض یا نفل حج کی نیت سے نہیں بلکہ مطلق حج کی نیت سے احرام باندھ کر حج کیا تو بھی فرض حج ادا ہوجائے گا، مالدار ہونے کے بعد دوبارہ حج کرنا لازم نہیں ہوگا کیونکہ مطلق حج کی نیت سے حج کرنے سے فرض حج ادا ہوجاتا ہے۔(۲)

۳۔ اگر خالص نفل حج کی نیت سے حج کیا ہے تو وہ نفل ہوگا، اس سے فرض حج ادا نہیں ہوگا، مالدار صاحب استطاعت ہونے کے بعد دوبارہ فرض حج ادا کرنا فرض ہوگا۔(۳)

---

(۱) الحج فرض مرّة بالإجماع . (إرشاد السارى : (ص: ۳۴) باب شرائط الحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 فرض عينا سنة تسع ، وقيل : ست على كل من استكمل شرائط وجوبه ، وأدائه فى العمرة مرة. (غنية الناسک : (ص: ۱۰) مقدمة : فى تعريف الحج ومايتعلق بفرضيته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۴۵۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

🗁 انظر الحاشية ، رقم : ۱ ، ۲ ، على نفس الصفحة ، أيضًا .

(۲، ۳) والفقير الآفاقى إذا وصل إلى ميقات فهو كالمكى أى حيث لايشترط فى حقه إلّا الزاد دون الراحلة، وليفيد أنّه يتعين عليه أن ينوى حج الفرض ليقع عن حجة الإسلام. ولاينوى نفلاً على زعم أنّه فقير لايجب عليه الحج؛ لأنّه ماكان ما واجبا عليه وهو آفاقى فلما صار كالمكى وجب عليه، فلو حج نفلا يجب عليه أن يحج ثانيًا، ولو أطلق النية يصرف إلى الفرض. (إرشاد السارى: (ص: ۵۶، ۵۷) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، الشرط السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۸) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد : (۴۵۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

🗁 انظر الحاشية رقم: ۲ ، على الصفحة السابقة رقم: ۲۴۴ ، أيضًا .

Baitul-Ammar

غسل زم زم سے کرنا

''زم زم سے غسل کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۸۱/۲)

غسل کرنا

☆ احرام کے لئے غسل کرنا سنت مؤکدہ ہے، اگر غسل کرنے کا موقع نہیں ہے تو وضو کرلینا کافی ہے، اور یہ سنت مؤکدہ کے قائم مقام ہوجائے گا لیکن غسل کرنا ہی افضل ہے اور یہ غسل پاک ہونے کے لئے نہیں بلکہ صفائی ستھرائی کے پیش نظر ہوگا، اس لئے حیض ونفاس کی حالت میں بھی غسل کر کے احرام باندھنا بہتر ہے۔

☆ اگر غسل کرنے کے لئے پانی نہ ملے تو غسل ساقط ہوجائے گا، اس کی جگہ تیمّم کرنا شریعت سے ثابت نہیں ہے کیونکہ صفائی وستھرائی جو اس غسل کی غرض ہے، وہ تیمّم سے حاصل نہیں ہوگی۔(۱)

احرام کی حالت میں پاکی حاصل کرنے کے لئے یا ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے یا غبار دور کرنے کے لئے خالص پانی سے خواہ ٹھنڈا ہو یا گرم غسل کرنا جائز ہے لیکن میل دور نہ کرے۔(۲)

---

(۱) والغسل وهو سنة للإحرام مطلقًا ، أو الوضوء أى فى النيابة عنه ...... ثم هٰذا الغسل للنظافة فى الأصل حتى يلزم الحائض والنفساء ولايقوم مقامه التيمم . (إرشاد السارى : (ص: ۱۲۷) باب الإحرام ، فصل : فى سنن الإحرام ، ط: الإمدادية مكّه المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۶۹) باب الإحرام ، فصل فيما ينبغى لمريد الإحرام من كمال التنظيف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۸۰/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، ط: سعيد .

(۲) له الاغتسال بالماء القراح وما الصابون والحرض ويكره بالسدر ونحوه كما مرّ، وله الاغتسال بأى ماء كان، ولكن بحيث لايزيل الوسخ بل يقصد الطهارة أو دفع الغبار أو الحرارة...... وأمّا إزالة الوسخ فمكروهة. (غنية الناسک: (ص: ۹۱) باب الإحرام، فسل: فى مباحات الإحرام، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۷۲) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته ، ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۴۸۹/۲) كتاب الحج، فصل: فى الإحرام، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد.

مزید تفصیل کے لئے ''احرام کے لئے غسل کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔

غسل کرنا سنت ہے

مکہ مکرّمہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا سنّت ہے۔(۱)

غسل کے بعد وضو ٹوٹ گیا

اگر احرام باندھنے کے لئے غسل کیا، اور احرام باندھنے سے پہلے وضو ٹوٹ گیا تو غسل کی فضیلت حاصل نہ ہوگی۔(۲)

غسل واجب ہوگیا

اگر احرام کی حالت میں صحبت کے بغیر احتلام یا کسی اور عذر کی وجہ سے ناپاک ہوگیا تو اس پر دم نہیں ہے، نیز ناپاکی کی وجہ سے احرام کی چادر کو بدلنا جائز ہے۔ (۳)

---

(۱) فاغتسل بهٖ م ماء بئر أو غيره إن دخل من طريقه ، وإلا فحيث تيسّر ، وهٰذ الغسل سنة لدخول مكّة ، وهو للنظافة حتٰى يستحب للحائض والنفساء . (غنية الناسک : (ص: ۹۶) باب دخول مكّة ، ط إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۷۸ ، ۱۷۹) باب دخول مكّة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۴۹۲/۲) كتاب الحج ، مطلب فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۲) فلو اغتسل فأحدث إلّا أنّه على نظافته ، فتوضأ وأحرم لم ينل فضل الغسل . (غنية الناسک : (ص: ۶۹) باب الإحرام ، فصل : فيما ينبغى لمريد الإحرام ،ط : إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۳۸) باب الإحرام ، فصل : فى صفة الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامى : (۴۸۱/۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، ط: سعيد

(۲) وإن نظر إلى فرج امرأة بشهوة فمنٰى لا شيئ عليه ، كما لو تفكّر فأمنٰى وكذا الاحتلام لايوجب شيئًا سوى الغسل . (الهندية : (۲۴۴/۱) كتاب المناسک ، الباب الثامن : فى الجنايات ، الفصل الرابع : فى الجماع ، ط: رشيديه)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۴۸۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع و دواعيه ، فصل: فى حكم دواعى الجماع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

Baitul-Ammar

غصب کی ہوئی رقم سے حج کرنا

غصب کی ہوئی رقم سے حج کرنے سے حج تو ذمہ سے ساقط ہوجائے گا مگر حج اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہوگا اور دوسرے کا حق دبا لینے کا گناہ بھی ہوگا۔(۱)

غلام

حج واجب ہونے کے لئے آزاد ہونا شرط ہے اس لئے غلام پر حج واجب نہیں ہے۔(۲)

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۲٦۷ ، ۲٦۸) باب الجنايار ، الفصل السادس : فى الجماع و دواعيه ، ط: إدارة القرآن .

🗁 ويجوز الإحرام فى ثوب واحد أى بأن يتقى بما يجب عليه من ستر العورة ، وأكثر من ثوبين بأن يجعل واحد فوق واحد أو يبدّل أحدهما بالآخر . (إرشاد السارى : (ص: ۱۳۹) باب الإحرام ، فصل : ثم يتجرّد عن الملبوس المحرم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۷۱) باب الإحرام ، فصل: فيما ينبغى لمريد الإحرام ، ط: إدارة القرآن.

(۱) ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال فإنّه لايقبل الحج بالنفقة الحرام مع أنّه يسقط الفرض معها وإن كانت مغصوبة . (الهندية : (۱/۲۲۰) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فى تفسير الحج و فرضيته ، ط: رشيديه)

🗁 من حج بمال حرام سقط عنه الفرض ، أى بحسب الظاهر ، ولا يقبل حجة ؛ لأنّه ليس حجًا مبرورًا ...... ويكون عاصيًا أى باكتساب الحرام . (إرشاد السارى : (ص: ٦۹۰) باب المتفرقات ، مسألة : من حج بمال حرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 شامى : (۱/۴۵٦) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

(۲) الخامس : الحرية ، فلا حج على مملوک ، فإن حج ولو بإذن المولىٰ فهو نفل لايسقط به الفرض . (إرشاد السارى : (ص: ۵۳ ، ۵۴) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱٦) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، الخامس : الحرية ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۵۸) كتاب الحج ، ط: سعيد .

غلط بیانی کر کے حج کو جانا

جھوٹ بول کر اور غلط بات لکھوا کر حج کو جانا جائز نہیں ہے، تاہم اگر کسی نے اس طرح حج کر لیا تو حج ہوجائے گا مگر جھوٹ بولنے کا گناہ ہوگا، اس سے توبہ استغفار کرنا ضروری ہوگا۔(۱)

غلطی

احرام کی حالت میں غلطی قصداً کرے یا بھول کر یا خطاءً، مسئلہ جانتا ہو یا نہ جانتا ہو، اپنی خوشی سے کرے یا کسی کی زبردستی سے، سوتے ہوئے یا جاگتے ہوئے، نشہ میں ہو یا بے ہوش ہو، مالدار ہو یا تنگدست، خود کرے یا کسی کے کہنے پر، معذور ہو یا غیر معذور سب صورتوں میں جزاء واجب ہوگی (اگر دم ہے تو دم ورنہ صدقہ لازم ہوگا)(۲)

غلہ

☆ اگر کسی آدمی کے پاس ”غلہ“ ہے، اور یہ سارا غلہ صرف کھانے کے لئے

---

(۱) قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : إنّ الصدق يهدى إلى البر وإنّ البرّ يهدى إلى الجنة ...... وإنّ الكذب يهدى إلى الفجور وإنّ الفجور يهدى إلى النّار . (الصحيح لمسلم : (۲/۳۲۵) كتاب البر والصلة ، باب قبح الكذب وحسن الصدق وفضله ، ط: قديمى)

🗁 ذكر رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم الكبائر أو سئل عن الكبائر ؟ فقال : الشرک باللّٰه وقتل النفس ، وعقوق الوالدين ، فقال : ألا أنبئكم بأكبر الكبائر ؟ ، قال : قول الزور الخ . (صحيح البخارى : (۲/۸۸۴) كتاب الأدب ، باب عقوق الوالدين من الكبائر ، ط : قديمى)

(۲) ثم لا فرق فى وجوب الجزاء بين ما إذا جنى عامدًا أو خاطئًا ، مبتئا أو عائدًا ، ذاكرا أو ناسيًا ، عالمًا أو جاهلاً ، طائعًا أو مكرهًا ، أو منتبهًا ، سكران أو صاحيًا ، مغمى عليه أو مفيقًا موسرًا أو معسرًا ، بمباشرته أو بمباشرة غيره بأمره . (شامى : (۲/۵۴۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۴۲۳) باب الجنايات ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۴۲) باب الجنايات ، ط: إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

ہی استعمال میں آتا ہے،ضرورت سے زائد نہیں ہے توحج فرض نہیں ہوگا۔

☆اور اگر کچھ ’’غلہ‘‘ کھایا جاتا ہے، باقی بیچا جاتا ہے،اور یہ حج کا خرچہ اورحج کے سفر کے دوران اہل وعیال کے خرچہ کے لئے کافی ہو جاتا ہے،تواس صورت میں ضرورت سے زائد غلہ فروخت کر کے حج کے لئے جانا فرض ہوگا۔(۱)

غیرمحرم کومحرم بنانا

عوت کے لئے محرم کے بغیرحج اورعمرہ کا سفرکرنا جائزنہیں ہےاورنامحرم کومحرم دکھا کرحج اورعمرہ کا سفرکرنا جائزنہیں ہے بلکہ اس میں دہرا گناہ ہے،ایک تومحرم کے بغیرسفرکیااوردوسرا جھوٹ بولا،تاہم اگرحج یاعمرہ کے لئے چلی جائے گی توحج اورعمرہ ہوجائے گالیکن محرم کے بغیرتنہاسفرکرنیکی وجہ سے گنہگار ہوگی،عبادت کوگناہوں سے پاک رکھنا ضروری ہے ورنہ اس کااثر ظاہرنہیں ہوتا۔(۲)

---

(۱) إذا كان له دار يسكنها و عبد يستخدمه وثياب يلبسها ومتاع يحتاج إليه لاتثبت به الاستطاعة وفى التجريد : إن كان له دار لايسكنها وعبد لايستخدمه فعليه أن يبيعه و يحج به وإن لم يكن له مسكن ولا شيئ من ذٰلک وعنده دراهم يبلغ بها الحج ، أو يبلغ ثمن مسكن وخادم و طعام وقوت ، فعليه الحج ، فإن جعلها فى غير الحج أثم . (الهندية : (۱/ ۲۱۷) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فى تفسير الحج ، ط: رشيديه)

🗁 ونصاب الوجوب ...... ملک مال يبلغه ...... إلى مكّة بل إلى عرفة ذاهبًا ...... وجائيًا ...... بنفقة متوسطة ...... فاضلاً ...... عن مسكنه ...... ونفقة من عليه نفقته و كسوته ...... إلى حين عوده ...... وإذا كان عند طعام سنة : لايلزمه الحج أى ببيع بعضه وصرفه فى طريقه ، فإن كان أكثر منه أى من طعام سنة يلزمه أى يلزمه الحج إن كان فى بيع الزائد وفاء لأداء حجّه . (إرشاد السارى : (ص: ۵۷ ، ۵۸ ، ۵۹ ، ۶۱) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰ ، ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب : الإستطاعة ، ط: إدارة القرآن .

(۲) المحرم أو الزوج لامرأة بالغة ولو عجوزًا ومعها غيرها من النّساء الثقات والرجال الصالحين فى مسيرة سفر ...... ولو حجت بلا محرم أو زوج جاز حجها بالاتفاق ولكن مع الكراهة التحريمة للنهى . (غنية الناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۹) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الرابع ، ط: إدارة القرآن) =

غیرمسلم سے قرض لےکرحج کرنا

☆غیرمسلم حرام وحلال کے قائل نہیں ہیں،اوراس کے پابند بھی نہیں،اس لئے حلال اورحرام ان کے حق میں برابر ہیں،مسلمان ضرورت پڑنے پرغیرمسلم سے قرض لےکرحج کرسکتا ہے حج ہوجائے گا،البتہ بعد میں یہ قرض حلال رقم سے ادا کرے،اگرحرام رقم سے یہ قرض ادا کرے گا تو گناہ ہوگا۔

☆غیرمسلم جب تک غیرمسلم ہیں عقائدکودرست کرنے کے پابند ہیں عقائد کے علاوہ مسائل کے پابندنہیں ہیں،ہاں مسلمان ہونے کے بعد عقائد اور مسائل دونوں کے پابند ہوتے ہیں،اس لئے غیرمسلموں سے جوقرض لیا جاتا ہے وہ حرام ہونے کے شبہات سے خالی ہوتا ہے،اس لئے ان سے قرض لینا جائز ہے۔(۱)

= 🗁 شامى : (۲/ ۴۶۵) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۷۶) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الرابع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) لأنّ الكافر غير مخاطب بفروع الإيمان فى حق الأداء وقد حققناه فيما علقناه على المنار ...... (قوله : وقد حققناه الخ) حاصل ما ذكر هناک : أنّ فى تكليفه بالعبادات ثلاثة مذاهب ...... ولايخفى أنّ قوله : ’’ فى حق الأداء ‘‘ يفهم أنّه مخاطب بها اعتقادًا فقط كما هو مذهب البخاريين وهو ما صححه صاحب المنار . (الدر مع الرد : (۲/ ۴۵۸) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗁 أنّ الكفار مخاطبون بالايمان وبالعقوبات سوى حد الشرب وبالمعاملات وإنّما الخلاف فى العبادات . (شامى : (۴/ ۱۶۱) كتاب الجهاد ، باب استيلاء الكفار ، مطلب : فى أنّ الأصل فى الأشياء الإباحة ، ط: سعيد)

🗁 بدائع الصنائع : (۲/ ۱۲۰) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضيته ، ط: سعيد .

🗁 إرشا السارى : (ص: ۴۲ ، ۴۳) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط الأوّل : الإسلام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 وعنها ، قالت : توفى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ودرعه مرهونة عند يهودىّ بثلاثين صاعًا من شعير ، رواه ابخارى . وقال الشيخ الكاندهلوى رحمه اللّٰه تحت قوله : ورهنه درعًا له=

Baitul-Ammar

غیر ممالک سے جدہ پہنچنے والے

غیر ممالک مثلاً پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش سے عمرہ کے ارادہ سے جدہ جانے والوں کو چاہئے کہ وطن سے احرام باندھ کر جائیں، یا جہاز میں احرام باندھ لیں، یا کم سے کم میقات سے پہلے پہلے احرام باندھ لیں، ان لوگوں کے لئے جدہ سے احرام باندھنا درست نہیں، جدہ سے احرام باندھنے کی صورت میں دم دینا لازم ہوگا، ہاں اگر جدہ اترنے کے بعد کسی میقات میں جاکر احرام باندھیں گے تو دم ساقط ہوجائے گا۔(۱)

= من حديد : فى شرح السنة فيه دليل ...... على جواز المعاملة مع أهل الذمة وإن كان مالهم لايخلو عن الربا وثمن الخمر ...... وقد أجمع المسلمون على جواز معاملة أهل الذمة والكفار إذا لم يتحقق تحريم ما معهم .... (التعليق الصبيح : (۳/۴۲۰، ۴۲۱) كتاب البيوع، باب السلم والرهن، الفصل الأوّل، ط: رشيديه كوئٹه)

ويـنبغى له أن يجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنّه لا يقبل بالنفقة الحرام مع أنّه يسقط الفرض معها وإن كانت مغضوبة كما فى الفتح، وإذا أراد أن يحج بمال فيه شبهة يستدين للحج ويقضى عينه من ماله . (غنية الناسک : (ص: ۳۵) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن)

(۱) آفاقى مسلم مكلف أراد دخول مكّة أو الحرم ...... و جاوز آخر مواقيته غير محرم، ثم أحرم أو لم يحرم، أثم ولزمه دم، وعليه العود إلى ميقاته الّذى جاوزه أو إلى غيره أقرب أو أبعد، وإلى ميقاته الّذى جاوزه أفضل ...... سقط الدم، وإلاّ فلا . (غنية الناسک : (ص: ٦٠) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته، ط: إدارة القرآن)

(وحرم تأخير الإحرام عنها) كلها (لمن) أى الآفاقى (قصد دخول مكّة) ...... و (لو لحاجة) ...... (لا) يحرم (التقديم) للإحرام (عليها) بل هو الأفضل إن فى أشهر الحج وأمن على نفسه . قوله : وأمن على نفسه) وإلاّ فالإحرام من الميقات أفضل بل تأخيره إلى آخر المواقيت . (الدر مع الرد: (۲/۴۷۷، ۴۷۸) كتاب الحج، مطلب فى المواقيت، ط: سعيد)

إرشاد السارى : (ص : ۱۱۸) باب المواقيت، فصل : فى مجاوزة الميقات بغير إحرام، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة .

ف

فاصلہ رمی کرنے والے اور جمرہ کے درمیان

''رمی کرنے والے اور جمرہ کے درمیان فاصلہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

فدیہ دینے کی نیت سے جنایت کرنا

''دم دینے کی نیت سے جنایت کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۸۳)

فرائض حج

''حج کے فرائض'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۰۳)

فرائض عمرہ

''عمرہ کے فرائض'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/۲۱۵)

فرج کے علاوہ کسی اور جگہ جماع کیا

''بوسہ لیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۰۸)

فرشتوں کو کعبہ کی زیارت کا حکم

''ہر فرشتے کو کعبہ کی زیارت کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۳۲٤)

فرشتوں کے طواف

آدم علیہ السلام نے پہلی مرتبہ جب حج کیا تو جب عرفات کے میدان میں ٹھہرے ہوئے تھے، ان کے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہنے لگے:

''اے آدم! اپنے مناسک اچھی طرح پورے کرو، ہم تمہاری پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے سے بیت اللہ کا طواف کرتے آرہے ہیں۔(۱)

---

(۱) وأوّل حجة حجها جاءه جبرئيل و هو واقف بعرفة فقال له : يا آدم! برّ نسكك، اما إنّا قد طفنا بهٰذا البيت قبل أن تخلق بخمسين ألف سنة . (السيرة الحلبية : (۱/۲۱۹) باب بنيان قريش الكعبة شرفها اللّٰه تعالىٰ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

Baitul-Ammar

فرض نماز کے بعد احرام باندھنا

اگر فرض نماز کے بعد احرام کی نیت کرلی تو کافی ہے لیکن مستقل دو رکعت نفل پڑھنا افضل ہے۔(۱)

فرقہ قرامطہ کے ہاتھوں حجر اسود کی شکست وریخت

(مسلمانوں میں اچانک ایک فتنہ پھیلا تھا اور ایک نیا فرقہ بنا تھا جس کا نام قرامطہ تھا، اس قرامطہ فرقہ کا سربراہ ابو سعید تھا، یہ دہریوں اور بے دینوں کی ایک جماعت اور فرقہ تھا جو ۲۷۸ھ میں کوفہ میں پیدا ہوا تھا۔

یہ لوگ کہتے تھے ہمبستری کے بعد غسل کی ضرورت نہیں ہے، اسی طرح شراب کو حلال کہتے تھے اور کہتے تھے کہ سال میں سوائے دو دنوں کے کوئی روزہ نہیں ہے، یہ دو دن نیروز اور مہرجان کے ہیں، ان لوگوں نے اپنی اذان میں ایک کلمہ کا اضافہ کرلیا تھا، وہ کلمہ یہ تھا: ”محمد بن الحنفیة رسول الله“ اسی طرح یہ لوگ کہتے تھے کہ حج اور عمرہ بیت المقدس میں ہوتا ہے۔

جاہلوں اور دیہاتی لوگوں کی ایک بڑی تعداد ان کے فتنے میں آگئی، اور اسی طرح ان لوگوں کی طاقت اور قوت بہت بڑھ گئی یہاں تک کہ اس جماعت کے سربراہ

---

(۱) ثم يصلي ركعتين ويقرأ فيهما بما شاء ...... ولا يصليهما في الوقت المكروه وتجزيه المكتوبة . كذا في البحر الرائق . (الهندية : (۱/۲۲۳) كتاب المناسک ، الباب الثالث في الإحرام ، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۷۳) باب الإحرام ، فصل : فيما ينبغي لمريد الإحرام ...... قبيل : فصل : في كيفية الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامي : (۲/۴۸۲) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد الساري : (ص: ۱۳۹ ، ۱۴۰) باب الإحرام ، فصل في ركعتي الإحرام وأحكامهما ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

ابو سعید اور اس کے بیٹے ابو طاہر کی فتنہ پردازیوں کی وجہ سے بغداد سے حاجیوں کا سلسلہ بند ہوگیا۔

ابو طاہر نے کوفہ میں ایک عمارت بنالی تھی اور اس کا نام ”دار الہجرت“ یعنی ہجرت گاہ رکھ دیا تھا، اس شخص کے ذریعہ بڑا زبردست فتنہ پھیلا اور مختلف شہروں پر اس نے حملے کئے اور مسلمانوں کو قتل کیا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ گئی اور اس کے پیروؤں کی مقدار بڑھ گئی۔

عباسی خلفاء میں سے سولہویں خلیفہ مقتدر باللہ نے کئی دفعہ ابو طاہر کے مقابلے کے لئے فوجیں بھیجیں مگر وہ شکست کھاگئیں، پھر خلیفہ مقتدر نے حاجیوں کا ایک قافلہ مکہ بھیجا اس قافلے (کا ابو طاہر نے پیچھا کیا اور آخر اس) کو آٹھ ذی الحجہ منیٰ کے لئے روانگی کے دن ابو طاہر کے لشکر نے جالیا، ابو طاہر نے مسجد حرام میں حاجیوں کو قتل کیا اور کعبے کے اندر پہنچ کر زبردست خون ریزی کی، اس کے بعد اس نے حاجیوں کی لاشوں کو زمزم کے کنویں میں ڈال دیا، پھر اس نے اپنا گرز مار مار کر حجر اسود کی جگہ کو توڑ ڈالا اور اس کو وہاں سے اکھاڑ کر اپنے ساتھ لے گیا، جاتے ہوئے اس نے کعبے کا دروازہ بھی توڑ ڈالا، کعبہ کا غلاف اس نے کھینچ کر اتارلیا، اور اپنے ساتھیوں کے سامنے اس کو پھاڑ ڈالا، پھر اس نے زمزم کے کنویں پر جو قبہ بنا ہوا تھا اس کو ڈھا دیا، پھر یہ ابو طاہر مکے میں دس دن تک ٹھہرنے کے بعد وہاں سے واپس ہوا، اور اپنے ساتھ حجر اسود کو بھی لے گیا۔

اس طرح یہ حجر اسود بیس سال سے زیادہ عرصے تک قرامطہ کے پاس رہا، اس دوران حج کو آنے والے لوگ حجر اسود کے بجائے صرف اس کی جگہ پر ہی تبرک کے لئے ہاتھ رکھ دیا کرتے تھے۔

مسلمانوں نے حجر اسود کو قرامطہ سے واپس لینے کے لئے اس کو پچاس ہزار

Baitul-Ammar

دینار تک دینے کی پیشکش کی مگران لوگوں نے حجر اسود کو واپس کرنے سے انکار کر دیا، آخر بیس سال سے زائد عرصے کے بعد خلیفہ مطیع کے زمانے میں حجر اسود واپس مکے لا کر بیت اللہ میں نصب کیا گیا۔

یہ خلیفہ مطیع بنی عباس کے خلفاء میں چوبیسواں خلیفہ ہے، اس نے حجر اسود کو واپس لا کر اس کی جگہ پر رکھا، خلیفہ مطیع نے حجر اسود کے لئے چاندی کا ایک گھیر اور آنکڑا بنوا کر اسے اس کے ساتھ وہاں جما دیا، اس گھیرے کی مالیت تین ہزار سات سو ساڑھے نوے درہم تھی۔

قرامطہ کے بعد پھر ۴۱۳ھ میں بھی ایک ملحد اور بے دین شخص نے اپنے آہنی گرز سے حجر اسود پر تین مرتبہ ضربیں لگائی تھیں، جس کی وجہ سے حجر اسود کا سامنے کا حصہ ٹوٹ گیا تھا اور اس سے ناخن جیسی کرچیں ٹوٹ کر گریں، ٹوٹی ہوئی جگہ میں حجر اسود کا اندر کا حصہ زردی مائل گندمی رنگ کا تھا اور خشخاش کے دانوں کی طرح دانے دار تھا۔

بنو شیبہ نے اس چورے کو جمع کر کے اس کو مشک اور لاکھ کے ساتھ گوندھا اور پھر اسے حجر اسود کے ان شگافوں میں بھر دیا۔(۱)

---

(۱) ...... ان ابا سعید کبیر القرامطة وهم طائفة ملاحدة ظهروا بالكوفة سنة سبعين و مائتين ، يزعمون أن لا غسل من الجنابة ، وحل الخمر ، وأنّه لا صوم فى السنة إلاّ يوم النيروز والمهرجان، ويزيدون فى أذانهم ، وأن محمدا ابن الحنفية رسول اللّٰه ، وأنّ الحج والعمرة إلى بيت المقدس وافتتن بهم جماعة من الجهال وأهل البرارى ، وقويت شوكتهم حتٰى انقطع الحج من بغداد بسببه و سبب ولده أبى طاهر ، فإن ولده أبا طاهر بنى دارًا بالكوفة و سماها دار الهجرة ، وكثر فساده ، واستيلاؤه على البلاد وقتله المسلمين وتمكّنت هيبته من القلوب ، وكثرت أتباعه ، وذهب إليه جيش الخليفة المقتدر باللّٰه السادس عشر من خلفاء بنى العباس غير ما مرّة وهو يهزمهم .

ثم إنّ المقتدر سير ركب الحاج إلى مكّة فوافاهم أبو طاهر يوم التروية فقتل الحجيج بالمسجد الحرام وفى جوف الكعبة قتلاً ذريعًا ، وألقى القتلى فى بئر زمزم ، وضرب الحجر الأسود بدبوسه فكسره ، ثم اقتلعه وأخذه معه ، وقلع باب الكعبة ، ونزع كسوتها و شققها بين أصحابه ، وهدم قبة زمزم وارتحل عن مكّة بعد أن أقام بها أحد عشر يومًا ومعه الحجر الأسود ، وبقى عند =

فصد کرانا

احرام کی حالت میں فصد کرانا (رگ سے خون نکالنا) جائز ہے۔(۱)

فضائلِ طواف

طواف کی بہت ہی فضیلت ہے، اور احادیث میں اس کی بہت زیادہ ترغیب آئی ہے۔

☆ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بیت اللہ پر ہر روز ایک سو بیس رحمتیں نازل فرماتے ہیں (جن میں

= القرامطة أكثر من عشرين سنة : أى والنّاس يضعون أيديهم محله للتبرك ، ودفع لهم فيه خمسون ألف دينار فأبوا حتٰى أعيد فى خلافة المطيع ، وهو الرابع والعشرون من خلفاء بنى العباس ، فأعيد الحجر إلى موضعه ، وجعل له طوق فضة شد به زنته ثلاثة آلاف وسبعمائة و تسعون درهمًا و نصف.

قال بعضهم : تأملت الحجر وهو مقلوع فإذا السواد فى رأسه فقط و سائره أبيض ، وطوله قدر عظم الذراع .

وبعد القرامطة فى سنة ثلاث عشرة وأربعمائة قام رجل من الملاحدة وضرب الحجر الأسود ثلاث ضربات بدبوس فتشقق وجه الحجر من تلك الضربات ، وتساقطت منه شظيات مثل الأظفار ، وخرج مكسره أسمر يضرب إلى الصفرة محببًا مثل حب الخشخاش فجمع بنو شيبة ذٰلك الفتات وعجنوه بالمسك واللك وحشوه فى تلك الشقوق وطلوه بطلاء من ذٰلك ، وجعل طول الباب أحد عشر ذراعًا والباب الآخر بإزائه كذٰلك .

فلما فرغ من بنائها خلقها من داخلها و خارجها بالخلوق أى الطيب والزعفران ، وكساها القباطىّ : أى وهى ثياب بيض رقاق من كتان تتخذ بمصر .(السيرة الحلبية : (۱/ ۲۴۸) باب بنيان قريش الكعبة شرفها اللّٰه تعالىٰ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) والفصد أى الافتصاد ، والحجامة ، أى الاحتجام بلا إزالة شعر ، أى فى موضعيها. (إرشاد السارى : (ص: ۱۷۳) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته الإحرام ،ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۱) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

سے) ساٹھ رحمتیں طواف کرنے والوں کے لئے ، اور چالیس رحمتیں نماز پڑھنے والوں کے لئے ، اور بیس رحمتیں بیت اللہ کو دیکھنے والوں کے لئے ہوتی ہیں۔

☆ ایک اور روایت میں ہے کہ جو شخص بیت اللہ کا طواف کرتا ہے وہ ایک قدم اٹھا کر دوسرا قدم نہیں رکھتا کہ اللہ تعالی اس کی ایک خطاء معاف کر دیتے ہیں ، اور ایک نیکی لکھ دیتے ہیں ، اور ایک درجہ بلند کر دیتے ہیں۔

☆ مکہ مکرمہ میں رہتے ہوئے جس قدر ہو سکے زیادہ سے زیادہ طواف کرتے رہیں۔(۱)

یہ عظیم نعمت ہمیشہ میسر نہیں ہوتی۔

☆ جس نے طواف کے سات چکر پورے کئے اور اس دوران کوئی فضول حرکت نہیں کی ، تو گویا اس نے ایک غلام کو آزاد کیا۔(۲)

---

(۱) عن ابن عباس قال : قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم : ینزل اللّٰه کل یوم عشرین و مائة رحمة ، ستون منها للطائفین ، وأربعون للعاکفین حول البیت ، وعشرون للناظرین إلی البیت . (المعجم الکبیر للطبرانی : (۱۱/۱۲۴ ، ۱۲۵) رقم الحدیث : ۱۱۲۴۸ ، أحادیث عبد اللّٰه بن عباس ، رضی اللّٰه عنهما ، عبد اللّٰه ابن أبی ملیکة عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما ، ط: مکتبة ابن تیمیه ، قاهره)

🗁 من طاف بالبیت أسبوعًا لایضع قدمًا ولایرفع أخریٰ إلّا حط اللّٰه تعالیٰ بها خطیئة ، وکتب له بها حسنة ، ورفع بها درجة . (کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال : (۵/۵۳) رقم الحدیث : ۱۲۰۱۷ ، کتاب الحج والعمرة ، الباب الثانی : فی مناسک الحج ، الفصل الرابع : فی الطواف والسعی ، ط: مؤسّسة الرّسالة)

🗁 صحیح ابن حبان : (۹/۱۰) رقم الحدیث : ۳۶۹۷ ، باب فضل الحج والعمرة ، ط: مؤسّسة الرسالة .

(۲) وسمعته یقول : من طاف بهٰذا البیت أسبوعًا فأحصاه کان کعتق رقبة .... (سنن الترمذی : (۱/۱۴) أبواب الحج ، باب ماجاء فی استلام الرکنین ، ط: رحمانیه)

🗁 سنن ابن ماجه : (ص: ۲۱۲) کتاب المناسک ، باب فضل الطواف ، ط: میزان .

🗁 مسند أحمد : (۲/۳) رقم الحدیث : ۴۴۶۲ ، مسند عبد اللّٰه ابن عمر رضی اللّٰه عنهما ، ط: مؤسّسة قرطبه .

یعنی ایک غلام کو آزاد کر کے اپنے پیروں پر کھڑا کر دینے سے جتنا اجر وثواب ملتا ہے ، طواف کرنے پر اتنا ہی ثواب ملتا ہے۔

فقیر یا مقروض کو کسی آدمی نے حج کرنے کے لئے رقم دی

اگر کوئی شخص کسی مقروض یا فقیر آدمی کو حج کرنے کے لئے رقم دیتا ہے ، تو اس سے حج کرنا جائز ہے ، شرعًا اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۱)

فلائٹ یقینی نہیں

☆ اگر فلائٹ یقینی نہیں یا سیٹ کنفرم نہیں تو اس صورت میں بورڈنگ کارڈ مل جانے کے بعد احرام باندھ لیں ، اور اگر امیگریشن کے بعد انتظار گاہ میں احرام باندھنے کا وقت ہے تو وہاں باندھ لیں ، ورنہ وقت نہ ہونے کی صورت میں جہاز پر سوار ہو کر باندھ لیں ، ورنہ میقات سے پہلے باندھ لیں ، ان تمام صورتوں میں احرام صحیح ہو جائے گا اور دم بھی لازم نہ ہوگا۔(۲)

---

(۱) بخلاف الفقیر لایجب علیه الحج فی الابتداء ، ثمّ إذا حجّ بالسؤال من النّاس یجوز ذٰلک عن حجّة الإسلام حتّٰی لو أیسر لایلزمه حجة أخریٰ ؛ لأنّ الاستطاعة بملک الزاد والراحلة . (بدائع الصنائع : (۲/۱۲۰) کتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضیته فنوعان ، ط: سعید)

🗁 ولو تکلف هٰؤلاء الحج بأنفسهم سقط عنهم حتّٰی لو صحوا بعد ذٰلک لایجب علیهم الاداء لأنّ سقوط الوجوب عنهم لدفع الحرج فإذ اتحملوه وقع عن حجة الإسلام کالفقیر إذا حج . (البحر الرائق : (۲/۳۱۲) کتاب الحج ، قوله : بشرط حریة و بلوغ وعقل الخ ، ط: سعید)

(۲) فإن قدّم الإحرام علی هٰذه المواقیت جاز وهو الأفضل ، إذا أمن مواقعة المحظورات وإلّا فالتأخیر إلی المیقات أفضل ، کذا فی الجوهرة النیّرة . (الهندیة : (۱/۲۲۱) کتاب المناسک ، الباب الثانی : فی المواقیت ، ط: رشیدیه)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۵۳) باب المواقیت ، فصل : وأمّا مواقیت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۲/۴۷۷) کتاب الحج ، مطلب فی المواقیت ، ط: سعید .

🗁 بدائع الصنائع : (۲/۱۶۴) کتاب الحج ، فصل ، وأمّا بیان مکان الإحرام ، ط: سعید .

Baitul-Ammar

☆ احرام باندھنے کے لئے غسل کرنا، نوافل پڑھنا شرط نہیں، مستحب ہے، لہٰذا جہاز یا ٹکٹ کنفرم نہ ہونے کے عذر کی صورت میں صرف سلے ہوئے کپڑے اتار کر احرام کی چادریں پہن لیں اور عمرہ یا حج کی نیت کر کے تلبیہ پڑھ لیں، تو احرام صحیح ہو جائے گا، اور یہ کام جہاز میں سوار ہونے سے پہلے بھی ہو سکتا ہے، اور جہاز میں سوار ہو کر بھی ہو سکتا ہے، جدہ جا کر احرام باندھنا درست نہیں کیونکہ پرواز کے دوران جہاز ''قرن المنازل'' کی میقات سے بلکہ بعض اوقات حرم شریف کی حدود سے گزر کر جدہ پہنچتا ہے، اس لئے جہاز پر سوار ہونے سے پہلے یا سوار ہو کر احرام باندھ لینا ضروری ہے۔(۱)

☆ یا تو گھر میں احرام کی چادر پہن کر نفل وغیرہ پڑھ کر روانہ ہو جائیں اور احرام کی نیت نہ کریں جب جہاز میں سوار ہو جائیں تو نیت کر کے تلبیہ پڑھ لیں۔(۲)

---

(۱) ومن سننه كونه فى أشهر الحج وأن لايعدل من خصوص ميقات بلده وطريقه والغسل أو الوجوء ولبس إزار و رداء وأداء الركعتين إلاَّ فى وقت الكراهة . (غنية الناسك : (ص: ٦٧) باب الإحرام ، فصل : فى واجبات الإحرام ، وسننه ونحو ذٰلک ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ١٢٧ ، ١٢٨) باب الإحرام ، سنن الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الهندية : (١/ ٢٢٢) كتاب المناسک ، الباب الثالث فى الإحرام ، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (٢/ ٤٨٠ ، ٤٨١) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، ط: سعيد)

🗁 وحكمها وجوب الإحرام منها لأحد النسكين وتحريم تأخيره عنها لمن أراد دخول مكّة أو الحرم وإن كان لقصد التجارة أو غيرها ولم يرد نسكًا . (إرشاد السارى : (ص: ١١٣) باب الموقيت ، النوع الثانى : الميقات المكانى ...... ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 الهندية : (١/ ٢٢١) كتاب المناسک ، الباب الثانى : فى المواقيت ، ط: رشيديه .

🗁 غنية الناسک : (ص: ٥٣) باب المواقيت ، فصل : وأمّا مواقيت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن.

(٢) فإن قدّم الإحرام على هٰذه المواقيت جاز وهو الأفضل ، إذا أمن مواقعة المحظورات وإلاَّ فالتأخير إلى الميقات أفضل ، كذا فى الجوهرة النيّرة . (الهندية : (١/ ٢٢١) كتاب المناسک ، الباب الثانى : فى المواقيت ، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک : (ص: ٥٣) باب المواقيت ، فصل : وأمّا مواقيت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامى : (٢/ ٤٧٧) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد .

🗁 بدائع الصنائع : (٢/ ١٦٤) كتاب الحج ، فصل ، وأمّا بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد .

ق

قارن

قران کرنے والا (''قران'' لفظ کو دیکھیں)

قارن سعی سے فارغ ہو کر کیا کرے

''سعی سے فارغ ہو کر کیا کرنا چاہئے'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/ ٤٣٥)

قارن کے لئے ترتیب

''ترتیب'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/ ۲۵۹)

قارن نے افراد میں احرام بدل لیا

قارن، حج قران کے افعال شروع کرنے سے پہلے حج افراد کے احرام کی نیت کر سکتا ہے، البتہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔(۱)

قارن نے ذبح سے پہلے حلق کر لیا

اگر قران کرنے والے نے رمی کے بعد ذبح سے پہلے حلق کر لیا تو دو دم واجب ہوں گے۔(۲)

---

(١) (والقران) لغه الجمع بين شيئين ، وشرعًا أن يهل أى يرفع صوته بالتلبية بحجة و عمرة معًا حقيقةً أو حكمًا بأن يحرم بالعمرة أولاً ثمّ بالحج قبل أن يطوف لهاأربعة أشواط أو عكسه بأن يدخل إحرام العمرة على الحج قبل أن يطوف للقدوم وإن أساء . (شامى : (٢/ ٥٣١) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد)

(٢) ويجب دمان على قارن حلق قبل ذبحه ، دم للتأخير ودم للقران على المذهب كما حرره المصنف . (الدر مع الرد : (٢/ ٥٥٥ ، ٥٥٦) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

🗁 الهندية : (١/ ٢٤٧) كتاب المناسک ، الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الخامس : فى الطواف والسعى والرمل ورمى الجمار ، ط: رشيديه .

🗁 غنية الناسک: (ص: ٢٧٩، ٢٨٠) باب الجنايات، فصل :فى ترک الواجب =

Batul-Ammar

قارن نے عمرہ کی سعی نہیں کی

اگر قارن عمرہ کا طواف کر لینے کے بعد سعی کرنا بھول گیا، اور اسی احرام کے ساتھ حج کے لئے روانہ ہوگیا، پھر وقوف عرفہ کے بعد یاد آیا کہ سعی نہیں کی، تو ایسا شخص وقوف عرفہ کے بعد حرم میں جا کر سعی کر لے، تو یہ سعی عمرہ کی سعی کے لئے کافی ہو جائے گی، اور اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں ہوگا، مگر تاخیر کی وجہ سے کراہت ضرور آئے گی۔(۱)

قارن نے قربانی نہیں کی

''متمتع نے قربانی نہیں کی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۴/۴)

قباء

مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلے پر جو آبادی ہے اسے ''قباء'' کہا جاتا ہے، یہاں ''انصار'' کے بہت سے خاندان آباد تھے، ان میں عمرو بن عوف کا خاندان بھی تھا، اس خاندان کے سربراہ کلثوم بن الہدم تھے، آپ ﷺ نے مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آتے ہوئے ''قباء'' میں چار دن قیام فرمایا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں قیام کا شرف اسی خاندان کے مقدر میں لکھا ہوا تھا۔

قباء کے قیام کے دوران تاریخ اسلام کے ایک نئے سنہری دور کا آغاز مسجد کی تعمیر جیسے مقدس شاہکار سے کیا گیا، حضرت کلثوم بن الہدم کی ایک افتادہ زمین جہاں

= فی أفعال الحج،...... المطلب العاشر فی ترک الترتیب......، ط: إدارة القرآن.

(۱) فإن أتى بطوافين متوالين ثم سعيين لهما جاز وأساء ولا دم عليه ...... أمّا عندهما فظاهر ؛ لأنّ التقديم والتأخير في المناسک لايوجب الدم عندهما ، وعنده طواف التحية سنة وتركه لايوجب الدم فتقديمه أولىٰ ، والسعى بتأخيره بالاشتغال بعمل آخر لايوجب الدم فكذا بالاشتغال بالطواف . (الدر مع الرد : (۵۳۲/۲) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۵) باب القران ، فصل فی صفة القران المسنون ، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۶۸) باب القران ، فصل: فی بيان أداء القران ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

کھجوریں خشک کی جاتی تھیں اس پر آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے مسجد قباء کی بنیاد رکھی، مسجد کی تعمیر میں مزدوروں کے ساتھ شاہ کونین ﷺ بھی مصروف کار رہے، آپ بھاری اور وزنی پتھر اٹھاتے، عقیدت مند آتے اور عرض کرتے یا رسول اللہ! آپ پر ہمارے ماں باپ قربان جائیں، آپ چھوڑ دیں، ہم اٹھائیں گے۔

حضور ﷺ ان کی درخواست کو قبول کرتے ہوئے چھوڑ دیتے مگر پھر بھی اسی وزن کا دوسرا پتھر اٹھا لیتے، اسلام کی تاریخ میں یہی مسجد سب سے پہلے تعمیر ہوئی ہے۔(۱)

☆ اللہ تعالی نے اس مسجد کا ذکر قرآن مجید میں فرمایا ہے۔

لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ

(سورۃ توبہ)(۲)

---

(۱) فعدل بهم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ذات اليمين حتى نزل بهم علو المدينة بقباء في بني عمرو بن عوف على كلثوم بن الهدم ...... فكان لكثوم بن الهدم مربد ،و المربد الموضع الّذى بسط فيه التمر ليجف فأخذه منه رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فأسسه وبناه مسجدًا ، وفى الصحيح عن عروة : فلبث فى بنى عمرو بن عوف وأسّس المسجد الّذى أسس على التقوىٰ ...... فجمع حجازة فبنى مسجد قباء فهو أوّل من بنى مسجدًا ...... وروى الطبرانى بسند رجاله ثقات عن الشموس ...... بنت النعمان رضى اللّٰه عنها . قالت : نظرتُ إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم حين قدم ونزل وأسّس هذٰا المسجد ، مسجد قباء ، فرأيته يأخذ الحجر أو الصخرة حتى يهصره الحجر ، وأنظر إلى بياض التراب على بطنه أو سرته فيأتى الرجل من أصحابه ويقول : يا رسول اللّٰه بأبى أنت وأمى أعطينى أكفك ، فيقول : لاخذ مثله ، حتى أسّسه .... (سبل الهدٰى والرشاد فى سيرة خير العباد : (۲۶۶/۳ ، ۲۶۷ ، ۲۶۸) جماع أبواب الهجرة إلى المدينة الشريفة ، الباب الخامس : فى تلقى أهل المدينة رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، ونزوله بقباء وتأسيس مسجد قباء ، ط: دار الكتب العلمية)

🗁 البحر العميق فى مناسک المعتمر والحج إلى البيت العتيق : (۲۶۹۹/۵) الباب العشرون : فى تاريخ المدينة وما يتعلق بمسجدها النبوى ، ذكر هجرة النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم وأصحابه ، و: (۲۸۱۱/۵ ، ۲۸۱۲) الفصل السابع : فى ذكر المساجد الّتى صلى فيها النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم المعروفة بالمدينة وغيرها ، مسجد قباء ، ط: مؤسّسة الرّيان المكتبة المكيّة .

(۲) سورة التوبة ، جزء : ۱۱ ، رقم الآية : ۱۰۸ .

Baitul-Ammar

جو مسجد پہلے دن سے تقویٰ پر قائم کی گئی تھی۔

☆ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہفتہ کے روز پیدل یا سوار ہو کر مسجد قباء تشریف لاتے اور دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے، آپ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص گھر میں وضو کر کے مسجد قباء آئے اور دو رکعت نماز ادا کرے اس کو عمرہ جتنا ثواب ملے گا۔(۱)

قبروں کی ہیئت

☆ نبی کریم ﷺ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قبروں کی ہیئت اور صورت یہ ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا سر نبی کریم ﷺ کے سینہ مبارک کے پاس ہے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا سر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سینہ کے مقابل ہے۔(۲)

---

(۱) عن ابن عمر رضی اللّٰہ عنہما قال : کان النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یأتی مسجد قباء کل سبت ماشیا و راکبًا ، وکان عبد اللّٰہ رضی اللّٰہ عنہما یفعلہ ...... زاد ابن نمیر قال : حدثنا عبید اللّٰہ عن نافع : فیصلی فیہ رکعتین . (صحیح البخاری : (۱/۳۱۸ ، ۳۱۹) کتاب الصلاۃ ، باب من أتی مسجد قباء کل سبت ، وباب إتیان مسجد قباء راکبًا و ماشیًا ، رقم الحدیث : ۱۱۹۳ ، ۱۱۹۴ ، ط: الطاف اینڈ سنز)

🗁 سنن أبی داود : (۱/۲۹۴) رقم الحدیث : ۲۰۴۰ ، کتاب المناسک ، باب فی تحریم المدینۃ ، ط: رحمانیہ .

🗁 قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم : من تطہر فی بیتہ ثم أتٰی مسجد قباء فصلی فیہ صلاۃ کان لہ کأجر عمرۃ . (سنن ابن ماجہ : (۱۰۲) کتاب الصلاۃ ، باب ماجاء فی الصلاۃ فی مسجد قباء ، ط: میزان.

🗁 کنز العمال فی سنن الأقوال والأفعال : (۱۳/۲۶۳) رقم الحدیث : ۳۴۹۶۳ ، کتاب الفضائل من قسم الأفعال ، الباب الثامن : فی فضائل الأمکنۃ والأزمنۃ ، الفصل الأوّل : فی الأمکنۃ ، فصائل المدینۃ وما حولہا ، ط: مؤسّسۃ الرّسالۃ .

(۲) ثم یتأخر عن یمینہ إذا کان مستقبلاً قدر ذراع فیسلم علی أبی بکر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ فإن رأسہ حیال منکب النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، ...... ثم یتأخّر کذٰلک قدر ذراع فیسلم علی عمر رضی اللّٰہ ؛ لأنّ رأسہ من الصدیق کرأس الصدیق من النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم . (غنیۃ الناسک : (ص: ۳۷۹) خاتمۃ فی زیارۃ قبر سید المرسلین صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، ط: إدارۃ القرآن) =

جس کی صورت یہ ہے:

قبر شریف حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

قبر شریف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

قبر مبارک خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

اگر زائر اپنی پشت کو قبلہ کی طرف کر کے حجرہ شریف کی دیوار کے بیچ والی جالی کے سامنے کھڑا ہو تو سرور کائنات ﷺ کے رخ انور کے سامنے ہوگا۔(۱)

☆ جب کبھی روضہ اقدس کے باہر سے گزرے حسب موقع تھوڑا بہت ٹھہر کر سلام پڑھے، اگرچہ مسجد سے باہر ہی ہو۔(۲)

= 🗁 إرشاد الساری : (ص: ۷۱۸ ، ۷۱۹) باب زیادۃ سید المرسلین صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، آداب السلام علی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم والصاحبین ، ط: الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ .

🗁 البحر العمیق : (۵/۲۹۰۵) الباب العشرون : فی تاریخ المدینۃ ومایتعلق بمسجدہا النبوی ، کیفیۃ السلام علیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم حال الزیارۃ ، والسلام علی ضجیعیہ رضی اللّٰہ عنہما ، ط: مؤسّسۃ الرّیان المکتبۃ المکیّۃ .

(۱) فإذا أتاہ یستدبر القبلۃ ، ویستقبل جدار القبر ویقف تجاہ الوجہ الشریف علی نحو أربعۃ أذرع من الساریۃ الّتی عند رأس القبر لا الأقل مائلا بیسارہ إلی القبلۃ قلیلاً لیکون مستقبلاً وجہہ وبصرہ علیہ الصلاۃ والسلام ، فإنّہ فی قبرہ الشریف علی شقہ الأیمن مستقبل القبلۃ ، بخلاف تمام استدبار القبلۃ وتمام استقبالہ علیہ الصلاۃ والسلام ، فإنّہ یکون البصر ناظرًا إلی جنبہ فیکون الأوّل أولیٰ . (غنیۃ الناسک : (ص: ۳۷۷) خاتمۃ فی زیارۃ قبر الرسول صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، ط: إدارۃ القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۷۱۵) باب زیارۃ سید المرسلین ، ط: الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ .

🗁 البحر العمیق : (۵/۲۸۹۸ ، ۲۸۹۹) الباب العشرون فی تاریخ المدینۃ وما یتعلق بمسجدہا النّبوی ، کیفیۃ زیارتہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، وزیارۃ ضجیعیہ رضی اللّٰہ عنہما ، ط: مؤسّسۃ الریّان ،المکتبۃ المکیّۃ .

(۲) ولا یمرّہ حتی یقف ویسلّم ولو من خارج المسجد وجدارہ . (غنیۃ الناسک : (ص: ۳۸۲) خاتمۃ فی زیارہ قبر الرسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، ط: إدارۃ القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۷۲۶) باب زیارۃ سید المرسلین صلی اللّٰہ علیہ وسلم ، فصل : فی آداب المجاورۃ فی المدینۃ المنوّرۃ ، ط : المکتبۃ الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ .

Baitul-Ammar

☆ مسجد شریف میں رہتے ہوئے حجرہ شریف کی طرف اور جب مسجد سے باہر ہو تو قبہ شریف جہاں سے نظر آتا ہو، بار بار ان کو دیکھنا، ان پر نظر جمائے رکھنا بھی افضل ہے اور ان شاء اللہ ثواب بھی ملے گا، نہایت ذوق وشوق کے ساتھ چپ چاپ والہانہ نظر جمائے رکھے۔(۱)

قبریں انبیاء کی بیت اللہ میں

''بیت اللہ میں انبیاء کی قبریں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱۵)

قدم قدم پر نیکی

''ہر قدم پر نیکی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۳۲۴)

قرآن پاک پڑھنا سعی میں

''تلاوت کرنا سعی میں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۶۵)

قرآن مجید کی تلاوت

☆ طواف کرتے ہوئے قرآن مجید کی تلاوت کر سکتے ہیں مگر ذکر کرنا اور دعا پڑھنا افضل ہے، تلاوت کرنی ہو تو بلند آواز سے نہ کرے۔(۲)

قرامطہ کی طرف سے مسجد حرام میں قتل عام

''مکہ معظّمہ میں قتل عام'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۱۲۰)

---

(۱) وإدامة النظر إلى الحجرة الشريفة إن تيسّر أو القبّة المنيفة إن تعسّر ...... مع المهابة والخضوع أى مع الخشية والخشوع ظاهرًا وباطنًا فإنّه أى النظر المذكور عبادة ، كالنظر إلى الكعبة الشريفة .... (إرشاد السارى : (ص: ۷۲۴) باب زيارة سيد المرسلين صلى اللّٰه عليه وسلم ، فصل فى آداب المجاورة فى المدينة المنوّرة ، ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۳۸۲) خاتمة فى زيارة قبر النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم، ط: إدارة القرآن.

(۲) والذكر أفضل من القراء ة فى الطواف...... فظهر أنّ القراء ة فيه خلاف الأولىٰ وفى الكافى للحاكم: يكره أن يرفع صوته بالقراء ة فيه ولا بأس بقراء ته فى نفسه. (غنية الناسک: (ص: ۱۲۱، ۱۲۲) باب فى ماهية الطواف وأنواعه وأركانه وشرائطه وسائر أحكامه، فصل: وأمّا مستحبات الطواف، ط: إدارة القرآن)=

قران

حج اور عمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھ کر پہلے عمرہ کرنا اور احرام میں رہتے ہوئے پھر حج کرنا ''قران'' کہلاتا ہے۔(۱)

قران کا احرام اشہر حج سے پہلے باندھنا

حج قران کا احرام اشہر حج سے پہلے باندھنے سے کراہت تحریمی کے ساتھ قران ہوجائے گا، اس صورت میں عمرہ سے فارغ ہوکر حلق نہ کرے بلکہ حج کے احرام میں رہے، اگر عمرہ سے فارغ ہوکر حلق کرلیا تو بھی حلال نہیں ہوگا، اور حج کے احرام میں باقی رہے گا، البتہ قران کے دو احرام کے دو دم جنایت حرم کے حدود میں دینا واجب ہوگا۔(۲)

= الهندية: (۱/۲۲۷) كتاب المناسک، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

شامى : (۲/۴۹۷) كتاب الحج ، مطلب فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۱) القارن هو أن يجمع بين إحرامى الحج والعمرة من الميقات أو قبله فى أشهر الحج أو قبلها...... ويأتى القارن بأفعال العمرة ثم يأتى بأفعال الحج ، كذا فى محيط السرخسى . (الهندية: (۱/۲۲۷) كتاب المناسک ، الباب السابع فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه)

غنية الناسک : (ص: ۲۰۱ ، ۲۰۲) باب القران ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد السارى : (ص: ۳۶۰) باب القران ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۲/۵۳۰ تا ۵۳۲) باب القران ، ط: سعيد .

(۲) (والقران) ...... (أن يهلّ) ...... (بحجة و عمرة معًا) ...... (من الميقات) ...... (أو قبله فى أشهر الحج أو قبلها) وقال المحقق ابن عابدين تحت (قوله ؛ أو قبلها) أى قبل أشهر الحج، لكن تقديمه على الميقات الزمانى مكروه مطلقًا ، كما مرّ أيضًا ، وهٰذا فى الإحرام ، وأمّا الأفعال فلابدّ من أدائها فى أشهر الحج كما قدمنا آنفًا ...... لكن قال فى شرح اللباب : ويظهر لى أنّه قارن بالمعنى الشرعى كما هو المتبادر من إطلاق محمد وغيره أنّه قارن بدليل أنّه إذا ارتكب محظورًا يتعد دعليه الجزاء . (الدر مع الرد : (۲/۵۳۱) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد)

إرشاد السارى : (ص: ۳۶۳)باب القران ،ط : الإمدادية مكّة المكرّمة .

قارن طاف لعمرته ، ثمّ حلق ، فعليه دمان ، ولايحل عليه من عمرته بالحل . (غنية الناسک : (ص: ۲۰۴) باب القران ، فصل فى صفة القران المسنون ، ط: ادارة القرآن)

Baitul-Ammar

قران کا طریقہ

☆ قران کا طریقہ یہ ہے کہ حج کے مہینوں میں میقات پہنچ کر یا اس سے پہلے یا گھر سے غسل وغیرہ سے فارغ ہو کر احرام کے کپڑے پہن کر سر کو ٹوپی یا احرام کی چادر سے ڈھانک کر دو رکعت نماز پڑھے، سلام کے بعد سر سے ٹوپی یا چادر کو ہٹا دے، اور دل میں حج اور عمرہ دونوں کے احرام کی نیت کرے۔(۱)

☆ جب مکہ مکرمہ پہنچ جائے تو مسجد حرام میں مسجد کے آداب کے مطابق داخل ہو کر پہلے عمرہ کا طواف اضطباع (یعنی احرام کی چادر کو داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال کر) اور رمل (یعنی طواف کے شروع کے تین چکروں میں اکڑ کر شانہ ہلاتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر بھیڑ نہ ہو تو تیزی سے چلنا) کے ساتھ کرے، اور طواف سے فارغ ہو کر دو رکعت نماز مقام ابراہیم اور بیت اللہ شریف کو سامنے لے کر پڑھے، اگر یہاں جگہ نہ ملے تو مسجد حرام میں جہاں کہیں بھی جگہ ملے پڑھے، اس کے بعد آب زم زم وغیرہ پی کر فارغ ہونے کے بعد نویں دفعہ حجر اسود کا استلام کرے (اگر حجر اسود پر بوسہ دینا ممکن نہ ہو تو دونوں ہاتھوں سے اشارہ کر کے ہاتھوں کو چوم لے) پھر ''باب الصفا'' یا کسی بھی دروازے سے نکل کر عمرہ کی سعی کرے، سعی کے بعد عمرہ کے افعال پورے ہو جائیں گے، لیکن عمرہ کی سعی کے بعد

---

(۱) وإذا أراد الرجل القران يتأهب للإحرام كما يتأهب المفرد يتوضأ أو يغسل ويصلى ركعتين ويقول بعد السلام : اللّٰهم إنّى أريد العمرة والحج ثم يلبّى فيقول : لبيک بعمرة وحجة معًا كذا فى فتاوىٰ قاضى خان ، ويذكرهما بلسانه عند التلبية مع القصد بالقلب أو يقصدهما بالقلب ولايذكرهما باللسان ، والذكر باللسان أفضل .... (الهندية : (۱/۲۳۷) كتاب المناسک ، الباب السابع : فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (۲/۵۳۱) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۴) باب القران ، فصل : فى صفة القران المسنون ، ط: إدارة القرآن .

حلق نہ کرے، کیونکہ حج کا احرام باقی ہے۔(۱)

☆ سعی کے فوراً بعد یا ٹھہر کر طواف قدوم جلدی کر لے، ورنہ وقوف عرفہ سے پہلے پہلے طواف قدوم سے فارغ ہو جائے۔(۲)

☆ عمرہ اور طواف قدوم سے فارغ ہونے کے بعد احرام کی حالت میں احرام کی پابندی کرتے ہوئے مکہ مکرمہ میں قیام کرے، اور اس کے بعد آٹھ ذی الحجہ یا اس سے پہلے منی چلا جائے، اور نویں ذی الحجہ کو عرفات جائے، منی، عرفات اور مزدلفہ کے احکام میں حج قران اور حج افراد کے احکام میں کچھ فرق نہیں۔(۳)

---

(۱) فإذا دخل بدأ بأفعال العمرة وجوبًا ...... ويضطبع فى جميع طوافها ، و يرمل فى ثلاثة أشواطه الأوّل ، ثم يصلى ركعتيه ، ويسعى بين الصفا والمروة بلاحلق ، فلو حلق لايحل من عمرته .... (غنية الناسک : (ص: ۲۰۴) باب القران ، فصل فى صفة القران المسنون ، ط: إدارة القرآن)

🗁 فتاوىٰ شامى : (۲/۵۳۲) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۶۷) باب القران ، فصل فى بيان أداء القران ، ط: الإمداديه مكّة المكرّمة.

🗁 الهندية : (۱/۲۳۸) كتاب المناسک ، الباب السابع فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه .

(۲) ثم يطوف للقدوم وهو من سنن الحج ويضطبع فيه ويرمل إن قدم السعى أى أراد تقديمه . (إرشاد السارى : (ص: ۳۶۷) باب القران ، فصل : فى بيان أداء القران ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۴ ، ۲۰۵) باب القران ، فصل : فى صفة القران المسنون ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۳۲) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

(۳) فإذا صلى بمكّة الفجر يوم التروية ثامن الشهر خرج إلى منى ...... ومكث بها إلى فجر عرفة ثم بعد طلوع الشمس راح إلى عرفات .... (الدر مع الرد : (۲/۵۰۳) كتاب الحج ، مطلب: فى الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد)

🗁 الهندية : (۱/۲۲۷) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۴۶ ، ۱۴۷) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى الرواح من مكّة إلى منى ، وفصل : فى التوجّه من منى إلى عرفات ، ط: إدارة القرآن .

🗁 وحجّ كالمفرد أى فى بقية أفعاله . (إرشاد السارى : (ص: ۳۶۸) باب القران ، فصل : فى بيان أداء القران ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۵) باب القران ، فصل: فى صفة القران المسنون ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية : (۱/۲۳۹) كتاب المناسک ، الباب السابع فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه .

Baitul-Ammar

☆ عرفات سے نویں ذی الحجہ کو سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ کے لئے روانہ ہوجائے وہاں جا کر عشاء کا وقت ہونے کے بعد ایک اذان اور ایک اقامت سے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ پڑھے، پہلے مغرب کی نماز ادا کی نیت سے پڑھے اس کے بعد فوراً عشاء کی نماز پڑھے، عشاء کی نماز کے لئے دوسری دفعہ اذان اور اقامت نہ کہے، اور دونوں نمازوں کے درمیان سنتیں اور نفل بھی نہ پڑھے، عشاء کی نماز کے بعد مغرب اور عشاء کی سنتیں اور وتر پڑھے، اور تقریباً ستر کنکریاں جمع کر کے اپنے پاس محفوظ رکھے، رات کو تہجد وغیرہ عبادات میں گزارنے کی کوشش کرے جب صبح ہوجائے تو فجر کی نماز پڑھ کر کھڑا ہو کر دعا کرے یہ وقوف مزدلفہ ہے اور یہ واجب ہے۔(۱)

پھر دسویں ذی الحجہ کو منی میں آ کر جمرہ عقبہ یعنی بالکل آخر میں بڑے شیطان کو ایک ایک کر کے سات کنکریاں مارے۔(۲)

---

(۱) وإذا غربت الشمس أتى بمزدلفة ...... وصلى العشائين بأذان وإقامة (وفى الشامية : أى فى أوّل وقت العشاء الأخيرة ، قهستانى . وينبغى أن يصلى قبل حط رحاله بل ينيخ جماله ويعقلها ، وأشار إلى أنّه لا تطوّع بينهما ولو سنة مؤكدّة على الصحيح ولو تطوّع أعاد الإقامة كما لو اشتغل بينهما بعمل آخر ، بحر ، قال فى شرح اللباب : ويصلّى سنّة المغرب والعشاء والوتر بعدها كما صرّح به مولانا عبد الرحمٰن الجامى قدس اللّٰه سرّه السامى فى منسكه ......) ...... وصلى الفجر بغلس ثم وقف (وفى الشامية : هٰذا الوقوف واجب عندنا لا سنة ......) وكبّر وهلّل ولبّى و صلى ودعا .
(تنوير الأبصار مع رد المحتار : (۵۰۸/۲ ، ۵۰۹ ، ۵۱۱ ، ۵۱۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)
🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۰۱ ، ۳۰۲ ، ۳۰۳) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل : فى آداب الإفاضة من عرفة ، فصل فى الجمع بين الصلاتين بمزدلفة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)
🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۶۱ ، ۱۶۲ ، ۱۶۳ ، ۱۶۵ ، ۱۶۶) باب مناسک عرفات ، فصل : فى الإفاضة من عرفات ، وباب أحكام المزدلفة ، فصل : فى الجمع ين العشائين بمزدلفة ، وفصل : فى صفة الوقوف بمزدلفة ، ط: إدارة القرآن .
🗁 الهندية : (۲۳۰/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .
(۲) وإذا أسفر جدًا أتى منى مهللا مصليّا ...... ورمى جمرة العقبة من بطن الوادى سبعًا خذفًا ...... وكبّر لكل حصاة أى مع كل منها وقطع التلبية بأوّلها .... (تنوير مع الدر على الرد : (۵۱۲/۲ ، ۵۱۳) كتاب الحج ، ط: سعيد) =

اس کے بعد قران کے شکریہ میں منی یا حدودِ حرم میں دمِ شکر کی قربانی کرے اور اس کے بعد سر کے بال منڈوا کر ایک پور کے برابر کتروا کر حلال ہوجائے، اور عام سلے ہوئے کپڑے پہن لے، اب احرام کی تمام پابندیاں ختم ہوگئیں صرف ایک پابندی باقی رہ گئی وہ یہ کہ عورت سے صحبت اور بوس وکنار کرنا منع ہے، ہاں طواف زیارت کرنے کے بعد یہ پابندی بھی ختم ہوجائے گی، اس لئے جلد از جلد رات میں ہو یا دن میں طواف زیارت کرلے، پھر واپس آتے وقت طواف وداع بھی کرے اب حج کے تمام کام مکمل ہوگئے۔(۱)

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن .
🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۱۴ ، ۳۱۵ ، ۳۱۶) باب مناسک منى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .
🗁 الهندية : (۲۳۱/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.
(۱) ثم بعد الرمى ذبح إن شاء ؛ لأنّه مفرد . (تعليل لما استفيد من التخيير بقوله : إن شاء والذبح له أفضل ، ويجب على القارن والمتمتّع ط،) ثم قصر بأن يأخذ من كل شعرة قدر الأنملة وجوبًا ، وتقصير الكل مندوب والربع واجب ...... وحلقه لكل أفضل ولو أزاله بنحو نورة جاز وحل له كل شيئ إلّا النساء ...... ثم طاف للزيارة يومًا من أيّام النحر الثلاثة ، بيان لوقته الواجب سبعة ...... وأوّل وقته بعد طلوع الفجر يوم وهو فيه أى الطواف فى يوم النحر الأوّل أفضل ويمتد وقته إلى آخر العمر وحل له النّساء .... (الدر مع الرد : (۵۱۵/۲ ، ۵۱۶ ، ۵۱۷ ، ۵۱۸) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الزيارة ، ط: سعيد)
🗁 الهندية : (۲۳۱/۱ ، ۲۳۲) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.
🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۷۲ ، ۱۷۳ ، ۱۷۶ ، ۱۷۷ ، ۱۷۸) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فى الذبح وأحكامه ، وفصل فى الحلق ، وباب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .
🗁 ثم إذا أراد السفر طاف للصدر أى الوداع سبعة أشواط بلا رمل و سعى وهو واجب إلّا على أهل مكّة ومن فى حكمهم .... (الدر مع الرد : (۵۲۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الصدر ، ط: سعيد)
🗁 الهندية : (۲۳۴/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.
🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

Baitul-Ammar

قران کرنا کس کے لئے منع ہے

''مکہ والے قران نہ کریں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۸/٤)

قران کی ایک صورت

''عمرہ میں حج کا احرام باندھ لیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

قران کے افعال ایک نظر میں

احرام حج وعمرہ	شرط
طوافِ عمرہ معہ رمل	رکن
سعی عمرہ	واجب
طوافِ قدوم معہ رمل	سُنّت
سعی حج	واجب
وقوفِ عرفہ	رکن
وقوفِ مزدلفہ	واجب
رمی جمرہ عقبہ	واجب
قربانی	واجب
سَر منڈانا	واجب
طوافِ زیارت	رکن
رمی جمار	واجب
طوافِ وداع	واجب

قربانی ایک پر دو شخص کا دعوی

☆ قصائی نے یا کسی پارٹی نے یا گروپ کے سربراہ نے دو حاجیوں سے الگ الگ پیسے لے کر ایک ہی بکرا یا کوئی اور جانور ذبح کیا تو اس میں دو صورتیں ہیں اگر دونوں حاجیوں سے ایک ہی وقت میں پیسہ لیا اور جانور کی تعیین نہیں کی تو اس صورت میں کسی کی قربانی صحیح نہیں ہوئی، قصائی وغیرہ پر لئے ہوئے پیسے واپس کرنا لازم ہوگا اور ان دونوں حاجیوں پر دوبارہ قربانی کرنا لازم ہوگا، اگر دوبارہ قربانی کرنے سے پہلے حلق یا قصر کرلیا تھا تو اس صورت میں ترتیب کی خلاف ورزی کی وجہ سے قربانی کے علاوہ ایک دم دینا بھی لازم ہوگا۔

☆ اور اگر دونوں سے الگ الگ پیسے لئے اور ایک حاجی سے پہلے پیسے لے کر جانور متعین کر دیا تھا پھر اسی جانور کو دکھا کر دوسرے حاجی سے بھی پیسے لیے ہیں، اور دونوں کی طرف سے اسی جانور کو ذبح کیا تو اس صورت میں پہلے حاجی کی طرف سے قربانی ہو جائے گی اور دوسرے حاجی کی طرف قربانی نہیں ہوگی، دوسرا حاجی قصائی وغیرہ سے اپنے پیسے واپس لے کر دوسرا جانور خرید کر ذبح کرے، اگر دوسرا جانور لے کر ذبح کرنے سے پہلے حلق یا قصر کر کے احرام کھول دیا تھا تو اس صورت میں ترتیب کی خلاف ورزی کی وجہ سے قربانی کے علاوہ ایک اور دم دینا بھی لازم ہوگا۔(۱)

(۱) فلاتجوز الشاة والمعز إلّا عن واحد وإن كانت عظيمة سمينة . (الهندية : (۲۹۷/۵) كتاب الأضحية ، الباب الخامس فی بيان محل إقامة الواجب . وأيضًا فيه : يجب أن يعلم أن الشاة لاتجزئ إلّا عن واحد وإن كانت عظيمة ، (۳۰۴/۵) الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة فی الضحايا ، ط: رشيديه)

🗁 شرى أضحية وأمر رجلاً بذبحها فقال تركت التسمية عمدًا لزمه قيمتها ليشترى الآمر بها أخرىٰ ويضحى ويتصدق ولايأكل . (الدر مع الرد : (۳۳۳/٦) كتاب الأضحية ، ط: سعيد) =

Baitul-Ammar

اور دو جانوروں کی قربانی کا حکم تمتع یا قران کرنے والے پر ہے "مفرد" پر کچھ بھی واجب نہیں ہوگا۔(۱)

☆ یہ حکم بکرا، دنبہ اور بھیڑ میں ہے، اگر گائے، بھینس اور اونٹ ہے تو اس میں ایک ساتھ سات سات افراد شریک ہو سکتے ہیں۔(۲)

قربانی بینک کے ذریعہ کروانا

☆ جس شخص کا حج تمتع یا قران کا ہو اس کے ذمہ قربانی واجب ہے، اور یہ بھی واجب ہے کہ پہلے قربانی کی جائے اس کے بعد حلق یا قصر کرادیا جائے، اگر قربانی

= 🗁 والأصل أنّ المغرور إنّما يرجع على الغار إذا حصل الغرور فى ضمن المعاوضة أو ضمن الغار صفة السلامة للمغرور نصًا . (الدر مع الرد : (۳۳۲/۵ ، ۳۳۳) كتاب الكفالة ، ط: سعيد)

🗁 ولو حلق المفرد أو غيره قبل الرمى أو القارن أو المتمتّع قبل الذبح أو ذبحا قبل الرمى فعليه دم عند أبى حنيفة بترك الترتيب . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۹، ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل السابع : فى ترک الواجب فى أفعال الحج ، المطلب العاشر فى ترک الترتيب ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۵۰۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى ترک الترتيب بين أفعال الحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۰/۲) كتاب الحج ، مطلب فى فروض الحج و واجباته ، و: (۵۵۵/۲) باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۱) ثم يرجع إلى منٰى فإن كان معه نسک ذبحه وإن لم يكن فلايضره ؛ لأنّه مفرد بالحج ، ولو كان قارنا أو متمتّعا فلا بد له من الذبح . (الهندية : (۲۳۱/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۷۲) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل فى الذبح وأحكامه ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ولايجوز بعير واحد ولا بقرة واحدة عن أكثر من سبعة ويجوز ذٰلک عن سبعة وأقلّ من ذٰلک ، وهٰذا قول عامة العلماء . (الهندية : (۲۹۷/۵) كتاب الأضحية ، الباب الخامس : فى بيان محل إقامة الواجب ، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (۳۱۵/۶ ، ۳۱۶) كتاب الأضحية ، ط: سعيد .

سے پہلے حلق کرالیا تو دم لازم ہوگا، بینک میں رقم جمع کرانے کی صورت میں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ رقم جمع کرانے والے کی قربانی ہو جانے کے بعد اس نے حلق یا قصر کروایا یا پہلے کروالیا اس لئے احتیاط کے طور پر ایک دم دے دینا چاہئے۔(۱)

☆ جو لوگ بینک میں قربانی کی رقم جمع کر دیتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ بینک والوں سے صحیح وقت کا تعین کرالیں، اور پھر قربانی کے دن قربان گاہ میں اپنا آدمی بھیج کر اپنے نام سے قربانی کے جانور کو ذبح کر دیں اس کے بعد حلق کرائیں، جب تک کسی حاجی کو باوثوق ذریعہ سے یہ معلوم نہ ہو کہ اس کی قربانی ہو چکی ہے، اس وقت تک اس کا حلق رقصر (بال کٹوانا) جائز نہیں، ورنہ دم لازم آئے گا، اس لئے اس بارے میں احتیاط سے کام لیا جائے یا پھر بینک میں رقم جمع ہی نہ کرائی جائے بلکہ اپنے طور پر قربانی کا انتظام کیا جائے۔

(نوٹ) سعودی عرب والے حنبلی مسلک کے لوگ ہیں، ان کے نزدیک رمی، قربانی اور حلق میں ترتیب واجب نہیں، ان کے نزدیک ترتیب بدلنے سے دم واجب نہیں ہوتا، اور حنفی مسلک میں ترتیب بدلنے سے دم واجب ہوتا ہے اس لئے اس بارے میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔(۲)

(۱) لو حلق المفرد أو غيره قبل الرمى أو القارن أو المتمتّع قبل الذبح أو ذبحا قبل الرمى فعليه دم عند أبى حنيفة بترک الترتيب . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۹، ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل السابع : فى ترک الواجب فى أفعال الحج ، المطلب العاشر فى ترک الترتيب ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۵۰۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى ترک الترتيب بين أفعال الحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۰/۲) كتاب الحج ، مطلب فى فروض الحج و واجباته ، و: (۵۵۵/۲) باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) وقال الحنابلة : إذا أخّر رمى يوم إلى ما بعده ، أو أخّر الرمى كله إلىٰ آخر أيّام التشريق ، ترک السنة ولا شيئ عليه . (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۲۰۳/۳) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل : المبحث السادس ، واجبات الحج ، المطلب الثانى ، رمى الجمار ، =

Baitul-Ammar

قربانی بے ہوشی کی وجہ سے نہ کرسکا

’’بے ہوشی کی وجہ سے حج کی قربانی نہ کرسکا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔

قربانی دو طرح کی ہوتی ہے

قربانی دو طرح کی ہوتی ہے، ایک قربانی تو وہ ہے جو صاحب نصاب مقیم پر واجب ہوتی ہے خواہ حج کرنے جائے یا نہ جائے۔

اگر حاجی نصاب کا مالک ہے اور مکہ مکرمہ یا مدینہ طیبہ کا مکین بھی ہے یعنی اس نے وہاں پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کی نیت کرلی ہے یا مستقل رہتا ہی وہیں ہے، تو اس پر یہ قربانی واجب ہوجائے گی، اب اسے اس کے بارے میں اختیار ہے، چاہے تو مکہ مکرمہ میں یا مدینہ طیبہ میں قربانی کرنے کا انتظام کرے، یا اپنے وطن میں اس قربانی کے لئے رقم بھیج دے، یا پہلے سے رقم دے کر آئے تاکہ وطن کے لوگ وطن میں اس کی طرف سے قربانی کردیں، البتہ منیٰ میں قربانی کرنے کا ثواب پوری دنیا کی تمام جگہوں سے زیادہ ہے کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے منیٰ میں قربانی کی ہے۔(۱)

= سابعًا ، حکم تاخیر الرمی عن وقته ، ط: دار الفکر)

إذا أخّر رمی یوم إلی ما بعده أو أخّر الرمی کله إلی آخر أیّام التشریق ترک السنة ولا شیئ علیه ، إلَّا أنّه یقدم بالنیة رمی الیوم الأوّل ، ثم الثانی ثم الثالث .... (المغنی لابن قدامة : (۳/۴۸۷) کتاب الحج ، تاخیر رمی الجمار ، ط: دار الفکر بیروت)

(۱) وشرائطها الإسلام والإقامة ، فالمسافر لاتجب علیه وإن تطوع بها أجزأته عنها . (شامی : (۶/۳۱۲) کتاب الأضحیة ، ط: سعید)

الهندیة : (۵/۲۹۲) کتاب الأضحیة ، الباب الأوّل ، ط: رشیدیه .

بدائع الصنائع : (۵/۶۳) کتاب الأضحیة ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط: سعید .

لأنّ الذبح هو القربة فیعتبر مکان فعلها لا مکان المفعول عنه ، وإن کان الرجل فی مصر ، وأهله فی مصر آخر ، فکتب إلیهم أن یضحوا عنه روی عن أبی یوسف ، أنّه یعتبر مکان الذبیحة .... (بدائع الصنائع : (۵/۷۴) کتاب الأضحیة ، فصل : وأمّا شرائط جواز إقامة الواجب وهی التضحیة ، ط: سعید . =

Baitul-Ammar

قربانی رمی سے پہلے کرنا

’’رمی سے پہلے قربانی کرنا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۲/۳۳۹)

قربانی سے پہلے رقم چوری ہوگئی

اگر ’’منیٰ‘‘ میں قربانی سے پہلے رقم چوری ہوگئی ، اور رقم بالکل نہ رہی اور ساتھیوں سے قرض بھی نہیں ملا اور وطن سے فوری طور پر منگوانے کی بھی کوئی صورت نہیں، تو اس صورت میں تفصیل یہ ہے کہ اگر صرف حج افراد تھا تو اس پر قربانی واجب نہیں، اور اگر حج تمتع یا قران تھا تو حلق یا قصر (بال کٹوا کر) احرام سے نکل جائے اور جب قدرت ہو تو ایک جانور ’’دم شکر‘‘ کی نیت سے حرم کی حدود میں ذبح کرے یا ذبح کرادے اور اس پر دم بھی واجب نہیں کیونکہ یہ معذور ہے۔(۱)

= عن جابر رضی اللّٰه عنه ، أنّ رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم قال : کل عرفة موقف وکل منی منحر ، وکل مزدلفة موقف ، وکل فجاج مکّة طریق و منحر . رواه أبو داود و الدارمی . (مشکوٰة المصابیح : (ص: ۲۲۸ ، ۲۲۹) کتاب المناسک ، باب الوقوف بعرفة ، الفصل الثانی ، ط: قدیمی)

(طریق و منحر) أی : یجوز دخول مکّة من جمیع طرقها ، وإن کان الدخول من ثنیة کداء أفضل ، ویجوز النحر فی جمیع نواحیها ؛لأنّها من الحرم ، والمقصود نفی الحرج ، ذکره الطیبی رحمه اللّٰه ، ویجوز ذبح جمیع الهدایا فی أرض الحرم بالاتفاق ، إلَّا أن منی أفضل لدماء الحج . (مرقاة المفاتیح : (۵/۵۱۲) رقم الحدیث : ۲۵۹۶ ، کتاب المناسک ، باب الوقوف بعرفة ، الفصل الثانی ، ط: دار الکتب العلمیة ، بیرو ت)

مرعاة المفاتیح : (۹/۱۳۸) رقم الحدیث : ۲۶۲۰ ، کتاب المناسک ، باب الوقوف بعرفة ، الفصل الثانی ، ط: إدارة البحوث الإسلامیة .

عون المعبود : (۵/۲۸۸) کتاب المناسک ، باب الصلاة بجمع ، ط: دار الکتب العلمیة ، بیروت.

(۱) ولو أخّر القارن أو المتمتّع الذبح عن أیّام النحر فعلیه دم .... (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۵۰۶) باب الجنایار وأنواعها ، النوع الخامس فی أفعال الحج ، فصل فی الجنایة فی الذبح والحلق ، وأیضًا فیه : ولو ترک شیئًا من الواجبات بعذر لا شیئ علیه ، علی ما فی البدائع ، (ص: ۵۰۸) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس فی أفعال الحج ، فصل : فی ترک الواجب بعذر ، ط: إدارة القرآن) =

قربانی سے پہلے طواف زیارت کرنا

قربانی سے پہلے طواف زیارت کرنا جائز ہے، مگر قربانی کے بعد طواف زیارت کرنا افضل ہے۔(۱)

قربانی کسی ادارہ کو رقم دے کر کروانا

''ادارہ کو رقم دے کر قربانی کروانا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۳۸)

قربانی کی دعا

جانور کو قبلہ رخ لٹا کر پہلے یہ پڑھے:(۲)

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۳۹) باب الجنايات ، مقدمة : فی ضوابط ينبغی حفظها لعموم نفعها ...... ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۲/۵۵۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۱) فيجب فی يوم النحر أربعة أشياء : الرمی ، ثم الذبح لغير المفرد ، ثم الحلق ثم الطواف ، لكن لا شيئ علی من طاف قبل الرمی والحلق . (وكذا قبل الذبح بالأولىٰ ؛ لأنّ الرمی مقدم علی الذبح ، فإذا لم يجب ترتيب الطواف علی الرمی لايجب علی الذبح) نعم يكره . (الدر مع الرد : (۲/۵۵۵) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل السابع فی ترک الواجبات فی أفعال الحج ، المطلب العاشر فی ترک الترتيب بين الرمی والذبح والحلق وكذا بينها وبين الطواف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۵۰۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل فی ترک الترتيب بين أفعال الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

(۲) ومنها أن يكون الذابح مستقبل القبلة والذبيحة موجهة إلی القبلة . (بدائع الصنائع : (۵/۶۰) قبيل : فصل : أمّا بيان ما يحرم أكله ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۷۲) باب مناسک منی يوم النحر ، فصل : فی الذبح وأحكامه ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية : (۵/۲۸۸) كتاب الذبائح ، الباب الأوّل فی ركنه و شرائطه وحكمه وأنواعه ، ط: رشيديه.

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلوٰتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَامِنَ الْمُسْلِمِیْنَ، اَللّٰھُمَّ مِنْکَ وَلَکَ

پھر بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے تیز چھری جانور کے گلے پر پھیر دے۔

ذبح کرنے کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْہُ مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ وَحَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ عَلَیْھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

اگر جانور میں ایک سے زائد حصے دار ہیں تو ''مِنِّیْ'' کی جگہ ''مِنْ'' کہے اور اس کے بعد سب کے نام لے لے۔(۱)

---

(۱) عن جابر بن عبد اللّٰه قال : ذبح النّبی صلی اللّٰه عليه وسلم يوم الذبح كبشين أقرنين أملحين موجوئين فلمّا وجههما قال : إنّی وجهت وجهی للّذی فطر السمٰوات والأرض علی ملّة إبراهيم حنيفًا وما أنا من المشركين ، إنّ صلوٰتی ونسكی ومحيای ومماتی للّٰه رب العالمين لاشريک له وبذٰلک أمرت وأنا من المسلمين ، اللّٰهم منک ولک عن محمد صلی اللّٰه عليه وسلم وأمته بسم اللّٰه واللّٰه أكبر ثم ذبح ، رواه أحمد و أبو داود وابن ماجه و الدارمی . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۱۲۸) باب فی الأضحية ، الفصل الثانی ، ط: قديمی ، ومرقاة المفاتيح : (۳/۳۰۸) أيضًا ، ط: امداديه ملتان)

🗁 سنن أبی داود : (۲/۳۰) باب مايستحب من الضحايا ، ط: حقانيه .

🗁 بدائع الصنائع : (۵/۸۰) أمّا الّذی يرجع إلی الأضحية ، ط: سعيد .

🗁 عن عائشة رضی اللّٰه عنها أنّ رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وسلم أمر بكبش أقرن ليطأ فی سواد ويبرک فی سواد وينظر فی سواد ...... فأضجعه ، ثم ذبحه ، ثم قال : بسم اللّٰه اللّٰهم تقبل من محمد وآل محمد ومن أمّة محمد ثم ضحی به . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۱۲۷) باب فی الأضحية ، الفصل الأوّل ، ط: قديمی)

🗁 مرقاة المفاتيح : (۳/۳۰۴) أيضًا ، ط: امداديه ملتان .

🗁 بدائع الصنائع : (۵/۸۰) أمّا الّذی يرجع إلی الأضحية ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

قربانی کی طاقت نہیں

اگر کوئی شخص قربانی کی طاقت نہیں رکھتا تو اسے حج کے ایام میں تین روزے رکھنے ہوں گے اور سات روزے اپنے ملک واپس جانے کے بعد رکھنے ہوں گے۔(۱)

قربانی کے تین دن ہیں

قربانی کے تین دن مقرر ہیں، عید کا دن اور اس کے بعد دو دن، یہ دن قران، یا تمتع کی قربانی کے ہیں، اس قربانی کو جمرہ عقبہ (بڑے شیطان) پر کنکریاں مارنے کے بعد ذبح کرنا چاہئے، اگر ان ''ایام نحر'' کے بعد ذبح کیا تب بھی قربانی ہو جائے گی، لیکن اس تاخیر کی وجہ سے ایک اور دم (قربانی) لازم ہوگی اور قربانی تک احرام کی پابندیاں لازم ہوں گی، قربانی کے بعد حلق یا قصر کر کے احرام سے نکلنے کی اجازت ہوگی۔(۲)

---

(۱) وإن عجز صام ثلاثة أيّام ولو متفرقة آخرها يوم عرفة ندبًا رجاءً القدرة على الأصل ...... وسبعة بعد تمام أيّام حجه فرضًا أو واجبًا .... (شامی : (۵۳۳/۲) کتاب الحج ، باب القران ، ط: سعید)

🗁 الهندية : (۲۳۹/۱) كتاب المناسک ، الباب السابع فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۷) باب القران ، فصل : فى بدل الهدى ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وقت الأضحية ثلاثة أيّام ، العاشر ، والحادى عشر والثانى عشر . (الهندية : (۲۹۵/۵) كتاب الأضحية ، الباب الثالث فى وقت الأضحية ، ط: رشيديه)

🗁 بدائع الصنائع : (۶۵/۵ ، ۷۴) كتاب الأضحية ، فصل : وأمّا الّذى يرجع إلى وقت التضحية ، ط: سعيد .

🗁 الدر مع الرد : (۳۱۵/۶ ، ۳۱۶) كتاب الأضحية ، ط: سعيد .

🗁 ولو ذبح بعدها أجزأه ولكن كان تاركا للواجب عند الإمام . (غنية الناسک : (ص: ۲۰۷) باب القران ، فصل : فى شرائط وجوبه ومكان ذبحه وزمانه ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الهندية : (۲۴۴/۱) كتاب المناسک ،الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الثالث فى حلق الشعر و قلم الأظفار ،ط : رشيديه .

🗁 شامى : (۵۵۵/۲) باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗁 ويتحلل بالحلق عندنا لا بالذبح ، كذا فى الهداية . (الهنديه : (۲۳۸/۱) كتاب المناسک ، الباب السابع فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه) =

قربانی واجب ہے

قربانی سے مراد ''دم شکر'' ہے، قارن اور تمتع کرنے والے پر دسویں ذی الحجہ کو منی میں یا حدود حرم میں یہ قربانی کرنا واجب ہے ''مفرد'' پر واجب نہیں، مستحب ہے۔(۱)

قرض اور نفلی حج

اگر کسی آدمی پر قرض ہے اور وہ نفلی حج کرنا چاہتا ہے تو پہلے قرض ادا کرے پھر اس کے بعد نفلی حج کرے، نفلی حج کرنا نفل ہے اور قرض ادا کرنا فرض ہے اور فرض کا مقام نفل سے بڑا ہے اور اس کو مقدم کرنا ضروری ہے۔(۲)

قرض اولاد ادا کرنے کا وعدہ کرے

اگر اولاد قرض ادا کرنے کا وعدہ کرے تو مقروض باپ کو حج کرنے کے لئے

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۷۶) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل: فى الحلق ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۵۳۹/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد .

(۱) وأمّا الخاصة فطواف الصدر للآفاقى ورمى القارن والمتمتّع قبل الذبح والهدى عليهما ، وذبحهما قبل الحلق وفى أيّام النحر . (مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۱۰۰) باب فرائض الحج و واجباته ، فصل : فى واجبات الحج ، الواجبات الخاصة لغير المكى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۰۶) باب القران ، فصل فى هدى القارن والمتمتّع ، ط: إدارة القرآن.

🗁 الهندية : (۲۳۹/۱) كتاب المناسک ، الباب السابع : فى القران والتمتّع ، ط: رشيديه .

(۲) الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل . (الاشباه والنظائر : (ص: ۱۵۴) القاعدة الثالثة عشر ، ط: قديمى)

🗁 شامى : (۱۲۵/۱ ، ۱۲۶) كتاب الطهارة ، مطلب : الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

جانا جائز ہے اور وہ قرض خواہوں کا اطمینان کر کے جائے کہ میری اولاد تمہارے قرض کا انتظام کرے گی۔(۱)

قرض دار حج پر جا سکتا ہے یا نہیں؟

قرض دار کے لئے قرض ادا کرنے سے پہلے قرض خواہوں کی اجازت کے بغیر حج کے لئے جانا مکروہ ہے، ہاں اگر قرض خواہ اجازت دے دیں تو بلا کراہت جائز ہے۔(۲)

قرض دار کا حج کے لئے چلا جانا

☆ اگر قرض دینے والے لوگ فی الحال قرض کا مطالبہ نہیں کر رہے ہے، اور وہ

---

(۱) ویکرہ للمدیون الخروج إلی الحج إن لم یکن له مال یقضی به دینه الحال إلَّا بإذن الغریم ،وإن کان بالدین کفیل کفل بإذن الغریم لایخرج إلَّا بإذنهما .... (إرشاد الساری : (ص: ۹) مقدّمة فی آداب مرید الحج ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۳۵) باب ماینبغی لمرید الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۱۲۶/۴) کتاب الجهاد ، مطلب : طاعة الوالدین فرض عین ، ط: سعید .

🗁 البحر العمیق : (۴۳۴/۱) الباب الرابع : فی مقدمات السفر و آدابه ، الأمر السادس ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

🗁 الهندیة : (۲۲۱/۱) کتاب المناسک ، الباب الأوّل : وممّا یتّصل بذٰلک مسائل ، قبیل : الباب الثانی فی المواقیت ، ط: رشیدیه .

(۲) ویکره الخروج إلی الغزو والحج لمن علیه الدین وإن لم یکن عنده مال یقض دینه إلاّ بإذن الغرماء ، فإن کان بالدین کفیل ، إن کفل بإذن الغریم لایخرج إلاً بإذنهما وإن کفل بغیر إذن الغریم لایخرج إلا بإذن الطالب و حده وله أن یخرج بغیر إذن الکفیل . (الهندیة : (۲۲۱/۱) کتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسیر الحج ...... ، ط: رشیدیه)

🗁 التاتارخانیة : (۴۳۸/۲) کتاب المناسک ، الفصل الثالث : فی تعلیم أعمال الحج ، ط إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۷۱/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید .

خوشی سے حج کے لئے جانے کی اجازت دے دیں، یا قرض دار اپنے قرض کا کسی کو ذمہ دار بنادے اور اس پر قرض دینے والوں کو اطمینان ہو جائے، اور وہ اجازت دیدیں تو وہ شخص حج کے لئے جا سکتا ہے۔(۱)

ایسے آدمی پر احتیاطا ضروری ہے کہ قرض کے متعلق ایک ''وصیت نامہ'' بھی لکھ دے اور وارثوں کو تاکید کردے کہ اگر میرا انتقال ہو جائے اور میرے ذمہ قرض باقی رہ جائے تو میرے ترکہ میں سے کفن دفن کے خرچہ کے بعد سب سے پہلے میرا قرض ادا کیا جائے، اور اگر ترکہ قرض ادا کرنے کے لئے کافی نہیں ہے تو تم اپنے پاس سے قرض ادا کر دینا یا اس سے معاف کرا دینا، اگر قرض دینے والوں کی اجازت کے بغیر حج کے لئے جائے گا تو مکروہ ہوگا، لیکن حج کا فریضہ ادا ہو جائے گا۔(۲)

☆ اور اگر حج کے لئے روانہ ہونے سے پہلے قرض ادا کرنے کی گنجائش ہے تو اسی وقت قرض ادا کر دینا چاہئے، یہ بندوں کے حقوق کا معاملہ ہے، اس کی اہمیت

---

(۱) قوله (لتقدم حق العبد) أی علی حق الشرع لاتهاونًا بحق الشرع بل لحاجة العبد وعدم حاجة الشرع ، ألا تریٰ أنّه إذا اجتمعت الحدود وفیها حق العبد یبدأ حق العبد ...... فلو قدم حق الشرع عند الاجتماع بطل حقوق العباد . (شامی : (۴۶۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی قولهم یقدم حق العبد علی حق الشرع ، ط: سعید)

🗁 الفرض أفضل من النفل إلَّا فی مسائل . (الاشباه والنظائر : (ص: ۱۵۴) القاعدة الثالثة عشر ، ط: قدیمی)

🗁 شامی : (۱۲۵/۱ ، ۱۲۶) کتاب الطهارة ، مطلب : الفرض أفضل من النفل إلَّا فی مسائل ، ط: سعید .

(۲) ویکتب وصیة فیما له علی النّاس و عند النّاس وما علیه من الودیون وغیر ذٰلک ، ویجعل لذٰلک وصیًّا أمینًا عدلاً لیقوم به بعد موته . (غنیة الناسک : (ص: ۳۵) باب ماینبغی لمرید الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۹) مقدمة فی آداب مرید الحج ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 البحر العمیق : (۴۳۴/۱) الباب الرابع فی مقدمات السفر وآدابه ، الأمر السادس ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

Baitul-Ammar

بہت ہی زیادہ ہے، انتظام ہوتے ہی قرضہ ادا نہ کرنا سنگین گناہ ہے، حدیث شریف میں ہے" مالدار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے"(۱)

☆ اگر کسی شخص نے فرض حج ادا کرلیا ہے اور اس پر قرض ہے تو مزید نفلی حج کرنے سے پہلے قرض ادا کردینا بہتر ہے، اسی طرح ناداری اور غربت کی حالت کے کوئی حقوق باقی ہیں تو نفلی حج کرنے سے پہلے دوسروں کے وہ حقوق ادا کردیئے جائیں۔(۲)

قرض سے فاضل مال نہیں

اگر کسی آدمی کے ذمہ لوگوں کا قرض ہے، اور قرض سے زائد مال نہیں ہے تو اس آدمی کے لئے بہتر یہ ہے کہ قرض ادا کرنے سے پہلے حج کا ارادہ نہ کرے بلکہ جو کچھ سرمایہ ہے اس کو قرض سے سبکدوشی میں خرچ کرے لیکن اگر قرض ادا کرنے سے پہلے حج کرلیا تو حج ادا ہوجائے گا۔(۳)

---

(۱) عن همام بن منبّه أخي وهب بن منبّه أنّه سمع أباهريرة رضى الله عنه يقول : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : مطل الغنى ظلم . (بخارى : (۱/۴۲۱) كتاب فى الاستقراض وأداء الديون والحجر والتفليس ، باب : مطل الغنى ظلم ، ط: رحمانيه)

🗁 مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۵۸) كتاب البيوع ، باب الإفلاس ، ط: رحمانيه .

(۲) قوله (لتقدم حق العبد) أى على حق الشرع لاتهاونًا بحق الشرع بل لحاجة العبد وعدم حاجة الشرع ، ألا ترىٰ أنّه إذا اجتمعت الحدود وفيها حق العبد يبدأ حق العبد ...... فلو قدم حق الشرع عند الاجتماع بطل حقوق العباد . (شامى : (۲/۴۶۳) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

🗁 الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل . (الاشباه والنظائر : (ص: ۱۵۴) القاعدة الثالثة عشر ، ط: قديمى)

🗁 شامى : (۱/۱۲۵ ، ۱۲۶) كتاب الطهارة ، مطلب : الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل ، ط: سعيد.

(۳) وتفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته وهو ما سوى مسكنه ...... وسوى ما يقضى به ديونه . (الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسك ، الباب الأوّل ، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (۲/۴۶۱) كتاب الحج ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسك : (ص: ۲۰) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن.

قرض کی وجہ سے جیل بھیج دیا گیا

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، اور اس کو کسی کے حق یا قرض کی وجہ سے جیل بھیج دیا گیا، اور وہ اس حق یا قرض کو ادا کرنے پر قادر ہے تو یہ جیل جانا حج کے لئے عذر نہ ہوگا جیل سے رہائی پر حج کرنا ضروری ہوگا۔(۱)

قرض لے کر حج پر جانا

اگر قرض ادا کرنے پر قادر ہے اور اسباب وغیرہ بھی موجود ہیں تو قرض لے کر حج پر جانا جائز ہے۔(۲)

قرض لے کر حج کرنا

اگر حج فرض ہو چکا ہے اور نقد رقم نہیں ہے تو قرض لے کر حج کرسکتا ہے، البتہ بعد میں قرض ادا کردینا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) لكن المحبوس لو كان حبسه لمنعه حقًا قادرًا على أدائه لايسقط عنه وجوب الأداء . (غنية الناسك : (ص: ۲۴ ، ۲۵) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

🗁 شامى : (۲/۴۵۹) كتاب الحج ، ط : سعيد .

🗁 التاتارخانية : (۲/۴۰۰) كتاب الحج ، الفصل الحادى عشر فى الإحصار ، ط: قديمى .

(۲) ولذا قلنا لايستقرض ليحج إلا إذا قدر على الوفاء ...... (شامى : (۲/۴۶۲ ، ۴۶۳) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

🗁 وفيه أيضًا : وقالوا : لو لم يحج حتىٰ اتلف ماله وسعه أن يستقرض ويحج ولو غير قادر على وفائه ويرجىٰ أن لايؤاخذه الله بذٰلك .... (الدر مع الرد : (۲/۴۵۷) كتاب الحج ، مطلب: فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن .

🗁 التاتارخانية : (۲/۴۳۸) كتاب المناسك ، الفصل الثانى : فى بيان ركن الحج وكيفية وجوبه ، ط: إدارة القرآن .

(۳) من جاء وقت خروج أهل بلده أو أشهر الحج و قد استكمل سائر شرائط الوجوب والأداء ،=

Baitul-Ammar

مزید تفصیل کے لئے ’’حج کے لئے قرض لینا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔

قرض لے کر عمرہ کرنا

قرض لے کر عمرہ کرنا جائز ہے، اگر قرض ادا کرنے کے اسباب و وسائل موجود ہیں۔(۱)

قرض ملنے کی امید نہیں

☆ جس قرضہ کی ملنے کی بالکل امید نہیں وہ مال ضمار کے حکم میں ہے، لہٰذا

= وجب عليه الحج من عامه و وجب أدائه بنفسه ، فيلزمه التأهب والخروج معهم فلو لم يحج حتى مات فعليه الإيصاء به …… وكذا لو لم يحج حتى افتقر ، تقرّر وجوبه دينًا في ذمّته بالاتفاق ، ولايسقط عنه بالفقر سواء هلك المال أو استهلكه ، و وسعه أن يستقرض ويحج ، وإن كان غير قادر على قضائه . (غنية الناسک : (ص: ۳۲ ، ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب و الأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۹۰ ، ۹۱) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامی : (۴۵۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فی من حج بمال حرام ، ط: سعيد .

(۱) قلت : وهٰذا يرد على القول الأوّل أيضًا إن كان المراد بقوله : ولو غير قادر على وفائه أن يعلم أنّه ليس له جهة وفاء أصلاً ، أمّا لو علم أنّ غير قادر في الحال وغلب على ظنّه أنّه لو اجتهد قدر على الوفاء فلايرد ، والظاهر أن هٰذا هو المراد ، أخذًا مما ذكره في الظهيرية أيضًا في لزكاة حيث قال : إن لم يكن عنده مال وأراد أن يستقرض لأداء الزكاة ، فإن كان في أكبر رأيه أنّه إذا اجتهد بقضاء دينه قدر ، كان الأفضل أن يستقرض ، فإن استقرض وأدّى ولم يقدر على قضائه حتّٰى مات ، يرجى أن يقضى اللّٰه تبارک وتعالىٰ دينه في الآخرةوإن كان أكبر رأيه أنّه لو استقرض لايقدر على قضائه كان الأفضل له عدمه ، وإذا كان هٰذا في الزكاة المتعلق بها حق الفقراء ففي الحج أولىٰ . (شامی : (۴۵۷/۲ ، ۴۵۸) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

🗁 التاتارخانية : (۴۳۸/۲) كتاب المناسک ، الفصل الثاني : في بيان ركن الحج و كيفية وجوبه ، ط: إدارة القرآن .

اگر قرض کی رقم بالکل ناامیدی کے بعد مل جائے تو گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔(۱)

اگر یہ آدمی پہلے سے صاحب نصاب ہے تو رقم ملنے کے بعد دوسرے نصابوں پر سال مکمل ہونے پر اس ملنے والی رقم سے بھی زکاۃ نکال دے، اور اگر یہ آدمی پہلے سے صاحب نصاب نہیں بلکہ قرض کی رقم ملنے کے بعد صاحب نصاب بنا ہے تو سال مکمل ہونے کے بعد زکوٰۃ لازم ہوگی۔(۲)

☆ البتہ جو قرض ملنے کی امید ہے اس پر گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ واجب ہوگی، لہٰذا مالک کے پاس جتنی رقم آتی جائے گی اس سے گزشتہ سالوں کی بھی زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) إذا كان لرجل على غيره دين وهو جاحد فإن لم يكن لرب المال بينة عادلة على الدين ، فإنّه لايكون نصابًا عند علمائنا الثلاثة وهٰذه المسئلة في الفقه يسمّٰى ” مال الضمار “ ومال الضمار كل مال بقي أصله في ملكه ولكن زال عن يده زوالاً لا يرجى عوده في الغالب …… في الجامع الصغير : رجل له على آخر دين فجحده سنين ثمّ أقام البينة عليه لايزكيه لمامضٰى . (التاتارخانية : (۲۰۶/۲) كتاب الزكاة، الفصل الرابع عشر في المال الّذي يتوى ثم يقدر عليه، ط: إدارة القرآن)

🗁 بدائع الصنائع: (۹/۲) كتاب الزكاة، فصل: وأمّا شرائط الّتي ترجع إلى المال، ط: سعيد.

🗁 وسببه أي سبب افتراضها ملک نصاب حولي ، نسبة للحول لحولانه عليه ، نام (وفي الشامية) أي لأنّ حولان الحول على النصاب شرط لكونه سببًا وهٰذا علة للنسة …… قوله : خرج مال المكاتب : أي خرج بالتقييد به ؛ لأنّ المراد بالتام المملوک رقبة ويدًا …… (الدر مع الرد : (۲۵۹/۲) كتاب الزكاة ، مطلب : الفرق بين السبب والشرط والعلة ، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق : (۲۰۳/۲) كتاب الزكاة ، ط:سعيد .

(۲) ومن كان له نصاب فاستفاد في أثناء الحول مالاً من جنسه ضمه إلى ماله وزكاه سواء كان المستفاد من نمائه أو لا ، وبأي وجه استفاد ضمه ، سواء كان بميراث أو هبة أو غير ذٰلک . (الهندية : (۱۷۵/۱) كتاب الزكاة ، الباب الأوّل : في تفسيرها و صفتها ، ط: رشيديه)

🗁 بدائع الصنائع: (۱۴/۲) كتاب الزكاة، فصل: وأمّا شرائط الّتي ترجع إلى المال، ط: سعيد.

(۳) وإن كان الدّين على مفلس فلسه القاضي فوصل بعد سنين كان عليه زكاة مامضٰى في قول أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهم اللّٰه تعالىٰ …… وأمّا سائر الديون المقربها فهي على ثلاث مراتب=

Baitul-Ammar

قرعہ اندازی کرکے ایک شریک کو حج پر بھیجنا

’’پیسے جمع کرکے ایک کو قرعہ اندازی کے ذریعہ حج پر بھیجنا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۲۵۱/۱)

قرن المنازل

یہ مکہ مکرمہ کے مشرق مثلاً ’’نجد‘‘ کی طرف سے آنے والوں کی میقات ہے، مکہ مکرمہ سے تقریباً تیس پینتیس میل مشرق میں نجد جانے والے راستہ میں ایک پہاڑی ہے۔

ہندوستان ، پاکستان اور بنگلہ دیش کے لوگ ہوائی جہاز سے جدہ جاتے ہوئے ’’قرن المنازل‘‘ والی میقات سے گزر کر جدہ پہنچتے ہیں، اس لئے ہوائی جہاز سے جاتے ہوئے ’’قرن المنازل‘‘ سے پہلے احرام باندھنا ضروری ہے۔(۱)

= عند أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ ، ’’ ضعیف ‘‘ وهو کل دین ملکه بغیر فعله لا بدلا عن شیئ نحو المیراث ...... لا زکاة فیه عنده حتیٰ یقبض نصابًا ویحول علیه الحول . و ’’ وسط ‘‘ وهو مایجب بدلاً عن مال لیس للتجارة کعبید الخدمة و ثیاب البذلة إذا قبض مائتین زکی لما مضیٰ فی روایة الأصل ، و ’’ قویّ ‘‘ وهو مایجب بدلاً عن سلع التجارة ، إذا قبض أربعین زکی لما مضیٰ، کذا فی الزاهدی . (الهندیة : (۱۷۵/۱) کتاب الزکاة ، الباب الأوّل فی تفسیرها ...... ط: رشیدیه)

بدائع الصنائع : (۱۰/۲) کتاب الزکاة ، فصل : وأمّا شرائط الّتی ترجع إلی المال ، ط: سعید.

البحر الرائق : (۲۰۷/۲) کتاب الزکاة ، ط: سعید .

(۱) ولأهل نجد الیمن ، ونجد الحجاز ، ونجد تهامة قرن ، وهو جبل مطل علی عرفات ...... وأبعد المواقیت ذو الحلیفة تعظیمًا لقدر النبیّ صلی اللّٰه علیه وسلم ، وأقر بها قرن ، وهنّ لهن ولمن أتی علیهن من غیر أهلهنّ لمن أراد دخول مکّة أو الحرم ولو بغیر حج و عمرة .... (غنیة الناسک : (ص: ۵۲ ، ۵۳) باب المواقیت ، فصل : أمّا مواقیت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن)

شامی : (۴۷۵/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی المواقیت ، ط: سعید .

الهندیة : (۲۲۱/۱) کتاب المناسک ، الباب الثانی فی المواقیت ، ط: رشیدیه .

نقشہ اس طرح ہے:

مشرق	مغرب
پاکستان	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده
ہندوستان	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده
بنگلہ دیش	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده

قریب اور دور کی مقدار رمی میں

’’دور اور قریب کی مقدار رمی میں‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۷/۲)

قصر

حج کے بیان میں جب ’’قصر‘‘ کا لفظ آئے تو اس کا معنی ہوتا ہے’’ بال کتروانا‘‘۔(۱)

قصر ایام نحر کے بعد کیا

’’حلق ایام نحر کے بعد کیا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۳۹/۲)

قصر حرم سے باہر کیا

’’حرم سے باہر حلق کیا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۲۲۶/۲)

قصر کروانا کب جائز ہے

اگر سر کے بال انگلی کے ایک پور کے برابر کاٹنا ممکن ہو تو قصر کرنا جائز ہوتا ہے، اور اگر بال اس سے چھوٹے ہیں تو قصر کرنا کافی نہیں ہوگا بلکہ حلق کرنا لازم ہوگا، اس لئے جو حضرات بار بار عمرہ کرنے کا شوق رکھتے ہیں ان کو چاہئے کہ ہر عمرہ کے بعد حلق کرا دیا کریں ، کیونکہ اگر بال ایک پور سے کم ہوں تو حلق کرنا لازم ہوتا

(۱) القاموس الوحید : (ص: ۱۳۱۸) حرف ’’ ق ‘‘ ط: إدارة إسلامیات لاهور ، کراچی .

Baitul-Ammar

ہے، اس کے بغیر احرام نہیں کھول سکتا۔(۱)

قصر میں انگلی کے ایک پور سے کم بال کٹوائے

اگر عمرہ یا حج کے بعد سر کے بال ایک پور یعنی ایک انچ سے بھی کم کٹوائے اور اس کے بعد اپنے ملک واپس آگیا، اور کئی سال اسی حالت میں گزر گئے تو جب تک اس آدمی نے حلق نہیں کیا یا ایک پور کے برابر بال نہیں کٹوائے تب تک وہ حلال نہیں ہوگا اور اس دوران جتنے ممنوعات احرام کا ارتکاب کرتا رہا اس حساب سے اس پر دم لازم ہوتے رہیں گے۔(۲)

قطرہ آتا ہے

اگر کسی کو مثانہ کی کمزوری کی وجہ سے قطرہ آتا ہے، اور وہ ہر دفعہ پیشاب کرنے

---

(۱) ولو تعذر الحلق لعارض بأن يفقد آلة الحلق ، أو من يحلقه أو يضره الحلق لنحو صداع أو قروع برأسه تعين التقصير ، أو تعذر التقصير بأن يكون شعره قصيرًا أو لبده بصمغ ، فلا يعمل فيه المقراض تعيّن الحلق ، وكذا لو كان معقوصًا أو مضفورًا . (غنية الناسک : (ص: ١٧٥) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، مطلب لو تعذر الحلق أو القصر ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ٣٢٤) باب مناسک منى ، فصل : فى الحلق والقصر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامى : (٥١٦/٢) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(٢) ويختص حلق الحاج بالزمان والمكان عند أبى حنيفة رضى اللّٰه تعالىٰ عنه وحلق المعتمر بالمكان ، فالزمان أيّام النحر والمكان الحرم ، والتخصيص للتضمين لا للتحلل ، فلو حلق أو اقتصر فى غير ماتوقت به لزم الدم ولكن يحصل به التحلل فى أى مكان و زمان أتى به بعد دخول وقته . (غنية الناسک : (ص: ١٧٥) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، مطلب : يختص حلق الحاج بالزمان والمكان ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ٣٢٥) باب مناسک منى ، فصل فى زمان الحلق ومكانه و شرائط جوازه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامى : (٥١٨/٢) كتاب الحج ، ط: سعيد .

🗁 الهندية : (٢٣٢/١) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

کے بعد پانی سے پاکی حاصل کر کے ایک رومال عضو پر لپیٹ کر کپڑے پہن کر نماز پڑھتا ہے تو اس کی نماز ہو جائے گی۔

اسی طرح حج اور عمرہ کے دوران بھی ایسا کپڑا استعمال کر سکتا ہے، ناپاک ہونے کی صورت میں اس کو دھو لینا کافی ہے۔(۱)

قلادہ

''قلادہ'' سے مراد ہے: جوتی یا زنبیل کا ٹکڑا، یا کوئی اور چیز مثلاً صوف، اون یا بالوں کی رسّی باندھ کر جانور کے گلے میں لٹکا دے، اس کو ''قلادہ'' کہتے ہیں۔

قہوہ

''پینے کی چیز'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۵۳/۱)

قیامت سے پہلے ایک وقت ایسا آئے گا

''امام مہدی کے ظہور کی آخری علامت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۳/۱)

---

(١) ولايكره لبس الخز والقصيب إذا لم يكن مخيطًا . (التاتارخانية : (٤٩٥/٢) الفصل الخامس فيما يحرم على المحرم ومالايحرم ، نوع منه فى اللبس والمخيط ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الخانية على هامش الهندية : (٢٨٦/١) كتاب الحج ، ط: رشيديه .

🗁 بدائع الصنائع : (١٨٥/٢) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان مايحظره الإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

🗁 الغسل ...... والغمس فى الماء ...... ودخول الحمام ...... وغسل الثوب ، أى للطهارة أو النظافة ، .... (إرشاد السارى : (ص ١٧٢) باب الإحرام ، فصل فى مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 يجوز تطهير النجاسة بالماء وبكل مائع طاهر يمكن إزالتها كالخل وماء الورد ونحوه . (الهندية : (٤١/١) كتاب الطهارة ، الباب السابع : فى النّجاسة وأحكامها ، الفصل الأوّل : فى تطهير الأنجاس ، ط: رشيديه)

🗁 شامى : (٣٠٩/٢) كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، ط: سعيد .

🗁 البحر الرائق : (٢٢١/١) كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

قیام مکہ ومدینہ

① حج کے پورے سفر میں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ حاجی ہونے کی وجہ سے اللہ تعالی کے مہمان ہیں، چنانچہ اپنا قیمتی وقت زیادہ سے زیادہ عبادت، تلاوت ذکر واذکار اور خیر کے کاموں میں صرف کریں، اسی طرح رفتار، گفتار عمل اور برتاؤ میں اس عظیم حیثیت کا خیال رکھیں۔

② مکتب کی طرف سے دیا گیا شناختی کارڈ ہر وقت اپنے ساتھ رکھیں، راستہ بھولنے کی صورت میں وہ کارڈ کسی کو دکھا دیں، منزل تک پہنچنا آسان ہو جائے گا۔

③ اگر کبھی گم ہو جائیں اور اپنی عمارت/رہائش گاہ کا پتہ یاد نہ ہو تو آپ اپنے ملک کا حج آفس معلوم کریں، تاکہ کوئی بھی بآسانی آپ کو وہاں تک پہنچا دے جہاں آفس کے کارکنان آپ کو مطلوبہ رہائش گاہ تک پہنچا سکیں۔

④ مکہ مکرمہ میں اسی عمارت اور کمرے میں قیام کریں جو کمپیوٹر کے ذریعہ آپ کے لئے الاٹ کئے گئے ہیں، اور جن کے دروازوں پر آپ کے نام مع حوالہ/حاجی پاس نمبر چسپاں ہیں، اپنی جگہ چھوڑ کر کسی اور جگہ پر قبضہ نہ کریں بلکہ اپنی ہی جگہ پر رہیں، اور اگر پرائیویٹ حج گروپ میں ہیں تو اس صورت میں گروپ کی جانب سے جو کمرہ دیا جائے اس میں رہیں، جھگڑا فساد سے ہمیشہ دور رہیں، آپ اللہ کے مہمان ہیں ہر وقت اس کا خیال رکھیں۔(۱)

---

(۱) وعنه (أی عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه) قال قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : من حجّ للّٰه فلم يرفث ولم يفسق رجع كيوم ولدته أمه ، متفق عليه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۴) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل ، ط: رحمانيه)

🗁 مرقاة المفاتيح شرح مشكوٰة المصابيح : (۲۶۵/۵) أيضًا ، ط: إمداديه ملتان .

🗁 الهندية : (۲۲۴/۱) كتاب المناسک ، الباب الرابع ، فيما يفعله بعد الإحرام ، ط: رشيديه . =

⑤ صفائی پر پورا دھیان دیں چاہے وہ کمرے کی ہو یا لباس کی، جسم کی ہو یا عام معاملات کی، کیونکہ صفائی مؤمن کی شان اور ایمان کا جز ہے، صبح شام صفائی والے آئیں گے ان سے بھی صفائی کا کام لے سکیں گے بلکہ جو بھی کچرا ہوگا اس کو ''ڈسٹ بن'' میں رکھ دیں تاکہ صفائی والے لے جائیں۔(۱)

⑥ کھانے پکانے کے لئے کچن کا ہی استعمال کریں، رہائشی کمروں میں کھانا پکانا سخت منع ہے اور کچن میں ہر قسم کے انتظامات موجود ہیں لہذا کھانا یا چائے وغیرہ پکانے کی ضرورت ہو تو کچن ہی کا استعمال کریں ورنہ سعودی امن عامہ کی پولیس کی طرف سے قانونی کاروائی ہو سکتی ہے۔

⑦ اپنی رہائش گاہ سے حرم شریف کے قریبی گیٹوں کو جن پر نمبر بھی لگے ہوئے ہیں خود بھی پہچان لیں اور اپنے ساتھ کے کمزور اور عمر رسیدہ لوگوں کو بھی پہچان کرا دیں، عام طور پر حرم شریف جاتے ہوئے گم ہونے کا خطرہ نہیں ہوتا کیونکہ تمام لوگ ہر طرف سے حرم شریف کی طرف جا رہے ہوتے ہیں، البتہ واپسی میں گم ہونے کا خطرہ ہوتا ہے کہ سب کی منزل ایک نہیں ہوتی۔

مطاف میں جانے کے بعد چاروں طرف غور سے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ مطاف کی طرف سے باہر نکلنے والوں کی رہنمائی کے لئے مختلف رنگوں کے پانچ الکٹرک

= 🗁 شامی : (۴۸۷/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

🗁 عن أبی هريرة عن النّبی صلى اللّٰه عليه وسلم أنّه قال : الحاج والعمار وفد اللّٰه ، إن دعوه أجابهم وإن استغفروه غفر لهم . رواه ابن ماجه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۲۲ ، ۲۲۳) كتاب المناسک ، الفصل الثالث ، ط: قديمی)

(۱) عن أبی مالک الأشعری قال : قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم : الطهور شطر الإيمان . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۳۹) كتاب الطهارة ، الفصل الأوّل ، ط: رحمانيه)

🗁 مرقاة المفاتيح : (۳۱۸/۱) أيضًا ، ط: امداديه ملتان .

Batul-Ammar

بورڈ لگے ہوئے ہیں، (ہوسکتا ہے بعد میں تبدیلی بھی آجائے) انہیں خوب اچھی طرح سے پہچان لیں، یہ بورڈ حرم شریف کے پانچ مین گیٹوں کی سیدھ میں لگائے گئے ہیں، چونکہ ان میں سے ہر گیٹ مکہ مکرمہ کے مختلف محلوں میں کھلتا ہے، لہٰذا ان بورڈوں کو پہچان لینے میں جو سب سے بڑا فائدہ ہے وہ یہ ہے کہ اگر حرم شریف سے نکلتے ہوئے خدا نخواستہ آپ کھو بھی گئے تو اپنے مطلوبہ محلّہ میں ہی رہیں گے، کسی دوسرے محلّہ میں نہیں نکلیں گے۔ (آج کل موبائل کی وجہ سے بہت زیادہ سہولت ہوگئی ہے)

⑧ حج کے سفر جدہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، منی، عرفات اور مزدلفہ جانا پڑتا ہے ان اسفار میں سامان کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں، اور ہر سامان پر اپنے نام کے ساتھ پاسپورٹ نمبر، گروپ کا نام اور ٹیلیفون نمبر ضرور درج کریں یا کیر آف (Care of) کرکے کسی دوسرے جاننے والے کا ٹیلیفون نمبر لکھدیں تاکہ گم ہونے کی صورت میں دوبارہ ملنے میں آسانی ہو۔

⑨ بسوں پر سامان رکھوانے یا ان پر سے اترواتے ہوئے اپنے سامان کی پوری نگرانی رکھیں تاکہ کوئی سامان گم نہ ہو۔

⑩ کبھی بھی کسی حال میں بیس پچیس ریال سے زیادہ رقم لے کر بھیڑ کی جگہوں میں نہ جائیں، چاہے وہ حرم شریف ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ اس مقدس مقام پر دل ودماغ اگر پیسوں کی حفاظت میں مشغول رہیں، تو یہ اس مقام کی بے ادبی ہے، اور اگر ایسا نہیں تو حرم کی ہوش ربا بھیڑ میں آپ کے پیسے محفوظ رہ جائیں گے کیسے یقین کیا جاسکتا ہے؟

⑪ موقع ملتے ہی پہلی فرصت میں اپنی قیمتی چیزیں یا دیگر رقومات اپنے معلم صاحب کے پاس امانت کے طور پر جمع کرکے رسید لے لیں، پھر ضرورت کے وقت ان میں سے لیتے اور خرچ کرتے رہیں، وقتاً فوقتاً جو پیسے لیتے رہیں ان کا اپنی امانت رسید میں اندراج کرواتے رہنا نہ بھولیں، تاکہ جمع شدہ پیسوں میں شک وشبہ یا بھول

چوک کی گنجائش نہ رہے، یاد رہے کہ ہر معلم کے آفس میں اپنے حجاج کی امانتیں جمع کرنے کا معقول انتظام ہوتا ہے، اس کے علاوہ بھی احتیاط کا جو مناسب طریقہ ہو اختیار کریں، مگر اپنی جیب، بٹوہ یا بیلٹ میں رکھنے کا مطلب پیسے ضائع کرنا ہے، اس تجربے کو ہرگز دہرانے کی کوشش نہ کریں۔

⑫ نماز یا دوسرے کاموں کے لئے کمرہ بند کرکے باہر جاتے وقت کمرہ کا ائرکنڈیشن، بجلی یا پنکھا بند کرنا نہ بھولیں۔

⑬ پانی کے استعمال میں بھی احتیاط کریں، قیامت کے دن اس کا بھی حساب ہوگا۔(۱)

⑭ سعودی عرب میں چونکہ ایک نئی اور گرم آب وہوا سے آپ کا سابقہ ہے لہٰذا دوپہر کی تیز دھوپ سے جہاں تک ممکن ہوسکے بچنے کی کوشش کریں، مشروبات خاص طور پر زمزم کا پانی خوب کثرت سے پیا کریں البتہ شوگر کے مریض احتیاط سے کام لیں۔

⑮ مکتب کے معلم یا حج گروپ کے لیڈر کی طرف سے مدینہ منورہ کی روانگی سے متعلق جو اعلان آپ کی عمارت میں لگا ہوا ملے گا اس کے مطابق مدینہ منورہ جانے کے لئے تیار رہیں، اور روانگی کا جو وقت مقرر کیا گیا ہے اس کے مطابق اپنی بسوں میں سوار ہوجائیں، کسی کی غیر حاضری یا انتظار کی وجہ سے اگر بس لیٹ ہوئی جس کی وجہ سے بس میں سوار دوسرے حجاج کرام کو تکلیف اٹھانی پڑی تو اس کا گناہ یقیناً اسی

---

(۱) عن عبد اللّٰه بن عمرو بن العاص، أنّ النّبی صلی اللّٰه علیه وسلم مر بسعد وهو یتوضأ فقال ماهٰذا السرف یا سعد! قال: أفي الوضوء سرف، قال: نعم وإن كنت علی نهر جار، رواه أحمد وابن ماجه. (مشكوٰة المصابیح: (ص: ۴۸) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، الفصل الثالث، ط: رحمانیه)

🗁 مرقاة المفاتیح: (۲/ ۲۹) أیضًا، ط: امدادیه ملتان.

Baitul-Ammar

کے سر جائے گا چاہے دیر کا سبب بڑے سے بڑا ثواب کا کام ہی کیوں نہ ہو۔(۱)

واضح رہے کہ جو حجاج، حج سے پہلے مدینہ منورہ جارہے ہیں ان پر طواف وداع ابھی واجب نہیں کیونکہ یہ طواف وطن واپسی سے پہلے آخری اوقات میں کرنا ہے جب کہ ان حجاج کرام کو تو حج سے پہلے ابھی پھر واپس مکہ مکرمہ آنا ہے۔(۲)

⑯ اگر مدینہ منورہ کا سفر حج سے پہلے ہورہا ہو تو موسم کے اعتبار سے ہلکا پھلکا سامان ساتھ رکھیں اور ضرورت کے مطابق کپڑے کے جوڑے بھی ساتھ لیں اور احرام کی چادریں بھی ساتھ لیں، کیونکہ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ واپس آتے وقت بیر علی سے احرام باندھنا ہے، اور دیگر ضرورت کی چیزیں جو آپ مناسب سمجھتے ہیں لے سکتے ہیں کیونکہ آپ کو وہاں نو دس روز رک کر چالیس نمازیں بھی پڑھنی ہیں۔(۳)

موجودہ دور میں مدینہ منورہ میں ہر چیز ملتی ہے اس لئے زیادہ سامان ساتھ لے کر جانا ضروری نہیں ہے۔

---

(۱) عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه ...... (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۱۳) كتاب الإيمان، الفصل الأوّل، ط: رحمانيه)

مرقاة المفاتيح: (۱/۷۲) أيضًا، ط: امداديه ملتان.

(۲) ويطوف للصدر سبعة أشواط ولا رمل فيه ......و يسمّى هذا طواف الصدر وطواف الوداع ...... وله وقتان، وقت الجواز، و وقت الاستحباب، (فالأوّل) أوله بعد طواف الزيارة إذا كان على عزم السفر ...... (والثاني) أن يوقعه عند إرادة السفر. (الهندية: (۱/۲۳۴) كتاب المناسك، الباب الخامس في كيفية أداء الحج، ط: رشيديه)

شامي: (۲/۵۲۳) كتاب الحج، مطلب، في طواف الصدر، ط: سعيد.

غنية الناسك: (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر، ط: إدارة القرآن.

(۳) عن أنس بن مالك عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: من صلّى في مسجدي أربعين صلاة لايفوته صلاة، كتبت له براءة من النّار، ونجاة من العذاب، وبرئ من النفاق. (مسند أحمد بن حنبل: (۳/۱۵۵) رقم الحديث: ۱۲۶۰۵) مسند أنس بن مالك رضي الله عنه، ط: مؤسّسة قرطبه، قاهره)

⑰ ''بیر علی'' کی میقات پر احرام باندھیں۔(۱)

جب آپ اپنی بسوں سے اتریں تو اترتے وقت اپنی بسوں کے نمبر وغیرہ دیکھ کر اچھی طرح پہچان لیں، نیز دوسرے ساتھیوں کو خاص طور پر عورتوں اور عمر رسیدہ وکم پڑھے لکھے لوگوں کو پہچان کرادیں تاکہ مسجد سے احرام باندھ کر واپس اپنی بسوں تک پہنچنے میں کسی قسم کی دشواری نہ ہو کیونکہ ان دنوں میں وہاں ایک جیسی سینکڑوں بسیں کھڑی رہتی ہیں۔

⑱ اگر آپ کو کوئی شکایت ہے تو پرائیویٹ حج گروپ میں جانے کی صورت میں گروپ لیڈر کو اور حکومت کی اسکیم کے تحت جانے کی صورت میں قریبی حج آفس کے ذمہ داروں کو صورت حال سے آگاہ کرسکتے ہیں اور اگر صبر سے کام لیں گے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

⑲ اگر خدانخواستہ کبھی بیمار ہو جائیں تو ہر ملک کا الگ الگ حج آفس اور ڈسپنسری موجود ہوتی ہے وہاں باقاعدہ ڈاکٹرز بیٹھتے ہیں، اور دوائی وغیرہ کا بھی انتظام ہے، ایسی صورت میں مکتب اور معلم کی طرف سے جاری کردہ تصویر والا کارڈ لے کر رجوع کریں وہاں آپ کا مناسب علاج ہو جائے گا (باہر پرائیویٹ علاج بہت زیادہ مہنگا ہوتا ہے اس لئے آپ ڈسپنسری سے رجوع کریں)

⑳ آپ کی رہائشی عمارتوں کے ہر کمرے کے لئے مخصوص حجاج کرام کی

---

(۱) فميقات أهل المدينة وكذا من مرّ بها من غير أهلها ذو الحليفة بالتصغير، وبهذا المكان آبار تسمّيها العوام "آبار علي" ط. (إرشاد الساري: (ص: ۱۱۰) باب المواقيت، النوع الثاني: الميقات المكاني، فصل في موقيت أهل الآفاق، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك: (ص: ۵۰) باب المواقيت، فصل: أمّا مواقيت أهل الآفاق، ط: إدارة القرآن.

الهندية: (۱/۲۲۱) كتاب المناسك، الباب الثاني: في المواقيت، ط: رشيديه.

شامي: (۲/۴۷۴) كتاب الحج، مطلب: في المواقيت، ط: سعيد.

Baitul-Ammar

کمپیوٹر لسٹ کمرے کے دروازے پر تو لگی ہوگی، ساتھ ساتھ اس کمرے میں جتنے لوگوں کو رہائش دی گئی ہے ان کی تعداد بتانے والا اسٹیکر بھی ہوگا، اگر مقررہ تعداد کے مطابق کمرے میں قیام کرنے والے سارے حجاج کرام ابھی تک نہ پہنچے ہوں، اور آپ اس دوران پروگرام کے مطابق مدینہ منورہ جارہے ہیں تو جاتے ہوئے یا تو کمرے میں تالا لگا کر نہ جائیں یا چابی ہوٹل کے کسی ذمہ دار کے حوالہ کر کے جائیں تاکہ آپ کے جانے کے بعد اگر کمرے کے بقیہ حجاج کرام آئیں تو انہیں ٹھہرانے کے لئے کمرے کا تالا توڑنا نہ پڑے۔

㉑ اس سفر کے ہر مرحلے میں ہمیشہ اپنا قیمتی وقت عبادت، تلاوت، ذکرو اذکار اور حج کے مسائل سیکھنے میں صرف کریں بلاوجہ کسی بھی اجنبی اور انجان شخص سے روابط نہ بڑھائیں، چاہے وہ آپ کی عمارت کا دربان ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ اس کے نتائج اچھے نہیں ہوتے۔(۱)

㉒ مکتب کے معلم صاحب کی طرف سے دیا گیا ''پیلا کلائی بند'' ہو یا حج کمیٹی رحاجی کیمپ کی طرف سے ملا ہوا ''اسٹیل کا کڑا'' انہیں خود بھی پہنے رہیں اور اپنی جماعت کے کمزوروں، ضعیفوں اور عورتوں کو بھی پہنے رہنے کی تاکید کرتے رہیں تاکہ حج کی زبردست بھیڑ میں بھولنے بھٹکنے کی صورت میں ان کلائی بندوں پر درج تفصیلات کی مدد سے ان کا پتہ اور ٹھکانہ معلوم کرنا آسان ہو سکے۔

---

(۱) ویترک نفقة عیاله ویخرج بنفس طیبة ویتقی اللّٰه فی طریقه ویکثر ذکر اللّٰه، ویجتنب الغضب ویکثر الاحتمال عن النّاس ویستعمل السکینة والوقار بترک مالایعنیه . (الهندیة : (۱/۲۲۰) کتاب المناسک، الباب الأوّل، وأمّا آدابه، ط: رشیدیه)

🗁 شامی : (۲/۴۷۱) کتاب الحج، مطلب : فی فروض الحج و واجباته، ط: سعید .

🗁 التاتارخانیة : (۲/۳۳۲) کتاب الحج، الفصل الثالث فی تعلیم أعمال الحج، ط: قدیمی کتب خانه .

㉓ منی، عرفات اور مزدلفہ وغیرہ کا مختصر قیام ہو یا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا طویل قیام ہر جگہ حوصلہ اور بلند ہمتی سے کام لینا چاہئے کوئی بھی مصیبت آجائے پریشان نہیں ہونا چاہئے، بلکہ ''دل اور بڑھ گیا مشکل جو آپڑی'' کے اصول کے تحت اللہ تعالی پر بھروسہ کرتے ہوئے کام کو آگے بڑھانا چاہئے۔

کسی بھی آفت اور مصیبت گزرنے کے بعد ان میں گرفتار آدمیوں کو وہیں ڈھونڈا جائے گا جو ان کی مخصوص جگہیں ہیں یا جہاں سے وہ بچھڑے ہیں، لہٰذا ایسے حضرات کو یا تو اپنی جگہوں سے ہٹنا ہی نہیں چاہئے یا اگر وقت کا تقاضہ ٹہلنا ہی ہو تو بھی دوبارہ موقع ملتے ہی پھر اپنی جگہ پر واپس آکر موجود رہنا چاہئے، تاکہ قونصلیٹ کا عملہ ہو یا آپ کے ساتھی، آپ کو پانے اور خبر گیری میں جلد از جلد کامیاب ہوسکیں۔

موجودہ زمانہ میں موبائل ''سم'' ہر جگہ دستیاب ہے لہٰذا سعودی عرب جانے کے بعد وہاں کی ایک سم لے لیں تاکہ ایسی ناگہانی آفت ومصیبت کی صورت میں ساتھیوں کو اطلاع کرنا آسان ہو۔

㉔ تقریباً ہر سال حج کے ایام میں کچھ دھوکے باز قسم کے لوگ حجاج کرام سے کسی نہ کسی طرح روابط بڑھاتے ہیں، پھر انہیں پوری طرح اپنے اعتماد میں لے کر سستی قربانیوں کا جھانسہ دیتے ہوئے ایک بڑی رقم جمع کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں، جبکہ انکا مقصد صرف اور صرف حجاج کرام کو دھوکہ دے کر لوٹنا اور پیسہ کمانا ہوتا ہے، اس لئے آپ اس قسم کے لوگوں سے ہمیشہ ہوشیار رہیں، اپنی قربانی یا تو خود اپنے ہاتھ سے کریں یا اپنے ساتھیوں میں کسی معتبر ساتھی کے ذریعہ کرائیں، یا گروپ لیڈر کے ذریعہ قربانی کا کام انجام دلائیں۔

㉕ حج کے سفر کے دوران ہر جگہ اور ہر وقت اپنے سے کمزوروں، بوڑھوں، عورتوں اور بچوں کا پورا پورا خیال رکھیں، اور ان کی مدد اور تعاون کرتے ہوئے ثواب

Baitul-Ammar

کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیں، ایسا موقع پھر کبھی قسمت سے ملے گا۔(۱)

۴۶ یہاں پر مقیم اپنے کسی بھی ملاقاتی کو اپنے کمرے میں بلانے سے پرہیز کریں تاکہ اس کی وجہ سے کسی دوسرے حاجی کو تکلیف نہ ہو، اگر خدانخواستہ اس دوران عمارت میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوگا تو اس ملاقاتی کے ساتھ ساتھ آپ کو بھی پوچھ گچھ اور انکوائری کے مراحل سے گزرنا پڑے گا، اس طرح خواہ مخواہ ایک غیر ضروری معاملے میں الجھ کر آپ کی عبادت وریاضت کے قیمتی اوقات متاثر ہوں گے۔

لہٰذا اگر کسی ملاقاتی سے ملنا ہو تو باہر ہی مل کر رخصت کر دیا کریں۔

۴۷ اپنے عزیز واقارب کو تحفہ کے طور پر دینے کے لئے تسبیح، جائے نماز، رومال، ٹوپی اور کھجور وغیرہ کوئی چیز خریدنی ہو تو انہیں حج کے بعد خریدیں تاکہ آپ کی پوری توجہ حج کی طرف رہے، خریداری کی طرف نہ جائے۔

خریداری کا ارادہ کرتے وقت دو باتوں کا خیال رکھیں۔

❶ مارکیٹ میں جانے سے پہلے ضروری چیزوں کی ایک لسٹ بنالیں، اور اسی کے مطابق خریدیں، یہ لسٹ مارکیٹ میں جا کر نہ بنائیں ورنہ غیر ضروری چیزیں خرید لی جائیں گی اور ضروری چیزیں رہ جائیں گی۔

❷ ہوائی جہاز پر اپنے ساتھ لے جانے کے لئے ایک محدود وزن کی ہی اجازت ہے جس سے بڑھنے کی صورت میں آپ کو ہر کلو کے حساب سے وزن کا

---

(۱) ولا بدّ له من رفيق صالح ، يذكره إذا نسى ويصبره إذا جزع ويعينه إذا عجز ، وكونه من الأجانب أولىٰ من الأقارب تبعدًا عن ساحة القطعية . (الهندية : (۱/۲۲۰) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : وأمّا آدابه ، ط: رشيديه)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۳۵، ۳۶) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

🗀 البحر العميق : (۱/۴۴۳) الباب الرابع : فى مقدمات السفر و آدابه ، الأمر الثامن ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

چارج دینا پڑے گا اور اس وقت یہ رقم دینا بہت ہی مشکل ہوگا، جب کہ اپنے وطن پہنچ کر کسٹم کے مراحل بھی درپیش ہوں گے، لہٰذا جس حد تک ہو سکے کم سے کم سامان خریدیں۔

۴۸ حرم شریف کی تقریباً ہر فرض نماز کے بعد جنازے کی نماز کا اعلان ہوتا ہے اور جنازہ کی نماز پڑھی جاتی ہے، اس لیے فرض نمازوں کے بعد احتیاطاً دو چار منٹ رک کر ہی سنت اور نوافل کی نیت باندھیں تاکہ اتنے بڑے مجمع میں حرم شریف کے اندر پڑھی جانے والی جنازہ کی نماز کے ثواب سے بھی مستفیض ہو سکیں، جس میں شرکت کی حدیث میں بڑی فضیلت ہے۔(۱)

۴۹ اپنے ساتھی بلکہ عام لوگوں کے ساتھ بھی بلند ترین اخلاق کا مظاہرہ کریں، جس کی معمولی جھلک یہ ہے کہ آپ کی ذات سے کسی کو ادنیٰ سی بھی تکلیف نہ پہنچے یہاں کے سارے مقدس مقامات کا تہ دل سے احترام کریں، جس کا سب سے کمتر نمونہ یہ ہے کہ ہر اس عمل، برتاؤ، بات، انداز یہاں تک کہ خیال سے بھی پرہیز کریں جس پر آپ کا دل تھوڑی سی بھی بے اطمینانی محسوس کرتا ہو۔

۵۰ حرم شریف جاتے ہوئے کپڑے یا پلاسٹک کی ایک تھیلی رکھ لیا کریں تاکہ اس میں اپنے جوتے، چپل رکھ سکیں، نیز اسے ایسی جگہ رکھیں جہاں گم ہونے یا حرم شریف میں صفائی ستھرائی کرنے والے کارکنوں کے ہاتھوں پھینکے جانے کا اندیشہ نہ ہو اور اگر جوتے کو تھیلی میں ڈال کر ساتھ رکھا جائے تو زیادہ بہتر ہے باقی

---

(۱) عن أبى هريرة قال : قال رسول اللّٰه صلى الله عليه وسلم : من اتبع جنازة مسلم إيمانا واحتسابا وكان معه حتى يصلى عليها ويفرغ من دفنها فإنّه يرجع من الأجر بقيراطين ، كل قيراط مثل أحد ، ومن صلى عليها ثم رجع قبل أن تدفن فإنّه يرجع بقيراط . متفق عليه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۱۴۴) باب المشى بالجناة والصلاة عليها ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى)

🗀 صحيح البخارى : (۱/۳۵۵) رقم الحديث : ۱۳۲۵) كتاب الجنائز ، باب من انتظر حتى يدفن ، ط: الطاف اينڈ سنز .

Batul-Ammar

طواف کے دوران جوتا ساتھ نہ رکھیں ورنہ اطمینان کے ساتھ طواف کرنا مشکل ہوگا۔

(۳۱) حج کے موسم میں سخت ہجوم میں حرم شریف کے گیٹوں میں کھڑے ہوکر اپنے جوتے چپل پہننا بھی اپنے پیچھے نکلنے والے لوگوں کو اذیت پہنچانے کے مترادف ہے لہذا اس سے بچتے ہوئے اپنے جوتے، چپل ان گیٹوں سے تھوڑی دور نکل کر پہنا کریں۔

قیدی کا حج بدل

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، لیکن وہ شخص پوری زندگی قید میں رہا، تو اس کی طرف سے حج بدل کرنا یا کرانا جائز ہے، لیکن اگر اس شخص کو قید سے رہائی مل جائے گی تو دوبارہ اس آدمی پر خود جا کر فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا، اور پہلے جو حج بدل کرایا تھا وہ نفلی ہو جائے گا۔(۱)

قینچی نہیں

’’استرہ نہیں‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۴۱)

---

(۱) والمركبة منهما كحج الفرض ، تقبل النيابة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز إلى الموت ؛ لأنّه فرض العمر حتى تلزم الإعادة بزوال العذر أى العذر الّذى يرجى زواله كالحبس والمرض . (شامی : (۲/۵۹۸) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى الفرق بين العباده والقربة والطاعة ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۲۱) باب الحج عن الغير ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهنديه : (۱/۲۵۷) كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير ، ط: رشيديه.

ک

کاروباری حج

موجودہ دور میں کچھ حضرات ایسے بھی ہیں جو تقریباً ہر سال حج پر جاتے ہیں، یہ لوگ یہاں سے مختلف دوائیں اور دیگر سامان لے جاتے ہیں، اور وہاں منافع کے ساتھ فروخت کر دیتے ہیں، اور حج سے واپسی پر وہاں سے سامان لاکر فروخت کر دیتے ہیں، ان لوگوں کا حج ایک قسم کا ’’کاروباری‘‘ حج ہوتا ہے ایسے لوگوں کا حج ہو جائے گا لیکن اگر حج کے سفر کا مقصد کاروبار ہے تو ان لوگوں کو ان کی اپنی نیت کے مطابق بدلہ ملے گا اس لئے ’’کاروباری حج‘‘ کے بجائے خالص حج کرنے کی کوشش کی جائے۔(۱)

کافر سے قرض لے کر حج کرنا

’’غیر مسلم سے قرض لے کر حج کرنا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۳/۲۵۳)

کافر کے پیسے سے حج کرنا

کافر کے پیسے سے مسلمان حج کر سکتا ہے، حج ادا ہو جائے گا اگر اس نے گفٹ کر کے دے دیا ہے۔(۲)

---

(۱) إن من نوى الحج والتجارة لا ثواب له ، إن كانت نية التجارة غالبة أو متساوية .... (شامی : (۶/۴۲۵) كتاب الحظر والإباحة ، فصل : فى البيع ، فروع ، ط: سعيد)

🗁 وتجريد السفر من التجارة أحسن ، ولو اتجر لاينقص ثوابه . (غنية الناسک : (ص: ۳۶) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۰) مقدمة فى آداب مريد الحج ، فصل : ويستحب أن يشاور ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) وأمّا هبة الكافر للمسلم فجائزة أيضًا سواء كانت فى دار الإسلام أو فى دار الكفر وحكم الصدقة كحكم الهبة ...... (النتف فى الفتاوىٰ : (ص: ۳۱۶) كتاب الهبة ، هبة الكافر للمسلم ، ط: سعيد)=

Baitul-Ammar

کافر کے روپیہ سے حج کرنا

اگر کسی کافر نے کسی مسلمان کو روپیہ ہبہ کر کے دے دیا ہے تو وہ مسلمان اس رقم سے حج کرسکتا ہے۔(۱)

کان

احرام کی حالت میں سردی یا کسی اور وجہ سے کان میں روئی رکھنا جائز ہے مگر خوشبو کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔(۲)

کان ڈھانکنا

☆احرام کی حالت میں کانوں پر کپڑا ڈالنے میں کوئی حرج نہیں۔

☆احرام کی حالت میں کانوں کو رومال اور چادر وغیرہ سے ڈھانپنا جائز ہے۔(۳)

= 🗁 عمدة القاری شرح صحیح البخاری : (۱۳ / ۲۳۹) رقم الحدیث : ۲۶۱۵ ، کتاب الهبة وفضلها والتحریض علیها ، باب قبول الهدیة من المشرکین ، ط: دار الکتب العلمیة .

🗁 فتح الباری شرح صحیح البخاری : (۵/ ۲۳۰) رقم الحدیث : ۲۶۱۵ ، کتاب الهبة ، باب قبول الهدیة من المشرکین ، ط: دار المعرفة .

(۱) وأمّا هبة الکافر للمسلم فجائزة أیضًا سواء کانت فی دار الإسلام أو فی دار الکفر وحکم الصدقة کحکم الهبة ...... (النتف فی الفتاویٰ : (ص: ۳۱۶) کتاب الهبة ، هبة الکافر للمسلم ، ط: سعید)

🗁 عمدة القاری شرح صحیح البخاری : (۱۳ / ۲۳۹) رقم الحدیث : ۲۶۱۵ ، کتاب الهبة وفضلها والتحریض علیها ، باب قبول الهدیة من المشرکین ، ط: دار الکتب العلمیة .

🗁 فتح الباری شرح صحیح البخاری : (۵/ ۲۳۰) رقم الحدیث : ۲۶۱۵ ، کتاب الهبة ، باب قبول الهدیة من المشرکین ، ط: دار المعرفة .

(۲،۳) وتغطیة اللحیة ما دون الذقن ...... وأذنیه ؛ لأنهما عضوان مستقلا . (إرشاد الساری : (ص: ۱۷۴ ، ۱۷۵) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 البحر الرائق : (۳/ ۸) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط:إدارة القرآن .

🗁 ویتقی الرفث ...... والتطیب وإن لم یقصده ، وفی الرد تحت قوله : وإن لم یقصده ...... بأنّ المراد غیر =

کبوتر

احرام کی حالت میں کسی بھی قسم کے کبوتر کو ذبح کرنا جائز نہیں ہے، یعنی جنگلی اور پالتو دونوں قسم کے کبوتروں کو ذبح کرنا جائز نہیں ہے، بعض لوگ احرام کی حالت میں یا حرم کی حدود میں پالتو کبوتر کا ذبح کرنا حلال سمجھتے ہیں، یہ غلط ہے۔(۱)

کپڑا سر پر رکھنا

احرام کی حالت میں سر پر کپڑا رکھنا، ڈھانکنے کے حکم میں ہے۔(۲)

= قاصد للتطیب بل قاصد للتداوی ومع ذٰلک یکون محظورًا علیه فعلیه اتقاؤه رحمتی . (الدر مع الرد : (۲/ ۴۸۷) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۷) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة.

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۸۹) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ومحظوراته الّتی فی غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن .

(۱) قال اللّٰه تعالیٰ : ﴿ أحلّ لکم صید البحر وطعامه متاعًا لکم وللسیارة وحرم علیکم صید البرّ ما دمتم حرمًا ﴾ أی محرمین ...... الصید هو الممتنع أی بقوائمه وجناحیه عن أخذه المتوحش من النّاس فی أصل الخلقة أی فلا عبرة بالأمر العارض من الوحشة والأنس فالظبی والفیل والحمام یعنی ونحوها من البهائم والطیور والمستأنسات صید . وتحته فی حاشیته : أی وإن کان ذکاتها بالذبح . (إرشاد الساری : (ص: ۵۰۹) باب الجنایات وأنواعها ، النوع السادس : فی الصید و مایتعلق به ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۲۸۰) باب الجنایات ، الفصل الثامن : فی صید البر ومایتعلق به ، ط: إدارة القرآن .

🗁 المحیط البرهانی : (۳/ ۴۱۷) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم بسبب الإحرام ، ومالایحرم ، ط: إدارة القرآن .

(۲) (یتقی الرفث) ...... و قلم الظفر ، وستر الوجه) ...... (و الرأس) ...... ولو حمل علی رأسه ثیابًا کان تغطیة . (تنویر الأبصار مع الدر : (۲/ ۴۸۸) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فیما یحرم بالإحرام ومالا یحرم ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۷) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الحرام ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

Baitul-Ammar

کپڑے میں خوشبو استعمال کرنے کی جنایت

☆اگر محرم خوشبو دار کپڑے پہنے تو اگر خوشبو بہت ہے مگر بالشت یا دو بالشت سے کم مقدار میں لگی ہوئی ہے، یا خوشبو تھوڑی ہے مگر بالشت یا دو بالشت سے زیادہ لگی ہے، اور ایسے کپڑے کو سارا دن یا ساری رات پہنے رہے تو دم دینا لازم ہوگا، اور اگر تھوڑی خوشبو بالشت یا دو بالشت سے کم مقدار میں لگی ہو، تو صدقہ دینا واجب ہوگا اگرچہ سارا دن پہنے رہے، اور ایسے کپڑے کو ایک دن سے کم پہننے کی صورت میں بھی دم واجب نہیں، صدقہ واجب ہے۔

☆اور ایک دن سے کم میں اگرچہ بہت خوشبو ہو اور بالشت دو بالشت کے برابر ہو تو صدقہ ہے، اور آدھی رات سے آدھے دن تک ایک دن شمار ہوگا۔(۱)

کتا (کاٹنے والا)

''موذی جانور'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۱۱/۴)

کثرت طواف کی افضلیت

''طواف افضل ہے یا عمرہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵۱/۳)

---

(۱) إذا كان الطيب فى ثوبه شبرًا فى شبر أى مقدارهما طولا و عرضًا فهو داخل فى القليل ، فإن مكث أى دام يومًا فعليه صدقة ، أو أقلّ منه فقبضة ، كذا فى المجرد والفتح ، ولو لبس مصبوغًا بعصفر أو ورس أو زعفران مشبعًا ...... يومًا فعليه دم ، وفى أقلّه صدقة . (إرشاد السارى : (ص: ۴۵۴) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثانى : فى الطيب ، فصل : فى تطييب الثوب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۲۴۵) باب الجنايات ، الفصل الأوّل : فى الطيب ، مطلب : فى تطييب الثوب ، ويدخل فيه الفراش ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۵۴۵/۲ ، ۵۴۶) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

کرتہ

☆احرام کی حالت میں کرتہ پہننا منع ہے، اور جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا ہو اس کا پہننا مردوں کے لئے احرام کی حالت میں جائز نہیں، اگر ایک دن یا ایک رات پہنے گا تو دم لازم ہوگا اس سے کم میں صدقہ واجب ہوگا۔(۱)

☆عورتوں کے لئے سلے ہوئے کپڑے پہننا منع نہیں ہے، بلکہ خواتین احرام کی حالت میں بھی سلے ہوئے کپڑے پہنیں گی۔(۲)

کرتے کو چادروں کی طرح اوڑھنا

احرام کی حالت میں کرتہ کو چادروں کی طرح اوڑھنا جائز ہے مگر بہتر نہیں۔(۳)

---

(۱) إذا لبس المحرم أى بالحج أو العمرة أو بهما المخيط أى الملبوس المعمول على قدر البدن أو قدر عضو منه بحيث يحيط به ، سواء كان بخياطة أو لنسج أو لصق أو غير ذلك ...... على وجه المعتاد أى بأن لايحتاج فى حفظه إلى تكلف عند الاشتغال بالعمل ...... فعليه الجزاء ...... فإذا لبس مخيطًا أى على وجه المعتاد يومًا كاملاً أى نهارًا شرعيًا وهو من الصبح إلى الغروب أو ليلة كاملة فعليه دم ، وفى أقلّ من يوم أى مقدار نهارٍ ولو ينقص ساعة أو ليلة صدقةٌ . (إرشاد السارى : (ص: ۴۲۴، ۴۲۵) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الأوّل : فى حكم اللبس ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك : (ص: ۲۵۰ ، ۲۵۱) باب الجنايات ، الفصل الثانى : فى لبس المخيط ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۴۸۹/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، و: (۵۴۷/۲) باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) وتلبس من المخيط ما بدالها كالدرع والقميص والسراويل والخفين والقفازين . (غنية الناسك : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل: فى إحرام المرأة ، ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

(۳) ويجوز أن يرتدى بقميص وجبة ، ويلتعف به فى نوم أو غيره اتّفاقًا . (وقال المحقق ابن عابدين:) والحاصل : أن الممنوع عنه لبس المخيط المعتاد ، ولعل وجه كراهة القاء نحو القباء والعباء على الكتفين أنّه كثيرًا مايلبس كذٰلك تأمل . (الدر مع الرد : (۴۸۹/۲ ، ۴۹۰) كتاب =

Baitul-Ammar

کسی سے کنکریاں مروانا

''کنکریاں کسی سے مروانا''عنوان کو دیکھیں۔(۳/۳۱۹)

کسی منزل پہ ٹھہرنے پر یہ دعا پڑھے

''حفاظت کی دعا''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۳۶)

کعبہ امام ہے

''طواف کعبہ کے قریب سے کرے''عنوان کو دیکھیں۔(۳/۱۱۰)

کعبہ شریف کو دیکھنا

''بیت اللہ شریف کو دیکھنا''عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۱۲)

کعبہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے ساتھ ملا دیا جائے گا

''بیت اللہ کی سفارش''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱٤)

کعبہ کی بنیاد سے نکلنے والی تین تحریریں

جب نبی کریم ﷺ کی عمر (۳۵) سال ہوئی تو مکے میں ایک زبردست سیلاب آیا اور پانی کعبے میں داخل ہوگیا، پانی کے بہاؤ اور جمع ہوجانے کی وجہ سے کعبے کی دیواروں میں شگاف پڑگئے، اور اس سے پہلے ایک مرتبہ کعبے کی یہ دیوار آگ لگ جانے کی وجہ سے کمزور ہوچکی تھی، اس لئے قریش نے عمارت کو شہید کر کے نئے سرے سے تعمیر کرنے کا ارادہ کیا۔(۱)

= الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ١٦٦) باب الإحرام ، فصل فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

🗁 غنیة الناسک : (ص: ٨٥) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

(١) لما بلغ رسول اللہ ﷺ خمسا و ثلاثین سنة علی ما ہو الصحیح جاء سیل حتیٰ أتیٰ من فوق =

عمارت گرانے کے بعد کعبے کی بنیاد سے تین تحریریں نکلیں ......یعنی کعبۃ اللہ کے دائیں کونے کے نیچے سے قریش کو ایک تحریر ملی جو سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی، اور وہ اس زبان کو جانتے نہیں تھے آخر ایک شخص ملا، جس نے وہ تحریر انہیں پڑھ کر سنائی، یہ شخص یہودی تھا اس میں لکھا ہوا تھا:

''میں اللہ ہوں، مکے کا مالک! جسے میں نے اس دن پیدا کیا جس دن میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور جس دن میں نے سورج اور چاند بنائے، میں نے اس کو یعنی مکے کو سات فرشتوں کے ذریعے گھیر دیا، اس کی عظمت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک اس کے دونوں پہاڑ موجود ہیں، ان پہاڑوں سے مراد ایک تو ابوقبیس پہاڑ ہے جو کہ صفا پہاڑی کے سامنے ہے اور دوسرا قیعقعان پہاڑ ہے جو مکہ کے قریب ہے، اور جس کا رُخ ابوقبیس پہاڑ کی طرف ہے، اور یہ شہر اپنے باشندوں کے لئے پانی اور دودھ کے لحاظ سے بہت برکت اور نفع والا ہے''۔

اسی طرح قریش کو مقام ابراہیم کی جگہ پر ایک اور تحریر ملی جس میں یہ لکھا ہوا تھا:''مکہ اللہ تعالی کا محترم اور معظم شہر ہے، اس کا رزق تین راستوں سے اس کے پاس آتا ہے''۔

وہیں قریش کو ایک تحریر اور ملی جس میں لکھا ہوا تھا کہ:

''جو بھلائی بوئے گا لوگ اس پر رشک کریں گے، یعنی اس جیسا بننے کی تمنّا کریں گے، اور جو شخص برائی بوئے گا وہ رسوائی اور ندامت پائے گا، تم برائی کر کے بھلائی کی آس لگاتے ہو! ہاں یہ ایسا ہی ہے جیسا کوئی شخص کیکر یعنی کانٹے دار درخت

= الردم الّذی صنعوہ لمنعہ السیل فأخربہ : أی ودخلہا و صدع جدرانہا بعد توہینہا من الحریق الّذی أصابہا . (السیرة الحلبیة : (١/٢٠٤) باب بنیان قریش الکعبة شرّفہا اللّٰہ تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة ، بیروت)

Baitul-Ammar

میں انگور تلاش کرے۔(۱)

کعبہ کی زمین

''مقام کعبہ کی زمین'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۳/٤)

کعبہ کے احترام کیلئے تین دائرے مقرر ہیں

☆ کعبۃ اللہ مکہ مکرمہ کا نہایت اشرف واعلیٰ مقام ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کے احترام کے لئے اس کے اردگرد تین دائرے بنائے ہیں، اور ہر دائرے کے کچھ مخصوص احکام ہیں:

۱۔ پہلا دائرہ ''مسجد حرام'' کا ہے جس کے درمیان بیت اللہ شریف واقع ہے، بیت اللہ شریف کے بعد سب سے زیادہ اشرف واعلیٰ ''مسجد حرام'' ہے جو اس دائرے سے محدود ہے، اس کے ساتھ بہت سے احکام مخصوص ہے، مگر ان خصوصی احکام کا تعلق احرام سے نہیں ہے، اس لئے اس کی تفصیل کی یہاں ضرورت نہیں ہے۔

۲۔ دوسرا دائرہ حرم کی حدود کا ہے، مکہ مکرمہ کے چاروں طرف حرم مکی کے نام سے کچھ حدود مقرر ہیں، جہاں حرم کی علامات اور بورڈ لگے ہوئے ہیں، حرم کی ان حدود کا فاصلہ مکہ مکرمہ سے کسی جانب تین میل، کسی طرف نو میل ہے، اور کسی طرف کم وبیش ہے، اور کلومیٹر کے اعتبار سے مقدار زیادہ ہے، جو لوگ اس دائرے کے اندر

(۱) ...... و وجدت قریش فی الرکن کتابًا بالسریانیة ، فلم یدر ما هو ؟ حتٰی قرأه رجل من الیهود ، فإذا هو : أنا اللّٰه ذو بکة ، خلقتها یوم خلقت السمٰوات والأرض ، وصورت الشمس والقمر ، وحفظتها بسبعة أملاک حنفاء ، لایزول أخشابها أی جبلاها ، وهما أبو قبیس وهو جبل مشرف علی الصفا ، وقعیقعان : وهو جبل مشرف علی مکّة وجهه إلی أبی قبیس یبارک لأهلها فی الماء واللبن ، ووجدوا فی المقام : أی محله ، کتابًا آخر مکتوب فیه : مکّة بلد اللّٰه الحرام ، یأتیها رزقها من ثلاث سبل و وجدوا کتابًا آخر مکتوب فیه : من یزرع خیرًا یحصد غبطة : أی مایغبط أی یحسد حسدًا محمودًا علیه ، ومن یزرع شرًا یحصد ندامة : أی ماینـدم علیه ، تعملون السیئٰات ، وتجزون الحسنات ، أجل : أی نعم ، کما یجنی من الشوک العنب أی الثمر . (السیرة الحلبیة : (۱/ ۲۰۷) باب بنیان قریش الکعبة شرفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت)

رہنے والے ہیں وہ ''اہل حرم'' یعنی ''حرم والے'' کہلاتے ہیں۔

۳۔ تیسرا دائرہ مواقیت کا ہے، جس کا ذکر ''میقات'' کے لفظ کے تحت ہوگا۔

دوسرے دائرے یعنی حرم کی حدود میں رہنے والوں کو ''اہل حرم'' کہا جاتا ہے اور حرم کی حدود سے باہر مگر میقات کے دائرے کے اندر رہنے والوں کو ''اہل حل'' کہا جاتا ہے، اور ان سب دائروں سے باہر رہنے والوں کو ''اہل آفاق'' یا ''آفاقی'' کہتے ہیں۔(۱)

کفارہ

کفارہ کا لفظ عام ہے، دم اور صدقہ دونوں پر بولا جاتا ہے۔ (۲)

کمبل

سردی کے وقت احرام کے دوران کمبل اوڑھنا جائز ہے، البتہ سر اور چہرہ پر کمبل نہ لگے اور خواتین صرف چہرہ پر نہ لگائیں۔

احرام کی حالت میں سردی کی وجہ سے کمبل استعمال کرسکتا ہے مگر سر اور چہرہ

(۱) وأمّا المیقات المکانی ، فاعلم أنّ المواقیت تختلف باختلاف النّاس ، وهم فی المواقیت أضاف ثلاثة : صنف یسمّون أهل الآفاق : وهم الّذین منازلهم خارج المواقیت الّتی وقت لهم رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ، وصنف منهم أهل الحل ، وهم الّذین منازلهم داخل المواقیت خارج الحرم کأهل بستان بنی عامر وغیرهم ، وصنف منهم أهل الحرم و أهل مکّة . (البحر العمیق : (۱/ ۵۹۸) الباب السادس : فی المواقیت ، المیقات المکانی ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۰) باب المواقیت ، الثانی : المکانی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 شامی: (۲/ ۴۷۴) کتاب الحج ، مطلب فی المواقیت ، ط: سعید .

(۲) الکفارة : مایکفر أی یغطی به الإثم ، وشرعًا ماکفر به من صدقة و صوم و نحوهما سمّی به ؛ لأنّه یکفر الذنب ویستره ، ککفارة الیمین . (المجموعة للقواعد الفقهیة : (ص: ۲۶۲) التعریفات الفقهیة ، ط: البشریٰ)

Baitul-Ammar

ڈھانک نہیں سکتا، البتہ عورتوں کے لئے سر ڈھانکنے کی اجازت ہے۔(۱)

کمپنی کی طرف سے حج کرنا

بعض کمپنیوں میں یہ طریقہ رائج ہے کہ سالانہ قرعہ اندازی کرکے ایک یا ایک سے زائد ملازمین کو کمپنی کے خرچے پر حج کے لئے بھیجتی ہیں، اور یہ ملازمین کمپنی کے خرچے پر حج کی سعادت حاصل کرتے ہیں، ایسے ملازمین کا حج ادا ہوجائے گا، دوبارہ اپنے خرچے پر حج کرنا لازم نہیں ہوگا، کیونکہ حج پوری زندگی میں صرف ایک دفعہ فرض ہوتا ہے، بار بار نہیں، البتہ حج کرتے وقت فرض حج یا مطلق حج کی نیت کرے، نفل حج کی نیت نہ کرے، ورنہ صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں دوبارہ فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۱) ولبس الخزّ والبزّ والثوب الهروی والمروی والقصب ......و التوشح بالقميص والاتزار به والانزار به . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۱۷۳) باب الإحرام ، فصل: فی مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 ولبس الخزّ والبزّ ...... وأن يلتحف به فی نومه وغير اتّفاقًا والاتزار به . (غنية الناسک : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل : فی مباحات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۴۸۹/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب: فی مايحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

(۲) والفقير الآفاقی إذا وصل إلى ميقات فهو كالمكی ...... وينبغی أن يكون الغنی الآفاقی كذٰلک إذا عدم المركوب بعد وصوله إلى أحد المواقيت ...... وليفيد أنّه يتعين عليه أن ينوی حج الفرض ليقع عن حجة الإسلام . ولاينوی نفلاً على زعم أنّه فقير لايجب عليه الحج ؛ لأنّه ماكان ما واجبا عليه وهو آفاقی ، فلما صار كالمكی وجب عليه ، فلو حج نفلا يجب عليه أن يحج ثانيًا ، ولو أطلق النية يصرف إلى الفرض . (إرشاد الساری : (ص: ۵۶ ، ۵۷) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۸) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۴۶۰/۲) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

کمپنی کی گاڑی

اگر کمپنی کے ملازمین کو کمپنی کی طرف سے گاڑی ملی ہوئی ہے، تو اگر یہ گاڑیاں صرف شہر میں استعمال کرنے کیلئے دی گئی ہوں تو کمپنی کی اجازت کے بغیر ایسی گاڑیوں کو لے کر حج یا عمرہ کا سفر کرنا جائز نہیں ہوگا۔

اور اگر کمپنی کی طرف سے حج یا عمرہ کے سفر کرنے کی اجازت ہو تو ایسی گاڑیوں کو لے کر حج یا عمرہ کا سفر کرنا جائز ہوگا۔(۱)

کم عقل رمی نہ کرے تو

اگر کم عقل بالکل رمی نہ کرے تو اس پر دم واجب نہیں ہوگا۔(۲)

کندھے ننگے رکھنا

☆ حج اور عمرہ کے جس طواف کے بعد صفا اور مروہ کی سعی ہو، اس طواف کے

---

(۱) لايجوز التصرف فی مال غيره بلا إذنه ولا ولايته . (الدر المختار : (۲۰۰/۲) كتاب الغضب ، مطلب : فيما يجوز من التصرف بمال الغير بدون إذن صريح ، ط: سعيد)

🗁 (وإن أطلق) أی المعير (الانتفاع فی الوقت والنوع انتفع ماشاء أیّ وقت شاء) ؛ لأنّه يتصرّف فی ملک الغير ، فيملک التصرف على الوجه الّذی أذن له فيه (وإن قيّد ضمن) أی المستعير (بالخلاف إلى شرّ فقط) .... (الدرر الحكام فی شرح غرر الأحكام : (۱۲۵/۳) كتاب العارية ، ط: مكتبه رشيديه كندهار)

🗁 شرح المجلّه للأتاسی : (۲۶۲/۱) المادة : ۹۶ ، القواعد الفقهية ، ط: رشيديه .

(۲) ولو ارتكب محظورًا لاشيئ عليهما ، ...... والمجنون كالصبی الغير المميز فی جميع ما ذكرنا . (غنية الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۱) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 البحر العميق : (۶۹۰/۲) الباب السابع : فی الإحرام ، الفصل الخامس : إحرام الصبی والمجنون ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

Baitul-Ammar

ساتوں چکروں میں شروع سے آخر تک اضطباع یعنی داہنا کندھا کھلا رکھنا مسنون ہے ایسے طواف کے علاوہ خاص طور پر نماز کے دوران کندھے کو ننگا رکھنا مکروہ ہے اس لئے طواف کے علاوہ کسی اور جگہ کندھے کو کھلا نہ رکھیں۔

☆ ''اضطباع'' کا معنی دائیں بغل سے احرام کی چادر نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔

☆ نماز کے دوران اضطباع بالکل نہ کرے۔(۱)

کنکری استعمال شدہ

جن کنکریوں سے ایک دفعہ رمی کی گئی ہو اور وہ کنکریاں شیطان کے قریب گری ہوئی ہوں، وہاں سے کنکریاں اٹھا کر رمی کرنا مکروہ ہے، وہ کنکریاں مردود ہیں وہ اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہیں۔(۲)

---

(۱) إذا أراد الشروع فيه أى فى طواف بعده سعى فإنّه حينئذٍ يسنّ الإضطباع والرمل له ينبغى أن يضطبع قبله أى قبل شروعه فيه بقليل ، وليس لمايتوهمه العوام من أن الاضطباع سنة جميع أحوال الإحرام ، بل الاضطباع سنة مع دخوله فى الطواف ...... واعلم أنّ الاضطباع سنة فى جميع أشواط الطواف ...... فإذا فرغ من الطواف فيترك الاضطباع ، حتى إذا صلّى ركعتى الطواف مضطبعا يكره لكشف منكبه ...... وهو أى الاضطباع المسنون أن يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن ويلقى طرفيه أو طرفه على كتفه الأيسر ، ويكون المنكب الأيمن مكشوفًا أى على هيئة الشجاعة ، إظهارًا للجلادة فى ميدان العبادة ، وهو أى الاضطباع سنة فى كل طواف بعده سعى كطواف القدوم والعمرة وطواف الزيارة على تقدير تأخير السعى .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۸۲ ، ۱۸۳) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۹۹) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى صفة الابتداء بالحجر الأسود ، و: (ص: ۱۰۶) فصل : فى الأخذ فى الطواف وكيفية أدائه ، ط: إدارة القرآن .

🗀 شامى : (۴۹۵/۲) كتاب الحج ، مطلب فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۲) وإنّما كره أخذها من عند الجمرة ؛ لأنّها مردودة لحديثٍ رواه الدار قطنى والحاكم وصححه عن أبى سعيد الخدرى رضى اللّٰه تعالىٰ عنه : من قبلت حجته دفعت جمرته ، فيتشاء م بها . (غنية الناسک : (ص: ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى إفاضة من المشعر =

کنکریاں

مزدلفہ میں شیطان کی رمی کے لئے چنے ،مٹر یا کھجور کی گٹھلی کے دانہ کے برابر تقریباً ستر کنکریاں چن لیں ،اگر ناپاکی کا یقین ہو تو پانی سے دھوکر پاک کریں اگر مزدلفہ سے کنکریاں جمع نہیں کی جائیں گی تو بعد میں کسی دوسری جگہ سے کنکریاں حاصل کرنا مشکل ہو جائے گا۔

☆ کنکریاں مزدلفہ سے لینا مستحب ہے،اگر مزدلفہ کے علاوہ کسی اور جگہ سے کنکریاں لی جائیں گی تو ان سے بھی رمی کرنا جائز ہے،دم یا صدقہ کرنا لازم نہیں ہوگا،البتہ مستحب پر عمل کرنے سے محروم رہے گا۔(۱)

= الحرام ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن)

🗀 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى رمى جمرة العقبة ، : ط: سعيد .

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى رفع الحصى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) ويستحب أن يرفع من المزدلفة أو من قارعة الطريق سبع حصيات كحصى الخذف ، أو أكبر منها قليلاً ، والمختار قدر الباقلاء ...... وإن رفع من المزدلفة سبعين حصاة أو من قارعة الطريق فهو جائز ؛ لأنّه يجوز أخذها من أى موضع شاء إلّا من عند الجمرة والمسجد ومكان نجس ، فإن فعل جاز وكره تنزيها ، والحاصل أنّه ليس لأخذ الحصى محل مسنون عندنا حتى يلزم بتركه الإساءة ، وإن كان للسبعة منها محل مستحب وهو مزدلفة ، فلو أخذها من مزدلفة جاز بلاكراهة ...... ولو رمى بالصخرات أو بمتنجسة بيقين جاز مع الكراهة ، أمّا بدون تيقن فلايكره ؛ لأنّ الأصل الطهارة لكن يندب غسلها ليكون طهارته متيقنة . (غنية الناسک : (ص : ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص : ۳۱۳ ، ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى رفع الحصى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب فى رمى جمرة العقبة ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

کنکریاں پھینکتے وقت کیا کہے

شیطان کو ہر کنکری پھینکتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہنا سنت ہے۔(۱)

کنکریاں سات سے زیادہ مارنا

رمی کرتے وقت جان بوجھ کر سات سے زیادہ کنکریاں مارنا مکروہ ہے، اس سے بچنا چاہیے، باقی دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۲)

کنکریاں سات سے کم ماریں

''رمی ترک کردی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۳۱)

کنکریاں علیحدہ علیحدہ مارنا

شیطان کو رمی کرتے وقت سات کنکریاں علیحدہ علیحدہ مارے اگر ایک سے زائد یا ساتوں ایک دفعہ مارے تو ایک ہی شمار ہوگی اگر چہ سب الگ الگ گری ہوں، باقی چھ پوری کرنی ضروری ہوگی۔(۳)

---

(۱) (یکبّر مع کل حصاۃ ، ویدعو) فیقول : بسم اللّٰہ اللّٰہ أکبر رغمًا للشیطان ورضًا للرحمٰن ، اللّٰھم اجعلہ حجا مبرورًا وسعیًا مشکورًا وذنبًا مغفورًا . (إرشاد الساری : (ص: ۳۱۶) باب مناسک منی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۱۷۰) باب مناسک منی یوم النحر ، فصل : فی رمی جمرة العقبة یوم النحر ، مطلب : فی کیفیة وقوف الرمی ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

(۲) ولو رمٰی أکثر من سبع یکرہ إذا رماہ عن قصدٍ . (إرشاد الساری : (ص: ۳۵۳) باب رمی الجمار و أحکامه ، فصل فی شرائط الرمی و واجباته ، قبیل : وأمّا واجباته ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

🗁 منحه الخالق علی البحر : (۳۴۴/۲) کتاب الحج ، ط: سعید .

(۳) الخامس : تفریق الرمیات ، فلو رمی بسبع حصیات أو أکثر جملة واحد لایجزئه إلّا عن =

کنکریاں کتنی ہوں

سات کنکریاں پہلے دن دس تاریخ کو صرف جمرہ عقبہ پر ماری جاتی ہیں باقی گیارہ بارہ تاریخ کو سات سات کر کے اکیس اکیس کنکریاں تینوں شیطانوں کو ماری جاتی ہیں۔(۱)

کنکریاں کسی سے مروانا

☆ جو شخص بیماری یا کمزوری کی وجہ سے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے پر قادر نہیں، اور جمرات (شیطان) تک پیدل یا سوار ہو کر آنے میں سخت تکلیف ہوتی ہے تو وہ معذور ہے اور اگر اس کو جمرات تک آنے میں مرض بڑھنے یا تکلیف ہونے کا اندیشہ نہیں تو اب اس کو خود رمی کرنا ضروری ہے اور دوسرے سے رمی کرانا جائز نہیں ہے ہاں اگر سواری یا اٹھانے والا نہ ہو تو وہ معذور ہے، اور معذور دوسرے سے رمی کرا سکتا ہے جس کو معذوری نہ ہو اس کا دوسرے کے ذریعہ رمی کرانا جائز نہیں ہے۔

= واحدة ولو وقعت متفرقة عند الأربعة .... (غنیة الناسک : (ص: ۱۸۷) باب رمی الجمار ، فصل : فی شرائط الرمی ، ط: إدارة القرآن)

🗁 فإن رمی إحدی الجمار بسبع حصیات دفعة واحدة فھی عن واحدة ویرمی ستة أخریٰ ؛ لأنّ التوقیف ورد بتفریق الرمیات فوجب اعتبارہ . (بدائع الصنائع : (۱۵۸/۲) کتاب الحج ، فصل: وأمّا بیان سنن الحج ، ط: سعید)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۴۶) باب رمی الجمار وأحکامه ، فصل : فی أحکام الرمی و شرائطه ، و واجباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۱) أیّام الرمی أربعة : فالیوم الأوّل : نحر خاص ، ولایجب فیه إلّا رمی جمرة العقبة ، والیومان بعدہ نحر وتشریق ، ویجب فیھما رمی الجمار الثلاث ، والرابع تشریق ، ویجب فیه رمی الجمار الثلاث إن لم ینفر قبل طلوع فجرہ .... (إرشاد الساری : (ص: ۳۳۳) باب رمی الجمار وأحکامه ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۱۸۰) باب رمی الجمار ، فصل : فی أیّام الرمی ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۵۲۱/۲ ، ۵۲۲) کتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرات الثلاث ، ط: سعید.

Baitul-Ammar

بہت سارے مالدار آرام پسند لوگ صرف ہجوم کی وجہ سے دوسرے کو کنکریاں دے دیتے ہیں ان کی رمی نہیں ہوتی ،البتہ سخت ہجوم میں ضعیف وکمزور لوگ پھنس جاتے ہیں، گو چلنے سے معذور نہیں، لہذا ان کے لئے رات کو رمی کرنا افضل ہے۔(۱)

☆مزید ''خواتین کا کسی سے کنکریاں مروانا'' عنوان کو دیکھیں۔

کنکریاں کن چیزوں کی ہوں

☆رمی پتھر، مٹی کے ڈھیلے، گارے کے گولے اور گیرو، چونہ، ہڑتال اور سرمہ ،خال اور ریت سے جائز ہے۔

☆لکڑی، عنبر، موتی، سونا، چاندی، فیروز، یاقوت اور مینگنی سے جائز نہیں۔(۲)

---

(۱) السادس : أن يرمى بنفسه ، فلايجوز النيابة فيه عند القدرة ، وتجوز عند العذر ، فلو رمى عن مريض بأمره ، أو مغمى عليه ولو بغير أمره أو صبى أو معتوه أو مجنون جاز ، و الأفضل أن توضع الحصاة فى أكفهم فيرمونها ، أو يرمونه بأكفهم ، ولو رمى عنهم يجزئهم ذٰلک ، ولايعاد إن زال العذر فى الوقت ولافدية عليهم ...... وحد المريض أن يصير بحيث يصلى جالسًا ؛ لأنّه لايستطيع الرمى راكبا ولا محمولاً ، أمّا لأنّه تعذر عليه الرمى أو يلحقه بالرمى ضرر ، فإن كان مريض له قدرة على حضور الرمى محمولاً ويستطيع الرمى كذلک من غير أن يلحقه ألم شديد ، ولا يخاف زيادة المرض ولا بطء البرء لايجوز النيابة عنه إلَّا أن لايجد من يحمله ...... والرجل والمرأة فى الرمى سواء ، إلَّا أن رميها فى الليل أفضل .... (غنية الناسک : (ص: ۱۸۷، ۱۸۸) باب رمى الجمار ، فصل : فى شرائط الرمى ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۴۹) باب رمى الجمار وأحكامه ، فصل : فى أحكام الرمى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 بدائع الصنائع : (۱۳۷/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا تفسير رمى الجمار ، ط: سعيد .

(۲) السابع : أن يكون الحصى من جنس الأرض ، حجرًا كان أو غيره فيجوز بالمدر وخلق الآجر، والطين والنورة ، والمغرة ، والملح الجبلى ، والكحل ، والبريت ، والزرنيخ ، والمردارسنج ، وقبضة من تراب وبالأحجار أفضل ، ولايجوز بالذهب والفضة والحديد والعنبر واللؤلؤ والمرجان ، والجواهر ، وهى كبار اللؤلؤ ، والخشب والبعرة ؛ لأنّها ليست من أجزاء الأرض ...... وقيل : يقيد بما يقع الاستهانة برميه فلايجوز بالأحجار النفيسة . (غنية الناسک :=

کنکریاں کیسی ہوں

☆مزدلفہ سے کنکریاں کھجور کی گٹھلی یا چنے اور لوبیے کے دانے کے برابر اٹھا نا رمی کرنے کے لئے مستحب ہے، کسی بھی پاک جگہ سے یا راستے سے بھی اٹھانا جائز ہے ،مگر جمرے یعنی شیطان کے قریب سے اٹھانا مکروہ ہے، اس لئے وہاں سے نہ اٹھائے تاہم اگر کسی نے وہاں سے اٹھا کر رمی کی تو کراہت تنزیہی کے ساتھ ہو جائے گی۔(۱)

= (ص: ۱۸۸) باب رمى الجمار ، فصل ؛ فى شرائط الرمى ، السابع ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۵۰) باب رمى الجمار وأحكامه ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۴/۲) كتاب الحج ، مطلب فى رمى جمرة العقبة ، ط: سعيد .

(۱) وإنّما كره أخذها من عند الجمرة ؛ لأنّها مردودة لحديثٍ رواه الدار قطنى والحاكم وصححه عن أبى سعيد الخدرى رضى اللّٰه تعالىٰ عنه : من قبلت حجته دفعت جمرته ، فيتشاء م بها . (غنية الناسک : (ص: ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى رمى جمرة العقبة ، : ط: سعيد .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى رفع الحصى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 ويستحب أن يرفع من المزدلفة أو من قارعة الطريق سبع حصيات كحصى الخذف ، أو أكبر منها قليلاً ، والمختار قدر الباقلاء ...... وإن رفع من المزدلفة سبعين حصاة أو من قارعة الطريق فهو جائز ؛ لأنّه يجوز أخذها من أى موضع شاء إلَّا من عند الجمرة والمسجد ومكان نجس ، فإن فعل جاز وكره تنزيها ، والحاصل أنّه ليس لأخذ الحصى محل مسنون عندنا حتى يلزم بتركه الإساءة ، وإن كان للسبعة منها محل مستحب وهو مزدلفة ، فلو أخذها من مزدلفة جاز بلاكراهة ...... ولو رمى بالصخرات أو بمتنجسة بيقين جاز مع الكراهة ، أمّا بدون تيقن فلايكره ؛ لأنّ الأصل الطهارة لكن يندب غسلها ليكون طهارته متيقنة . (غنية الناسک : (ص : ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصى من المزدلفة وقدر الحصى ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص : ۳۱۳ ، ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فى رفع الحصى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) كتاب الحج ، مطلب فى رمى جمرة العقبة ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

☆ بڑے پتھر کو توڑ کر چھوٹی کنکریاں بنانا مکروہ ہے، اور بڑے بڑے پتھروں سے رمی کرنا مکروہ ہے تاہم اگر کسی نے بڑے بڑے پتھر سے رمی کی تو کراہت کے ساتھ جائز ہوگا۔(۱)

کنکریاں مارنے کا صحیح مقام

☆ منی میں تین مقام ہیں جن پر وسیع وعریض دیوار بنا کر چاروں طرف نشان لگا دیا گیا ہے یعنی دیوار کے چاروں طرف حوض سا بنا دیا گیا ہے، اوران تینوں جگہ کو جمرات یا جمار کہتے ہیں، عام طور پر لوگ ان دیواروں کو ''شیطان'' سمجھتے ہیں ،اوران ہی میں کنکریاں مارتے ہیں۔

''جمار'' یعنی دیوار کے نیچے کنکری پھینکنے کی جگہ اورنشان نما حوض کے اندر کی زمین ہے، اس لئے کنکریاں دیوار پر نہ مارنا چاہئے بلکہ اسی جگہ پر مارنی چاہئے جہاں کنکریاں جمع ہوتی ہیں، اگر ''دیوار'' پر کنکری ماری اور وہ نیچے گرگئی تو رمی ہو جائے گی ،اوراگر ''دیوار'' سے نیچے نہ گری بلکہ واپس آ گئی تو رمی نہیں ہوگی۔

☆ کنکری کا جمرہ (دیوار) پر لگنا ضروری نہیں ہے، اگر کنکری جمرہ کے قریب (حوض کے اندر) گرگئی تو بھی جائز ہے اورقریب کی حد دیوار کا احاطہ ہے جو ہر جمرہ کے گرد (حوض نما) بنا دیا گیا ہے، اور جو کنکری احاطہ میں نہ گری تو اس کی جگہ دوسری کنکری مارے۔(۲)

---

(۱) ویکره أن یأخذ حجرًا کبیرًا فیکسره صغارًا ...... ولو رمی بالصخرات أو بمتنجسة بیقین جاز مع الکراهة . (غنیة الناسک : (ص: ۱۶۸ ، ۱۶۹) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصی ...... ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدرمع الرد : (۵۱۵/۲) کتاب الحج ، مطلب فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۱۴) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی رفع الحصی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۲) الثالث: وقوع الحصی بالجمرة أو قریبًا منها ، والجمرة موضع الشاخص لا الشاخص ، فإنّه =

کنکریاں مارنے کا وقت

☆ پہلے دن دسویں ذی الحجہ کو صرف آخر میں بڑے شیطان کی رمی کی جاتی ہے اس کا وقت صبح صادق سے شروع ہو جاتا ہے مگر سورج طلوع ہونے سے پہلے رمی کرنا سنت کے خلاف ہے، اس کا مسنون وقت سورج طلوع ہوے سے لے کر زوال تک ہے، زوال سے غروب تک بلا کراہت جواز کا وقت ہے اورغروب سے اگلے دن کی صبح صادق تک کراہت کے ساتھ جائز ہے لیکن اگر کوئی عذر ہو تو غروب کے بعد بھی بلا کراہت جائز ہے۔(۱)

= علامة للجمرة ، فلو وقع بعید منها ، وإن وقع فی الشاخص لایجزئه والحاصل : أنّه لو وقع علی أحد جوانب الشاخص أجزأه للقرب ولو وقع علی قبة الشاخص ولم ینزل عنها لایجزئه للبعد وقدر القریب بثلاثة أذرع والبعید بما فوقها ...... قال فی النخبة : محل الرمی هو الموضع الّذی علیه الشاخص وما حوله ، لا الشاخص ، ومثله فی البحر : وقال :الشافعیة : الجمرة مجتمع الحصی لا ما سال من الحصی ولا الشاخص ، ولا موضع الشاخص وقدروا مجتمع الحصی بثلاثة أذرع ، قالوا : ولو کان فی الشاخص طاق فاستقرت الحصاة فیه لم یجز ...... (غنیة الناسک : (ص: ۱۸۶ ، ۱۸۷) باب رمی الجمار ، فصل: فی شرائط الرمی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۴۵ ، ۳۴۶) باب رمی الجمار وأحکامه ، فصل : فی أحکام الرمی و شرائطه و واجباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۳/۲) کتاب الحج ، مطلب فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید .

(۱) أوّل وقت جواز الرمی فی الیوم الأوّل ...... یدخل بطلوع الفجر الثانی من یوم النحر ...... فلایجوز قبله ، وهٰذا وقت الجواز مع الإساء ة أی لترک السنة من غیر ضرورة ، وآخر الوقت أی وقت أدائه طلوع الفجر الثانی من غده وهو الیوم الثانی من الأیّام ، والوقت المسنون فیه أی فی الیوم الأوّل بطلوع الشمس ویمتد إلی الزوال ، و وقت الجواز بلا کراهة من الزوال إلی الغروب ، ...... و وقت الکراهة مع الجواز من الغروب إلی طلوع الفجر الثانی من غده ولو أخره إلی اللیل کره إلاَّ فی حق النساء وکذا حکم الضعفاء ، ولایلزمه شیئ أی من الکفارة ، لکن یلزمه الإساء ة لترکه السنة وإن کان بعذر لم یکره أی تأخیره .... (إرشار الساری : (ص: ۳۳۳) باب رمی الجمار وأحکامه ، فصل: فی وقت رمی جمرة العقبة یوم النحر ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۵۱۵/۲) کتاب الحج ، مطلب فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید . =

Baitul-Ammar

☆ گیارہویں اور بارہویں کی رمی کا وقت زوال کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور آفتاب غروب ہونے تک بلا کراہت اور غروب سے صبح صادق تک کراہت کے ساتھ جائز ہے، موجودہ دور میں ہجوم ورش کی وجہ سے غروب سے پہلے رمی نہ کر سکے تو غروب کے بعد بلا کراہت جائز ہے۔(۱)

☆ تیرہویں تاریخ کی رمی کا مسنون وقت تو زوال کے بعد ہے، لیکن صبح صادق کے بعد زوال سے پہلے اس دن کی رمی کرنا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کراہت کے ساتھ جائز ہے۔(۲)

= غنية الناسک : (ص: ۱۸۱) باب رمی الجمار ، فصل : فی أوقات الرمی فی الأيّام الأربعة ، ط: إدارة القرآن .

(۱) ووقت رمی الجمار الثلاث فی اليوم الثانی والثالث من أيّام النحر بعد الزوال فلايجوز أی الرمی قبله أی قبل الزوال فيهما فی المشهور أی عند الجمهور ...... والوقت المسنون فی اليومين يمتد من الزوال إلی غروب الشمس ، ومن الغروب إلی طلوع الفجر وقت مكروه ، أی اتّفاقًا .... (إرشاد الساری : (ص: ۳۳۴، ۳۳۹) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی وقت الرمی فی اليومين أی المتوسطين ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

ولو لم يرمی يوم النحر أی اليوم الأوّل أو الثانی أو الثالث رماه فی الليلة المقبلة أو الآتية ، ولا شيئ عليه سوی الإساءة أی لتركه السنة إن لم يكن بعذر أی ضرورة . (إرشاد الساری : (ص: ۳۴۰) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی وقت الرمی فی اليوم الرابع من أيّام الرمی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۸۱) باب رمی الجمار ، فصل : فی أوقات الرمی فی الأيّام الأربعة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/ ۵۲۰ ، ۵۲۱) كتاب الحج ، مطلب فی رمی الجمرات الثلاث ، ط: سعيد.

(۲) وقته من الفجر إلی الغروب أی وليس يتبعه ما بعده من الليل بخلاف ما قبله من الأيّام والمراد وقت جوازه فی الجملة ، إلّا أن ما قبل الزوال وقت مكروه ، وما بعده مسنون ، وفی البدائع : مستحب ، ولم يذكر الكراهة قبله ، وهٰذا عند الإمام . (إرشاد الساری : (ص: ۳۴۰) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی وقت الرمی فی اليوم الرابع من أيّام الرمی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۸۱) باب رمی الجمار ، فصل : فی أوقات الرمی فی الأيّام الأربعة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/ ۵۲۰ ، ۵۲۱) كتاب الحج ، مطلب : فی رمی الجمرات الثلاث ، ط: سعيد.

کنکریاں منی سے اٹھا کر مارنا

''منی سے اٹھا کر کنکریاں مارنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۴/ ۱۶۱)

کنکری دسویں ذی الحجہ کو مغرب کے وقت مارنا

''دسویں ذی الحجہ کو مغرب کے وقت رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/ ۲۷۳)

کنکری شیطان سے دور گرنے کی مقدار

☆ رمی کے دوران کنکری شیطان کے بالکل قریب گری تو بھی جائز ہے، اور اگر دور گرے تو صحیح نہیں، اور تین ہاتھ کی مقدار دور ہے اور اس سے کم مقدار قریب ہے۔(۱)

کنکری شیطان کے قریب گرنے کی مقدار

''کنکری شیطان سے دور گرنے کی مقدار'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/ ۳۲۵)

کنکری کس ہاتھ سے مارے

سیدھے ہاتھ سے کنکری مارنا مسنون ہے، ثواب زیادہ ملتا ہے اس لئے جب تک سیدھے ہاتھ سے رمی کرنا ممکن ہے سیدھے ہاتھ سے کرے، اگر سیدھے ہاتھ

---

(۱) الثالث وقوع الحصی بالجمرة أو قريبًا منها ، والجمرة موضع الشاخص لا الشاخص ، فإنّه علامة للجمرة فلو وقع بعيدًا منها ، وإن وقع فی الشاخص لايجزيه ، ...... وقدر القرب بثلاثة أذرع ، والبعيد بما فوقها ، ...... وفی الجوهرة : ثلاثة أذرع بعيد و مادونه قريب ، هٰذا حكاه فی اللباب ، قبيل ، لكن جزم فی الدر . (غنية الناسک : (ص: ۱۸۶) باب رمی الجمار ، فصل : فی شرائط الرمی ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۳۴۵) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی شرائط الرمی و واجباته ، الأوّل : وقوع الحصٰی بالجمرة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۲/ ۱۵۳) كتاب الحج ، ، مطلب فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

سے رمی کرنا مشکل ہے تو الٹے ہاتھ سے رمی کرے۔(۱)

کنکری کو کیسے پکڑے

شیطان کو رمی کرتے ہوئے کنکری جس طرح چاہیں پکڑ کر مار سکتے ہیں، رمی ہوجائے گی البتہ کنکری کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑنا مستحب ہے، اور رمی کے وقت ہاتھ اتنا اونچا کرنا کہ بغل کی سفیدی نظر آئے مستحب ہے۔(۲)

کنکریوں کو دھونا مستحب ہے

کنکریوں کو دھو کر مارنا مستحب ہے اگرچہ پاک جگہ سے اٹھائی ہوں اور جو کنکریاں یقیناً ناپاک ہوں ان کو مارنا مکروہ ہے، اور شک کا اعتبار نہیں ہے، اور ناپاک جگہ کی کنکریاں یقیناً ناپاک ہوں ان کا مارنا مکروہ ہے، اور شک کا اعتبار نہیں اور ناپاک جگہ کی کنکریوں سے رمی کرنا مکروہ ہے اس لئے ناپاک جگہ سے کنکریاں نہ اٹھائی جائیں۔(۲)

---

(۱) وکیفیة الرمی ...... أن یضع الحصاة علی ظهر إبهامه الیمنی ویستعین علیها أی علی رمیها بالمسجة، أی بإمساكها، وقیل: یأخذ بطرفی إبهامه وسبابته الأولیٰ مسبحته وهو الأصح؛ لأنّه الأیسر والمعتاد عند الأکثر، وهٰذه کله بیان الأولویة وأمّا الجازفلایتقید بهیئة أی کیفیة دون أخریٰ، بل یجوز کیف ما کان ...... ویستحب الرمی بالیمنی أی وحدها ویرفع یده حتی یری بیاض إبطه.

(إرشاد الساری: (ص: ۳۱۶، ۳۱۷) باب مناسک منی، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۱۷۰) باب مناسک منی یوم النحر، فصل: فی رمی جمرة العقبة یوم النحر، مطلب فی کیفیة الرمی، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/ ۵۱۳) کتاب الحج، مطلب: فی رمی جمرة العقبة، ط: سعید.

(۲) ویجوز أخذها من کل موضع أی بلا کراهة إلّا من عند الجمرة ...... ومکان نجس فإن فعل أی کلا منها جاز وکره ...... ولو رمی کبارًا أو نجسًا جاز مع الکراهة وندب غسلها أی یستحب أن یغسل الحصاة مطلقًا. (إرشاد الساری: (ص: ۳۱۴) باب أحکم المزدلفة، فصل: فی رفع الحصی، قبیل: باب مناسک منی، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

1 لأنّه یجوز أخذها من أی موضع شاء، إلّا من عند الجمرة والمسجد ومکان نجس، فإن فعل =

کھڑے ہوکر آب زم زم پینا

’’آب زم زم کھڑے ہوکر پینا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۷۳)

کنگھی کرنا

احرام کی حالت میں کنگھی کرنا جائز ہے لیکن اگر کنگھی کرنے کی وجہ سے بال گر جائیں تو صدقہ کرنا چاہئے، تین بال تک ہر بال کے بدلے میں ایک مٹھی گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرے اور اگر تین بال سے زائد ہیں تو ایک صدقۂ فطر کے برابر گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرے۔(۱)

کوا

’’موذی جانور‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۴/۲۱۱)

= جاز، وکره تنزیهًا ...... ولو رمی بالصخرات أو بمتنجسة بیقین جاز مع الکراهة، أمّا بدون تیقن فلا یکره؛ لأنّ الأصل الطهارة، لکن یندب غسلها لیکون طهارتها متیقنة. (غنیة الناسک: (ص: ۱۶۸، ۱۶۹) باب أحکام المزدلفة، فصل: فی إفاضة من المشعر الحرام، ...... قبیل: باب مناسک منی یوم النحر، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد: (۲/ ۵۱۵) کتاب الحج، مطلب فی رمی جمرة العقبة، ط: سعید.

(۱) ولایتقی ختانا وفصدًا وحجامة وقلع خرسه وجبر کسر، وحک رأسه وبدنه لکن برفق ان خاف سقوط شعره أو قملة الدر المختار. وفی الشامیة (قوله: یتصدق بشیئ) أی کتمرة وکسرة خبز. (شامی: (۲/ ۴۹۱) کتاب الحج، مطلب فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم، ط: سعید)

ولو أخذ شیئًا من رأسه أو لحیته أو لمس شیئًا من ذٰلک فانتشر منه شعرة فعلیه صدقة لوجود الاتفاق بإزالة التفث. (بدائع الصنائع: (۲/ ۱۹۳) کتاب الحج، فصل وأمّا یجری مجری الطیب، ط: سعید)

إرشاد الساری: (ص: ۴۶۴) باب الجنایات وأنواعها، النوع الثالث: فی الحلق وإزالةالشعر، وقلم الأظفار، فصل: فی سقوط الشعر، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

Baitul-Ammar

کھانا پینا سعی میں

سعی کے دوران کھانا پینا مباح ہےاور خرید وفروخت کرنا مکروہ ہے۔(۱)

کھانا طواف کے دوران

’’طواف کے دوران کھانا‘‘عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۲/۳)

کیپ (CAP)

’’ٹوپی‘‘عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۰۵/۱)

---

(۱) فصل فی مباحاته: الکلام أی الکلام المباح الّذی لاتشغله لما سیأتی ...... والأکل والشرب،...... فصل فی مکروهاته : الرکوب من غیر عذر ...... والبیع والشراء والحدیث إذا کان یشغله ......(إرشاد الساری : (ص: ۲۵۵ ، ۲۵۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی مباحاته ، و فصل : فی مکروهاته ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)
الدر مع الرد : (۴۹۷/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعید)
غنیة الناسک : (ص: ۱۳۵ ، ۱۳۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فی مباحاته ، و فصل : فی مکروهاته ، ط: إدارة القرآن .

گ

گائے

احرام کی حالت میں گائے ذبح کرنا ،پکانا اور کھانا جائز ہے،اس سے دم واجب نہیں ہوتا۔(۱)

گردن پہ پٹی

اگرکسی آدمی کی گردن کی ہڈی میں تکلیف ہونے کی وجہ سے ڈاکٹروں نے علاج کیلئے پلاسٹک سے تیارکیاہواایک خاص قسم کا کالراستعمال کرنے کے لئے دیا ہے (اورکبھی یہ اسفنج کا بھی ہوتا ہےاورپرسلائی بھی ہوتی ہےاورکبھی اوپرسلاہوا کپڑا بھی ہوتا ہے)توحج اورعمرہ کےاحرام کی حالت میں ایسی پٹی گردن پر پہننا جائز ہے،دم یاصدقہ دینالازم نہیں ہے، کیونکہ یہ چیزیں لباس کےطور پراستعمال نہیں ہوتی ہیں۔(۱)

گردن ڈھانکنا

☆احرام کی حالت میں گردن پر کپڑا ڈالنے میں کوئی حرج نہیں۔

---

(۱) وأن یذبح الإبل والبقر والغنم والدجاج والبط الأهلی . (غنیة الناسک : (ص: ۹۳) باب الإحرام ، فصل : فی مباحات الإحرام ،ط : إدارة القرآن)
إرشاد الساری : (ص: ۱۷۶) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، الإمدادیة ، مکّة المکرّمة.
الدر مع الرد (۵۷۱/۲) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .
(۲) والحرام من لبس المخیط اللبس المعتاد ، وهو أن لایحتاج فی حفظه عند الاشتغال بالعمل إلی تکلّف . (غنیة الناسک : (ص: ۸۶ ۹ باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام، ط: إدارة القرآن)
إرشاد الساری : (ص: ۱۶۶) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .
شامی : (۴۸۹/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ،ط : سعید .

Baitul-Ammar

☆ احرام کی حالت میں گردن کو رومال اور چادر وغیرہ سے ڈھانپنا جائز ہے۔(۱)

گردن کے بال

احرام کی حالت میں پوری گردن کے بال صاف کرنے سے دم دینا لازم ہوگا۔(۲)

گرگٹ

''موذی جانور'' عنوان کو دیکھیں۔(۴/۲۱۱)

گرم چادر

سردی کے وقت احرام کے دوران گرم چادر اوڑھنا جائز ہے، البتہ مرد سر اور چہرہ پر چادر لگنے نہ دیں اور خواتین صرف چہرہ پر چادر نہ لگائیں۔

احرام کی حالت میں سردی کی وجہ سے گرم چادر استعمال کرسکتا ہے، مگر سر

---

(۱) فجاز تغطية اللحية ما دون الذقن وأذنيه وقفاه وهو وراء العنق . (غنية الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط:إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۷۵) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 البحر الرائق : (۸/۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲) ولو حلق الرقبة كلها فعليه دم أی أتّفاقًا ولو حلق بعضها فصدقة . (إرشاد الساری : (ص: ۴۶۲) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثالث : فی الحلق وإزالة الشعر وقلم الأظفار ، فصل : فی الشارب والرقبة ...... ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۵۷) باب الجنايات ، الفصل الرابع : فی الحلق وإزالة الشعر ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۴۹) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

ڈھانک نہیں سکتا۔(۱) (اور جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا ہو اس کا پہننا احرام کی حالت میں جائز نہیں ہے۔)

گرہ

☆ احرام کی چادر میں گرہ دے کر گردن پر باندھنا، چادر اور تہبند میں گرہ لگانا مکروہ ہے۔(۲)

گفٹ دینے پر قادر نہ ہونے کی وجہ سے حج پر نہ جانا

''ہدیہ دینے پر قادر نہ ہونے کی وجہ سے حج پر نہ جانا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

گفٹ کی رقم سے حج کرنا

''ہدیہ کی رقم سے حج کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴/۱۲۲)

گلے میں ہار ڈالنا

حاجی کے گلے میں ہار وغیرہ ڈالنا سنت کے خلاف ہے اس لئے اس کو ترک کرنا چاہئے، اگر اس سے حاجی کے دل میں عجب پیدا ہو جائے گا تو حج ضائع ہونے

---

(۱) (وإلقاء القباء) ثوب مشهور (والعباء) ، كساء معروف (والفروة) وكذا اللّباد (عليه) أی على نفسه (بلا إدخال منكبيه) . (إرشاد الساری : (ص: ۱۷۴) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 وأيضًا فيه: و تغطية الرأس أی كله أو بعضه لكنه فی حق الرجل، والوجه أی للرجل والمرأة...... (إرشاد الساری: (ص: ۱۶۷) باب الإحرام، فصل فی محرمات الإحرام، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل: فی محرمات الإحرام ،ط : إدارة القرآن .

🗁 البحر العميق : (۲/ ۷۰۱) الباب السابع : فی الإحرام ، الفصل السابع : مايحرم على المحرم ومايباح له ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة.

(۲) وعقد الإزار والرداء بأن يربط طرف أحدهما بطرفه الآخر، وأن يخلله بخلال أو يشده بحبل ونحوه. (غنية الناسک: (ص: ۹۱) باب الإحرام، فصل فی مكروهات الإحرام، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۱۶۹ ، ۱۷۰) باب الإحرام، فصل فی مكروهاته، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

🗁 البحر العميق: (۲/ ۷۰۱) الباب السابع: فی الإحرام، الفصل السابع: فی مايحرم على المحرم ومايباح له، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة.

Baitul-Ammar

کا خطرہ ہوگا۔(۱)

گناہ سے نہ بچے

''حج کے بعد گناہ سے نہ بچے'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۹۸/۲)

گنبدِ خضراء (کانور)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک جس حجرہ شریفہ میں ہے پہلے اس پر کسی قسم کا گنبد نہ تھا، بلکہ مسجد کی چھت اور حجرہ مبارکہ کی چھت، بالکل مشترک اور برابر ملی ہوئی تھی۔

۶۵۴ھ/۱۲۵۶ء میں مدینہ منورہ میں ہونے والی پہلی آتشزدگی کے واقعہ کے بعد کسی وقت حجرہ شریفہ کی چھت پر پہلی مرتبہ تقریباً ایک میٹر اونچی اینٹوں کی دیوار بنائی گئی تاکہ مسجد کی باقی چھت سے حجرہ شریفہ کی چھت الگ دکھائی دے۔

پھر سب سے پہلے ۶۷۸ھ/۱۲۷۹ء میں الملک المنصور قلاوون صالحی کے عہد میں حجرہ مبارکہ پر لکڑی کا گنبد (قُبَّہ) بنایا گیا، گنبد نیچے سے مربع (چوکور) اور اوپر سے مثمن (آٹھ گوشوں والا) تھا، اور اس کے اوپر لکڑی کی تختیاں لگا کر سیسہ کی چادریں لگائی گئی تھیں اور اس پر زرد رنگ کرایا گیا تھا۔

حجرہ شریفہ کی چھت پہلے لکڑی کی تھی، ۸۸۱ھ میں ملک اشرف قائتبائی نے حجرہ شریفہ کی لکڑی کی چھت ختم کر کے اس کی جگہ ایک چھوٹا سا نفیس قبہ (گنبد) منقش پتھروں اور سفید سنگ مرمر کا بنوا دیا، اس گنبد کی بلندی تقریباً نو میٹر تھی۔

---

(۱) یجب أوّلاً علی من أراد الحج إخلاصه للّٰه تعالیٰ، فإنّه سبحانه لایقبل إلاّ الخالص لوجهه الکریم، فیصحّح قصده، ویخلص نیته، ویجردها عن الریاء والسمعة، ولیحذر عن دقائق غرور النفس من حبها مدح النّاس إیّاه و تسمیتهم له بالعابد وغیر ذٰلک ...... (إرشاد الساری: (ص: ۷) مقدّمة: فی آداب مرید الحج، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۳۶) باب ماینبغی لمرید الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن.

۸۸۶ھ/۱۴۸۱ء میں مدینہ منورہ میں ہونے والی دوسری آتشزدگی کی وجہ سے مسجد نبوی شریف اور گنبد نذرِ آتش ہو گئے تھے تو از سر نو مضبوط اینٹوں کا گنبد بنانے کا فیصلہ کیا گیا، چنانچہ حجرہ مبارکہ کے دائیں بائیں دو نئے ستون تعمیر کئے گئے، اور ان پر گنبد بنایا گیا، اتفاق سے گنبد کے تعمیر ہوتے ہی اس کے اوپر کے حصہ میں دراڑیں پڑ گئیں جو قابل مرمت نہ تھیں تو ملک اشرف قائتبائی نے انجینئر شجاعی شاہین جمالی کے ذریعہ گنبد از سر نو تعمیر کرایا، اور نیچے والا چھوٹا گنبد جو لکڑی کی چھت کی جگہ بنایا گیا تھا وہ بھی برقرار رکھا گیا، گویا دو گنبد ہو گئے، ایک چھوٹا گنبد اور ایک اس کے اوپر بڑا گنبد جو نئے ستون بنا کر ان پر تعمیر کیا گیا تھا۔

بعد ازاں ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء میں سلطان سلیم عثمانی نے نہایت خوبصورت گنبد بنوایا، اسے رنگین پتھروں سے سجایا، ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۸ء میں بڑے گنبد کے اوپر کے حصہ میں پھر دراڑیں پڑ گئیں تو سلطان محمود بن سلطان عبدالحمید خان کے حکم پر از سر نو انتہائی مضبوطی سے بنایا گیا، اور دورانِ تعمیر نہایت ادب و احترام کا لحاظ رکھا گیا کہ نہ کوئی چیز حجرہ مبارکہ کے اندر گری اور نہ نیچے والا چھوٹا گنبد متأثر ہوا، نچلے گنبد اور عین اس کے اوپر گنبد خضراء میں قبلہ کی جانب سے ایک جالی دار سوراخ رکھا گیا، جس سے قبر شریف اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں رہی، سورج جس وقت اس کے اوپر سے گزرتا ہے تو اندر روشنی بھی جاتی ہے، اور بارش ہو تو اندر قطرے بھی گرتے ہیں۔

واضح رہے کہ ۶۷۸ھ سے ۱۲۵۳ء تک گنبد کا رنگ سفید تھا (جو کہ سیسہ کی ان تختیوں کا طبعی رنگ تھا جو گنبد کے اوپر لگائی گئی تھی)، اسی وجہ سے اسے ''القبة البیضاء'' (سفید گنبد) کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔

۱۲۵۳ھ میں اسی سلطان محمود عثمانی کے حکم پر ہی پہلی بار گنبد پر ''سبز'' رنگ کیا گیا، تب سے عاشقانِ رسول اس بے نظیر گنبد کو ''گنبد خضراء'' (القبة الخضراء) کے

Baitul-Ammar

نام سے یاد کرتے ہیں۔ موسمی تغیرات کی وجہ سے رنگ پھیکا بڑ جائے تو دوبارہ سبز رنگ کر دیا جاتا ہے۔

اس سبز گنبد سے نور پھوٹتا ہوا محسوس ہوتا ہے، جو اطراف و اکناف کو روشن کرتا ہے، مسلمان جہاں کہیں بھی ہو اس کی سب سے بڑی تمنا اور آرزو یہی ہوتی ہے کہ گنبد خضراء کو ایک نظر دیکھ لے، خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنہیں بار بار اسے دیکھنے کی سعادت نصیب ہوتی ہے۔ (۱) (بحوالہ مسجد نبوی شریف، تاریخ، آداب و فضائل بتغییر و اضافات)

---

(۱) لم تكن على الحجرة المطهرة قبة وكان فى سطح المسجد على مايوازى الحجرة حظيرة من الآجر بمقدار نصف قامة تمييزًا للحجرة عن بقية سطح المسجد . والسلطان قلاوون الصالحى هو أوّل من أحدث على الحجرة الشريفة قبة فقد عملها سنة ٦٧٨ھ مربعة من أسفلها مثمنة من أعلاها بأخشاب أقيمت على رؤوس السوارى المحيطة بالحجرة وسمر عليها ألواحًا من الخشب وصفحها بألواح الرصاص وجعل محل حظير الآجر حظيرًا من خشب .

وجددت القبة زمن الناصر حسن بن محمد قلاوون ثم اختلت ألواح الرصاص عن موضعها وجددت وأحكمت أيّام الأشرف شعبان بن حسين بن محمد سنة ٧٦٥ھ وحصل بها خلل وأصلحت زمن السلطان قايتباى سنة ٨٨١ھ .

وقد احترقت المقصورة والقبة فى حريق المسجد النبوى الثانى سنة ٨٨٦ھ وفى عهد السلطان قايتباى سنة ٨٨٧ھ جددت القبة وأسست لها دعائم عظيمة فى أرض المسجد النبوى وبنيت بالآجر بارتفاع متناه وقد حصل بين الجدار الشرقى للمسجد وبين الدعائم المجدثة ضيق فهدم جدار المسجد الشرقى وزحف به إلّا البلاط ناحية مصلى الجنائز بمقدار ذراع و نصف ولم يسقط شئ من حريق القبة على الحجرة الشريفة فقد كانت القبة الصغرىٰ الّتى بناها قايتباى على الحجرة والقبور الشريفة مانعة لذلك . أمّا المقصورة جعلوا بها شبابيك من النّحاس من جهة القبلة وجعلوا فى أعلاها شبكة من شريط كالزود بين أخشاب متصلة بعقود الحجر المحيطة بها وجعلوا لبقية المقصورة من جهة الشمال والشرق والغرب شبابيك من الحديد بأعلاها أشراطه من النّحاس لمنع الحمام ، وزال ذلك باقيا حتى الآن .

بعد ما تم بناء القبة بالصورة الموضحة تشققت من أعاليها علما لم يجد الترميم فيها أمر السلطان قايتباى بهدم أعاليها ، وأعيدت محكمة البناء بالجبس الأبيض فتمت محكمة متقنة سنة ٨٩٢ھ بعد عدة قرون جعلت شقوق فى أعلا القبة فى زمن السلطان محمود بن عبد =

....

= الحميد العثمانى فأصدر أمره بتجديدها فهدموا أعاليها وأعادوها فى غاية الأحكام والإيقان وكان ذلك سنة ١٢٣٣ھ لاتزال على تلك الحال حتى الآن .

فى سنة ١٢٥٣ھ صدر أمر السلطان عبد الحميد العثمانى بصبغ القبة المذكورة باللون الأخضر وهو أوّل من صبغ القبة بالأخضر ثم لم تزل يجدد صبغها بالأخضر كلما احتاجت لذلك إلى يومنا هٰذا . وسميت القبة الخضراء بعد صبغها بالأخضر وكانت تعرف بالبيضاء والفيحاء والزرقاء . (فصول من تاريخ المدينة : (ص: ١٢٧ ، ١٢٨) الفصل الثالث : بيت النبى (الحجرة المطهرة) ، أوّل من أحدث القبة على الحجرة ، ط : شركة المدينة المنورة / جدة)

🗁 ولما انتقلت الخلافة إلى آل عثمان وأصبحت لهم السيطرة على الحرمين خلفوا ملوك مصر فى القيام بما يحتاج إليه المسجد النبوى ففى سنة ٩٨٠ھ عمره السطان سليم الثانى وبنى به قبة جميلة تراها غربى المنبر النبوى على حد المسجد الأصلى من الجهة القبلية وقد وشاها بالفسيفساء المنقوشة بماء الذهب ...... وفى سنة ١٢٣٣ ھ بنى السلطان محمود القبة الشريفة ثم أمر بترميمها ودهانها باللون الأخضر سنة ١٢٥٥ھ ثم كانت العمارة الكبيرة الّتى قام بها السلطان عبدا لمجيد وقد بدأت فى سنة ١٢٦٥ھ وانتهت فى سنة ١٢٧٧ھ ...... وكانت الحجرة مسقوفة بالخشب سمر بعضه فوق بعض وجعل عليه ثوب مشمع ثم أقام عليها أحمد بن البرهان عبد القوى ناظر قوص وقيل الملك المنصور قلاوون سنة ٦٧٨ھ قبة مربعة من أسفلها مثمنة من أعلاها صنعت من خشب أقيم على رؤس الأساطين المحيطة بالحجرة وسقفت بألواح منه فوقها ألواح الرصاص منعًا للمطر أن ينزل داخل الحجرة ، وهٰذه القبة مبدؤها من سقف المسجد وهو موار لسقف حجرة الرسول صلى اللّٰه عليه وسلم الّذى وصفناه والّذى احترق فى حريق المسجد الأوّل سنة ٦٥٤ھ وقد جدد القبة الملك الناصر حسن بن محمد بن قلاوون . وجدد ألواح الرصاص الأشرف شعبان ٧٦٥ھ ولما احترق المسجد للمرة الثانية جدد الاشرف قايتباى سنة ٨٨٦ھ القبة وجعل على حائط الحجرة وبناها بالحجر الأسود المنحوت بالحجر الأبيض وكانت قبل من الخشب ، وبلغ ارتفاعها من أرض الحجرة إلى مرتكز هلالها ثمانية عشر ذراعًا وربعًا ، وهٰذه القبة لايراها الآن من بأرض المسجد ؛ لأنّ الدائرة المخمس الّذى تسدل عليه الكسوة يمنع من رؤيتها ، وقد بنى قايتباى فوق هٰذه القبة أخرىٰ عظيمة اتخذلها دعائم و أساطين حول الدائر المخمس ، ولم يكد يتم بناؤها حتى تشققت أعاليها فأعيد بناؤها محكمًا بعد أن أخذلها الجبس الأبيض من مصر وكان ذلك سنة ٨٩٢ھ ، وهٰذه القبة مزينة بالنقوش الجميلة ...... وقد حدث بها شقوق فى زمن السلطان محمود بن السلطان عبد الحميد فأمر بتجديدها فهدم أعاليها وأعيد بناؤها متقنًا وذٰلك سنة ١٢٣٣ھ ثم أمر بصبغها فصبغت باللون =

Baitul-Ammar

اس تاریخی پس منظر سے یہ بات واضح ہوئی کہ چونکہ قبور مبارکہ والے حجرہ کی چھت اور مسجد نبوی شریف کی چھت مشترک تھی، لہٰذا اس مقام کے تقدس اور ادب کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسے تمام چھت سے نمایاں کرنے کے لئے ساتویں صدی ہجری میں گنبد بنایا گیا۔

لہٰذا ان معروضی حالات کو نظر انداز کر کے گنبد خضراء کو بنیاد بنا کر جگہ جگہ قبروں پر گنبد بنانا شرعاً جائز نہیں ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر کسی قسم کی عمارت بنانے سے سختی سے منع فرمایا ہے۔(ابوداود)(۱)

= نفسه الأخضر وكان لونها قبل أزرق لون الرصاص الّذى عليها ثم صارت تصبغ باللون نفسه كلما خف سابقة من تأثير الشمس ...... والحجرة تطلق فى عرف أهل المدينة على المقصورة وأبوابها تسمى أبواب الحجرة الخ وللمقصورة ستة أبواب : باب قبلى يسمى باب التوبة ، وباب شرقى يسمى باب فاطمة ، وباب غربى يطلق عليه باب الوفود ، وباب شامى يسمى باب التهجد، وبابان على يمين المثلث ويساره داخل المقصورة . (مرآة الحرمين والرحلات الحجازية (۱/۴۶۵ ، ۴۷۳ ، ۴۷۶) حرف الحاء ، حجرة الرسول صلى اللّٰه عليه وسلم) مطبع : دار الكتب المصرية بالقاهرة)

🗀 وفاء الوفاء بأخبار دار المصطفٰى : (۲/۱۵۷) الفصل السابع والعشرون : فى اتخاذ القبة الزرقاء الّتى جعلت على مايحاذى سقف الحجرة الشريفة بأعلىٰ المسجد ...... الخ ، ط: دار الكتب العلمية .

🗀 التحفة اللطيفة فى عمارة المسجد النبوى : (۳/۴۱۰) من حرف القاف ، قايتباى ، و (۳/۴۱۸) من حرف القاف ، قلاوون الصالحى ، ط: دار الثقافة .

🗀 وطول المقصورة النبوية الشريفة من ضلعها الجنوبى والشمالى ۱۶ مترًا ومن الشرقى والغربى ۱۵ مترًا . وفى زوايا الأربع أعمدة مزوية عظيمة ، بنيت من الحجر الصلد على ارتفاع السقف . وعليها ترتكز قواعد القبة الشريفة . (التاريخ القويم : (۱/۲۴۳) مقصورة قبر النبوى صلى اللّٰه عليه وسلم ، ط: دار خضر)

(۱) حدثنا ابن جريج أخبرنى ابو الزبير أنّه سمع جابرًا يقول : سمعت النبى صلى اللّه عليه وسلم نهى أن يقعد على القبر وأن يقصص وأن يبنى عليه . (سنن أبى داود : (۲/۱۰۴) كتاب الجنائز ، باب فى البناء على الفير ، ط: حقانية)

🗀 صحيح مسلم : (۱/۳۱۲) كتاب الجنائز ، فصل فى النهى عن تجصيص القبور والقعود والبناء عليه ، ط: قديمى .

🗀 سنن النسائى : (۱/۲۸۵) كتاب الجنائز ، باب البناء على القبر ، ط: قديمى . =

گنبدِ خضراء

روضۂ اقدس کے اوپر ’’گنبد حضراء‘‘ ہے، اس سبز گنبد سے نور پھوٹتا ہوا محسوس ہوتا ہے، جو اطراف و اکناف کو روشن کر رہا ہے، اس کے ساتھ ہی مینار نور ہے مسلمان دنیا میں جہاں کہیں بھی ہو، اس کی سب سے بڑی تمنا اور آرزو یہی ہوتی ہے کہ گنبد حضراء کو ایک نظر دیکھ لے، خوش نصیب ہیں وہ لوگ جنہیں بار بار اسے دیکھنے کی سعادت نصیب ہوتی ہے۔

سب سے پہلے ۶۷۸ھ میں الملک المنصور قلاوون صالحی کے عہد میں روضۂ اقدس پر گنبد (قبہ) بنایا گیا، گنبد نیچے سے مربع (چوکور) اور اوپر سے مثمن (آٹھ گوشہ والا) تھا، دیواروں کے سروں پر لکڑی کی تختیاں اور ان کے اوپر سیسے کی پلیٹیں لگائی گئی تھیں۔

۸۸۶ھ میں الملک اشرف قائت بائی نے سنقر جمالی کو مسجد کی تعمیر و مرمت کی خدمت انجام دینے کے لئے بھیجا، سنقر جمالی نے روضۂ اقدس کی دیواروں پر ایک گنبد بنایا اور اس گنبد کے اوپر ایک دوسرا گنبد بھی تعمیر کرایا، پھر اس کے بعد ایک بہت بڑا گنبد بنایا جس نے دونوں گنبدوں کو گھیر رکھا تھا، انھوں نے مسجد شریف کی مرمت کی اور چھت میں بھی چند اور گنبد تعمیر کرائے، اس وقت روضۂ اقدس کے گنبد کا رنگ سفید تھا اور اسے ’’قبۃ البیضاء‘‘ کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔

۸۸۸ھ میں سلطان قائت بائی نے روضۂ اقدس کی لکڑی کی مبارک جالیوں

= 🗀 وعن أبى حنيفة : يكره أن يبنى عليه بناء من بيت أو قبة أو نحو ذلك لما روى جابر نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن تجصيص القبور وأن يكتب عليها وأن يبنى عليها . رواه مسلم وغيره . (الشامية : (۲/۲۳۷) كتاب الصلاة ، باب صلاة الجنائز ، مطلب : فى دفن الميت ، ط: سعيد)

Baitul-Ammar

کی جگہ نئی جالیاں پیتل کی بے حد خوبصورت بنوائیں، اس میں ''ریاض الجنۃ'' کی طرف مغرب میں جو دروازہ بنوایا گیا اسے باب الرحمت یا باب الوفود کہا جاتا تھا، قبلہ کی جانب روضۂ اقدس میں جھروکہ بنوایا گیا اور ایک دروازہ بھی رکھا، مشرقی سمت والے دروازے کو باب فاطمہ اور شمالی دروازہ کو باب تہجد کہا جاتا تھا، سلطان نے روضۂ اقدس کے اس کچے فرش کو جس پر حضور سرورِ کونین رحمۃ للعالمین ﷺ کے قدم مبارک پڑ چکے تھے، تبرکاً اسی حال میں رہنے دیا۔

سلطان سلیمان رومی نے دسویں صدی ہجری کے وسط میں روضۂ اقدس کا سنگ مرمر کا فرش بنوایا جو آج تک موجود ہے، روضۂ اقدس (مقصورہ شریف) کی لمبائی شمالاً جنوباً ۱۶ میٹر یعنی تقریباً ۵۳ فٹ اور شرقاً غرباً ۱۵ میٹر یعنی تقریباً ۵۰ فٹ ہے، چاروں گوشوں میں سنگ مرمر کے بڑے بڑے ستون ہیں جن کی بلندی چھت کے برابر تک ہے۔

۹۸۰ھ میں سلطان سلیم ثانی نے روضۂ اقدس کا قابل رشک گنبد بنوایا، اسے رنگین پتھروں سے سجایا اور پھر زردوزی نے اس کے حسن کو اور اجاگر کردیا، گنبد پر سبز رنگ کردیا جب کہ پہلے گنبد کا رنگ سفید تھا، اسی دن سے عاشقان رسول ﷺ اس بے نظیر گنبد کو ''گنبد خضراء'' کے نام سے یاد کرتے ہیں۔(۱)

گنجا سر

عمرہ میں سعی کے بعد اور قران اور تمتع کرنے والے پر دسویں ذی الحجہ کو رمی اور قربانی کے بعد اور افراد کرنے والے پر رمی کے بعد حلق یا قصر کرنا لازم ہے ورنہ احرام سے باہر نہیں ہوتا اور احرام کی پابندی کرنا لازم ہوتا ہے، ورنہ خلاف ورزی کی صورت میں دم دینا واجب ہوتا ہے، اگر ایسا آدمی گنجا ہے تو اس پر بھی استرہ چلانا

واجب ہے ورنہ احرام کی پابندی سے باہر نہیں آئے گا۔(۱)

گونگا

حج یا عمرہ کا احرام باندھنے کے وقت نیت کے بعد تلبیہ پڑھنا فرض ہے، اگر گونگا زبان سے تلبیہ کا لفظ ادا نہیں کرسکتا ہے تو اس کو کم سے کم زبان ہلانی چاہئے۔(۲)

گھاس

☆ حرم کی گھاس اگر سبز ہو تو اس کو کاٹنا جائز نہیں ہے، کاٹنے کی صورت میں اس گھاس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔(۳)

---

(۱) \وشرط الخروج منه أى من إحرام العمرة والحج فى الجملة أو التقصير أى قدر ربع شعر الرأس فى وقته ، وهو باعتبار صحته : بعد طلوع الفجر فى الحج وبعد أكثر الطواف فى العمرة ، وأمّا باعتبار وجوبه فوقته بعد الرمى فى الحج وبعد السعى فى العمرة ، وأمّا باعتبار جوازه فوقته طول عمره . (إرشاد السارى : (ص: ۱۳۱) باب الإحرام ، فصل : وحكم الإحرام، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ٦٦) باب الإحرام ، فصل فى حكم الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 ويجب إجراء موسٰى على الأقرع وذى قروح أمكنه وهو المختار ، وقيل : مستحب . (غنية الناسک : (ص: ۱۷۴) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، ط: إدارة القرآن)

(۲) وشرط التلبية أن تكون باللسان ، ...... والأخرس يلزمه تحريک لسانهٖ أى إن قدر ...... وقيل : لأى لايلزمه بل يستحب أى تحريكه . (إرشاد السارى : (ص: ۱۴۳) باب الإحرام ، فصل : و شرط التلبية أن تكون باللسان ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۷۴) باب الإحرام ، فصل فى كيفية الإحرام و صفة التلبية و شرطها وسائر أحكامكا ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامى : (۲/۴۸۳) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، ط: سعيد .

(۳) عن ابن عبّاس أنّ النّبىّ ﷺ قال : ولايختلى خلاها ولايعضد شجرها ...... فقال العباس : يارسول اللّٰه ! الا الإذخر لصاعتنا و قبورنا ، قال : الا الاذخر الخ . (صحيح البخارى : (۱/۲۴۷) أبواب العمرة ، باب لاينفر صيد الحرم ، ط: قديمى)

🗁 وان احتش حشيش الحرم وهو رطب وجبت عليه قيمته ولا شيئ عليه فى أخذ اليابس هٰكذا فى شرح الطحاوى ولا يرعى حشيش الحرم ، ولا يقطع الاذخر ، ولا بأس بأخذ الكماة فى الحرم =

Batul-Ammar

☆اور اگر گھاس خشک ہو یا اذخر (ایک خوشبودار گھاس ہے) ہو یا کھمبی ہو اگر چہ سبز اور تر ہو تو ان کو کاٹنا جائز ہے۔(۱)

☆......حرم کی حدود میں گھاس کاٹنا محرم اور غیر محرم دونوں کے لئے منع ہے۔

= كذا فى الكافى . (الهندية : (۲۵۳/۱) كتاب المناسك ،باب التاسع فى الصيد ، ط: رشيديه)

ووجب بجرحه ...... وقطع حشيشه وشجره غير مملوك ولا منبت قيمته الا ماجف ...... ولا يرعى حشيشه ولايقطع الا الاذخر ولا بأس بأخذ كماته) لأنّها كالجاف . (الدر مع الرد : (۵۶۶/۲ ، ۵۶۹) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

(وإذا جنٰى على بنات الحرم) أى بقطعه أو قلعه أو رعيه (فعليه قيمته) . (إرشاد السارى : (ص: ۴۲۵)باب فى جزاء الجنايات و كفارتها ، فصل فى جزاء أشجار الحرم و نباته ، ط: حقانية)

ويحل قطع الشجرة المثمرة ؛ لأنّ أثماره أقيم مقام أنبات النّاس والإذخر رطبًا و يابسًا ، وأخذ الكمأة وماجف من الشجر والحشيش أو انكسر ولاضمان فيه . (غنية الناسك : (ص: ۳۰۴) باب الجنايات ، الفصل العاشر فى أشجار الحرم ونباته ، ط: إدارة القرآن)

(۱) عن ابن عبّاس أنّ النّبيّ ﷺ قال : ولايختلى خلاها ولايعضدها شجرها ...... فقال العباس: يارسول اللّٰه ! الا الإذخر لصاعتنا و قبورنا ، قال : الا الاذخر الخ . (صحيح البخارى : (۲۴۷/۱) أبواب العمرة ، باب لاينفر صيد الحرم ، ط: قديمى)

وان احتش حشيش الحرم وهو رطب وجبت عليه قيمته ولا شيئ عليه فى أخذ اليابس هٰكذا فى شرح الطحاوى ولا يرعى حشيش الحرم ، ولا يقطع الاذخر ، ولا بأس بأخذ الكماة فى الحرم كذا فى الكافى . (الهندية : (۲۵۳/۱) كتاب المناسك ،باب التاسع فى الصيد ، ط: رشيديه)

ووجب بجرحه ...... وقطع حشيشه وشجره غير مملوك ولا منبت قيمته الا ماجف ...... ولا يرعى حشيشه ولايقطع الا الاذخر ولا بأس بأخذ كماته) لأنّها كالجاف . (الدر مع الرد : (۵۶۶/۲ ، ۵۶۹) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

(وإذا جنٰى على بنات الحرم) أى بقطعه أو قلعه أو رعيه (فعليه قيمته) . (إرشاد السارى : (ص: ۴۲۵)باب فى جزاء الجنايات و كفارتها ، فصل فى جزاء أشجار الحرم و نباته ، ط: حقانية)

ويحل قطع الشجرة المثمرة ؛ لأنّ أثماره أقيم مقام أنبات النّاس والإذخر رطبًا و يابسًا ، وأخذ الكمأة وماجف من الشجر والحشيش أو انكسر ولاضمان فيه . (غنية الناسك : (ص: ۳۰۴) باب الجنايات ، الفصل العاشر فى أشجار الحرم ونباته ، ط: إدارة القرآن)

منی، مزدلفہ، حرم کی حدود میں داخل ہیں، یہاں کی گھاس وغیرہ کاٹنے سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

عرفات کا میدان حرم کی حدود سے باہر ہے، اس کی گھاس کاٹنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔(۱)

گھر

احرام کی حالت میں گھر کے اندر داخل ہونا، اور اس میں بیٹھنا اور سونا جائز ہے۔(۲)

گھریلو جانور

احرام کی حالت میں گھریلو جانوروں کا ذبح کرنا، پکانا اور کھانا جائز ہے البتہ

---

(۱) الأصل قوله : إنّ هٰذا البلد حرّمه اللّٰه إلى قوله ...... ولايختلى خلاها ولايعضد شجرها ، نهى عن اختلاء كل خلىٰ ، وعضد كل شجر ، فيجرى على عمومه الاّ ما خص بدليل وهو الاذخر ...... (البحر العميق : (۱۰۳۰/۲) الباب التاسع : فيما يتعلق بحرم مكّة المعظمة ، الفصل الثانى : فيما يرجع إلى النبات ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

غنية الناسك : (ص: ۳۰۳) باب الجنايات ، الفصل العاشر : فى أشجار الحرم ونباته ، ط: إدارة القرآن.

كل شجر نبت بنفسه وهو من جنس مالا ينبته النّاس أى عادة كأم غيلان ، فهٰذا محظور القطع والقلع على المحرم والحلال ...... (إرشاد السارى : (ص: ۵۳۹) باب الجنايات وأنواعها ، النوع السابع فى أشجار الحرم و نباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

وعرنة و عرفة ليستا من الحرم . (غنية الناسك : (ص: ۱۵۳) باب مناسك عرفات، فصل : فى صفة الوقوف بعرفة ، ط: إدارة القرآن)

(۲) والاستظلال ببيت (أى من داخل أو خارج) و محمل وعماريّة وفسطاط و ثوب و غيرها . (لباب مع إرشاد السارى : (ص: ۱۷۳) باب الإحرام، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۴۹۰/۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالحج ومالايحرم ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar

کبوتر کا ذبح کرنا ہر حال میں ممنوع ہے، گھریلو پالتو کبوتر کو بھی ذبح کرنا منع ہے۔(۱)

گھی

احرام کی حالت میں گھی کھانا یا لگانا جائز ہے۔(۲)

گیارہ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا

''بارہ ذی الحجہ کو زوال سے پہلے رمی کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۶۲)

گیس کا مریض طواف کیسے کرے

''ریاحی مریض طواف کیسے کرے؟'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۳۶۷)

گود لیا ہوا

''منہ بولا بیٹا'' عنوان کو دیکھیں۔(٤/١٥٥)

---

(۱) وذبح الإبل والبقر والغنم والدجاج إجماعًا ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۷٦) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۳) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: إدارة القرآن .

🗁 البحر العميق : (۲/۹۱۷) الباب الثامن : فی الجنايات و كفاراتها ، الفصل السادس ، بيان الصيد وحكمه ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

🗁 الصيد : هو الممتنع أى بقوائمه وجناحيه عن أخذه ، المتوحش من النّاس فی أصل الخلقة أی فلاعبرة بالأمر العارض من الوحشة والأنس فالظبئ والفيل والحمام يعنی ونحوها من البهائم والطيور ، والمستأنسات صيد ...... (إرشاد الساری : (ص: ۵۰۹) باب الجنايات و أنواعها ، النوع السادس : فی الصيد ومايتعلق به ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل الثامن : فی صيد البر ومايتعلق به ، ط: إدارة القرآن .

(۲) وأكل الزيت ، والشيرج واستعاطهما والتداوی بهما واقطارهما فی أذنيه ، والادهان بما سواهما من كل دهن لاطيب فيه .... (غنية الناسک : (ص: ۹۳) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۷٦) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاته ، ط: سعيد .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۴٦) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

Baitul-Ammar